حا با الف

حایک ہ سفید باف جولاہہ جو کپڑا بنتا ہے ۔

حا با بار

حبنگ ہا چہا بننا کپڑیکا اور اچہی طرح سنوارنا اور کاٹنا اور مارنا
حبنگ ہ ستارونکے چلنے کے راستے اور رابل چہلید ارو
شکن پانی کی اور زرہ اور ریگ ۔

حا با سین

حسوک ع زشت و شریر و خار و ار چیز ۔
حس مشترک ع یہ ایک حس حواس ظاہری و باطنی مین بطور وکیل کرہے
حسنک ع معرب خسک نام تخم خار دار جسکو ہندی مین گوکہرو
اور پنجابی مین جوانہہ کہتے ہین ۔

حا با کاف

حک ع چہیلنا دور کرنا گہسانا رگڑنا ۔
حکاک ع چہیلنے والا نگینہ ساز مہر کن اور نام ایک بیماریکا
جس سے سوزش پیدا ہوتی ہے ۔

حا با لام

حلک ہ سیاہی سخت ۔
حلک ع حالک سخت ۔

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین کاف ہے

خا با الف

خاشاک ف کوڑا کرکٹ کانٹے ۔
خاک ف مٹی جسکو عربی مین طین کہتے ہین ۔
خایسک ف ہتہوڑا لوہار کا جس سے لوہا کوٹتے ہین ۔

خا با جیم

خجلک ف سرداران مغل سے ایک کا نام ہے ۔

خا با دال

خدنگ ف نام درخت جسکی لکڑی سیدہی ہوتی ہے چونکہ اسکی
لکڑیکا تیر بناتے ہین اسلئے یہ لفظ تیر کے معنے سے مشہور ہوا
خدوک ع خشم و شک و خجلت و اندوہ و پریشانی و وسواس
و دغدغہ و اندیشہ و فکر ۔

خا با را

خرسنک ف لڑکون کی ایک بازیکا نام ہے ۔
خرچنگ ف نام جانور جسکو عربی مین سرطان کہتے ہین اور ہندی مین کنکیڑا کہتے ہیں
خرسنگ ف بڑا پتہر ۔

خا با سین

خسک ف نام تخم خار دار جسکو گوکہرو کہتے ہین اور خار آہنی
جو جنگ کے وقت دشمن کے گذرگاہ مین بچہا دیتے ہین ۔

خا با شین

خشمناک ف غضبناک و پر غصہ آدمی ۔
خشک ف مردم خالص بیفائدہ و بخیل و بے آب و بے رونق ۔
خشوک ف زشت و حرامزادہ و چرب زبان ۔
خشتک پارچہ چارگوشہ جو قبا کے زیر بغل اور پاجامہ
کے زیر شرمگاہ سیتے ہین ۔

خا با فا

خفتک ف مرض کابوس جو نیند مین غلبہ کرتی ہی اور ادمی سوتا سوتا ڈرا اوٹہتا ہے۔

خا با میم

خمیازہ خشک ف آرزوے بے حاصل بیفایدہ طمع

خا با نون

خنگ ف اسپ سپید مایل بسبزی یعنے جو سفید گہوڑا مایل بسبزی ہو
خنک ف سرد و خوش و خورم و مطبوع چیز۔
خنبک ف تالی بجانا د قسم جامہ فقرا مجازاً گودڑی

خا با واو

خودک ف خلجان خاطر و وسواس و اندیشہ و پریشانی۔
خوفناک ف ڈرپوک آدمی جو کسی سے ڈرے۔
خوک ف سور خنزیر مشہور چوپایہ ہے جو مسلمانون کو شرعًا از روی نص الٓہی اوسکا کہانا حرام ہے۔
خوراک ف کہانا و طعام جو آدمی کے کہانے مین آئے
خوشترک ف بہت خوش و دلپسند و مطبوع طبع۔

خا با یا

خیک ع مشک پانی کی جو چمڑے کی بنائی جاتی ہے۔
خیارک ع قسم دُمل جو بن ران مین ہوتا ہے۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف دال اور اخیر مین کاف ہے

دال با الف

دار الملک ع جس شہر مین بادشاہ رہتا ہو۔
دادک ف بوڈہا غلام بوڈہا خدمتگار جس سے کم خدمت لین
دانگ ف وزن کا نام ہے جو چہہ رتی کا ہوتا ہے۔

دال با با

دبیر فلک ف ستارہ عطارد جو منشی فلک ہے۔

دال با را

درک ع پانا معلوم کرنا دریافت کرنا آگاہ ہونا۔
درک و درک ع طبقہ دوزخ آگ کا طبقہ۔
دراک ع پانیوالا دریافت کرنیوالا دانا شخص۔
درنگ ف توقف فرصت آہستگی سہولت۔

دال با سین

دستک ف پروانہ سرکاری اور تالی مارنا۔
دستار سبز برگ ف کنایۃً گلستان بھڑواد لال کسبیون کا

دال با لام

دلک ع مالش بدن کی یعنے ملنا روغن وغیرہ کا بدن کو
دلوک ع زوال آفتاب غروب دوپہر سے بعد کا وقت۔
دلاک ع بدن کا ملنے والا جو حمام مین ہوتا ہے۔
دلوک ع زوال کا وقت غروب ہونا آفتاب کا یعنے شام کا وقت
دلوک ع بدن پر ملنے والی چیز روغن وغیرہ چیزین۔
دلقک ع نام مسخرہ کا اور چہوٹی گودڑی۔
دل تنگ ف بخیل و غمگین و اندیشہ ناک و دلگیر و محزون۔

دال با میم

دُمِ گُرگ ف کنایۂ صبح صادق جسکا نور طویل ہوتا ہے۔

دال با نون

دَنگ ف دیوانہ و حیران و احمق و نشان نقطہ اور وہ آواز جو دو پتہرون کے کہڑکانے سے نکلتا ہے۔

دِنگ ف جندر کی لکڑی لمبی جس سے شالی کوٹتے ہین۔

دال با واو

دَوَالَک ف آلہ قماربازان اور نام ایک دوا کا

دُوک ف تکلا لوہے کا جس سے سوت کاتتے ہین

دَوَاءُ المِسک ع نام معجون مقوی قلب جسمین کستوری ڈالتے ہین

دُوْر تَرَک ف بہت دور اور بہت فاصلے پر۔

دو آہنگ ف دہون نکلنے کا روزن۔

دورنگ ف منافق و ریاکار و دغاباز آدمی۔

دال با یا

دیگ ف ہنڈیا جسمین کہانا پکاتے ہین۔

دیمک ف مشہور کرم ہے جو لکڑی کو کہا جاتا

دِیک ع خروس یعنے مرغا۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رائے اور آخیر مین کاف ہے

رائے با شین

رِشک ف حسد و غیرت جو کسی بات پر ہو۔

رائے با کاف

رَکِیک ع سست ضعیف و باریک و حقیر و بے غیرت۔

رِکُوک ع لتہ و جامہ کہنہ مطلق جامہ اور ایک پلیٹ کی چادر

رَکّ ع ضعیف ہونا کمزور ہونا ناتوان ہونا۔

رگ ف مشہور لفظ ہے نارہی نس جسم کی۔

رائے با میم

رِمَاک ع جمع رَمَکہ بادہانیاں یعنے پنکہے جو بہت سے ہون۔

رائے با نون

رنگ ف اسکے اکتیس معنی ہین اول لون حصہ و نصیب عیب و عار رنج و محنت قوت و توانائی جان شتر و گوسفند مال و زر نفع و فائدہ گو و زمین طرز و روش سبز کوہی و گاو دشتی مکر و حیلہ اوگنا و جمنا خوبی خوشی و تندرستی خجلت و شرم خون رونق و لطافت مایہ اندک زر و سیم و زردی قمار و حاصل قمار خداوند دوالی سباب خال نقطہ شیرین کار جلاجل خشم و غضب ابریشم خیانت سوائے اس کے مال و اسباب و مثل و نظیر کے بھی معنے رکہتا ہے۔

رائے با واو

روباہ تُرُنگ ف کمو یعنے عنب الثعلب۔

رودنگ ف مجیٹہ جس سے کپڑے رنگتے ہین۔

رائے با یار

ریگ ف ریت جو مشہور چیز ہے۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاے اور اخیر مین کاف ہے

زاے با الف

زاک ع پھٹکری جو مشہور چیز ہے -
زادۂ خاک ف کنایۃ زر و سیم جو خاک سے نکلتا ہے -
زاہد خشک ف زاہد بے ذوق جسکو علم نہو -

زاے با راے

زرشک ع نام دوا جو ایک میوہ ہے ترش مزہ ہوتا ہے
زرک ف ریزہاے زر سونے چاندی کے ٹکڑے
زر خشک ف زر خالص جسمین آمیزش نہو -
زردک ف گاجر جو مشہور چیز ہے -

زاے با فاے

ژفک ف چرک چشم جو آنکھونکے گوشون مین جمع ہو جاتی ہے

زاے با لام

زلوک ف جونک مشہور کرم ہے -

زاے با نون

زنبورک ف بندوق کلان جو اونٹ پر لادتے ہین -
زنگ ف جرس گھنٹہ و نام ولایت اور وہ میل جو لوہے پر آجاتا ہے
و بہتو ماہ و آفتاب و تند و تیز و آب و شراب -
زیرک ف عقلمند دانا ہوشیار آدمی -

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین کاف ہے

سین با الف

سارک ع ایک جانور سیاہ خوش آواز کا نام ہے -
سالک ع رستہ چلنے والا و باصطلاح طالب خدا جو خدا کیطرف چلے -
سالوک ع بہت رستہ چلنے والا و سیاح و مسافر جو سفر مین ہو

سین با بار

سبک ع چاندی سونے کو گلانا اور چرخ دینا -
سباک ع زرگر زیور بنانیوالا چاندی سونا گلانیوالا -
سبک ع کم وزن و بیوقار و چست و چالاک اسیسے تعلق
و تعجیل و شتاب اور جلدی -
سنبرک ف نام طائر جسکو نیل کھنٹہ کہتے ہین -

سین با تار

ستاک ع شاخ درخت نورستہ و نازک و سرسبز -
سترگ ف بزرگ و کلان یعنے بڑا اور جسیم و فربہ و معتبر

سین با راے

سرشک ف قطرہ آنسو کا جو آنکھہ سے ٹپکے -
سرہنگ ف سردار لشکر و نقیب چوبدار و پہلوان افسر و حاضر باش
سرمایک ف نام بازی کودکان یعنے والی بھونا -
سرچنگ ف کسیکے سر پر طپانچہ مارنا -

سین با فار

سفک ع قتل کرنا مار دینا ہلاک کرنا کسیکو -
سفاک ع قاتل و خونی و خونریز و بے رحم جلاد -

سین با کاف

سنگک ع حلقہ آہن اور سکہ لگانیوالا و نام قوم ترک
سنگاک ع آہنگر لوہار لوہے کا کام کرنے والا۔
سکاک ع جوف جو آسمان و زمین مین ہے یعنی فاصلہ
سکسنک ع اسپ کم رفتار و نام ایک درخت کا جسکی لکڑی
کی آگ دیر تک رہتی ہے۔
سکات ع ایک قسم کی خوشبو کا نام ہے۔
سِکک ع سرکہ جو ترش چیز مشہور ہے۔
سگ ف کتا جو مشہور جانور ہے عربی مین اسکو کلب کہتے ہین

سین بالام

سلمک نام پردہ موسیقی۔
سِلک ع رشتہ مروارید موتیون کی لڑی۔
سلاک ع پرونا کسی چیز کو دوسری چیز مین لانا۔
سلاک ع شوشہ طلا و نقرہ یعنے سلاخ۔
سلیک ع پرئی ہوئی چیز جو کسی رشتہ مین پروئی ہو۔
سُلوک ع نیک روی اور نیک راستی پر چلنا۔

سین بامیم

سماک ع نام ایک ستارہ کا ہے۔
سمک ع ماہی یعنے مچھلی جو زمین کے نیچے ہے۔
سمک ع سقف و مقدار بلندی جسقدر ہو۔
سموک ع مچھلیان یہ لفظ جمع سمک کی ہے۔

سین بانون

سنگ ف مقدار و گرانی و وزن و قدر و قیمت پتھر جسکو عربی مین حجر کہتے ہین
سنبک ع چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہو۔

سین باواو

سوک ع رفتار نرم یعنے آہستہ چال۔
سواک مسواک جس سے دانت صاف کرین ہندی مین اسکو دتون کہتے ہین
سوگ بواو مجہول ماتم اور اندوہ و غم جو کسی میت کا کیا جائے۔
سوداتمک ترکی مین بمعنے آب و نان کیاسطے کہ سو بمعنے
پانی اور اتمک روٹی اور واو دونون مین عاطفہ ہے۔

سین بایا

سیرآہنگ ف بلند آواز یعنے اونچی آواز۔
سیف اسفرنگ ف سیف نام شلوک کا اور سفرنگ شہر کا نام ہے سمرقند کے پاس
سیگ ترکی مین عضو تناسل کو کہتے ہین۔
سیامک ف نام پسر کیومرث جو مشہور بادشاہ ہے
سیہک ف تیز ہوا اندھیری گرد و غبار۔
سیلنگ ت آہستہ اور نرم نرم۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور آخیر مین کاف ہے

شین باالف

شادی مرگ ف وہ مرگ جو بسبب کثرت خوشی کے واقع ہو
شالنگ ف وہ چیز جو کوئی اپنی چیز کے بدلے کسی کے پاس گرو رکھے
ہندی اسکو ڈنڈ کہتے ہین۔
شالہنگ ف مکر و حیلہ گر و رہزنی ظلم و ستم و سرکشی
شاک ف مرد سلحدار و سپاہی اور شک کرنے والا۔

شارک ع جانورطار جسکو مینا کہتے ہین یہ جانور باتین کرتا ہے
شاہ عجم ع رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے-

شین با بار

شباک ع سوراخ کرنے والا چہید کرنے والا پرونے والا
شب چک ف شب برات اور چک یعنے روشنی-
شب آہنگ ف جو ستارہ شام کو سبسے اول ظاہر ہو-
شبرنگ ف نام اسپ سیاوش جو مشکی تہا-
شب کوک ف دریوزہ گر گدا گر فقیر محتاج-
شبک ع دوک و باد ریشہ دوک-
شبک دام صیاد یعنے شکاری کی جالی-

شین با تا

شتالنگ ف تخنہ اور پنڈلی کی ہڈی جو مشہور عضو ہے

شین با رای

شرک ع جو شش خرج حلقہ ہائے دام وراہ وسیع-
شراک ع دوال نعلین یعنے جوتی کا ڈورا-
شرنگ ف حنظل جو نہایت تلخ ہوتا ہے ہندی مین اوسکو پہر پہندرہ کہتے ہین اور پنجابی مین تما-

شین با سین

شسک ف مجاز از کیر و قضیب یعنے آلہ تناسل

شین با شین

شش دانگ ف وزن ایک دینار کا جو مشہور تول ہے

شین با فا

شفشاہنگ ف تختہ لوہے کا جسمین فراخ و باریک سوراخ

ہوتے ہین اور زرگر تار زر و نقرہ اوسمین ڈالکر دراز کرتے ہین ہندی مین اوسکو جنتر کہتے ہین-

شین با کاف

شکرلنگ ف تہوڑا لنگا یعنے جسکی ٹانگ مین ذرا سا لنگ
شکرنگ ف ناخوش و غمناک و اندیشہ ناک-
شکستہ رنگ ف زرد رنگ یعنے جسکے چہرہ کا رنگ زرد ہو-

شین با لام

شلتوک ع شالی یعنے برنج جو ابہی پوست مین ہو-
شلنگ ف کودنا جست مارنا کسی جگہ سے-
شلک ت چند بندوقین ایک ہی مرتبہ سر کرنا-

شین با واو

شوک ع خار جسکو کانٹا ہندی مین کہتے ہین-

شین با یار

شیشاک ع بکری کا بچہ جو یکسالہ ہو یعنے ایک برس کی عمر کا
شیشہ برسنگ ف شکستہ و خراب و ابتر حال-

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور آخر مین کاف ہے

صاد با حار

صحنک ع چہوٹی رکابی تصغیر صحن جو بڑی رکاب کا نام ہے

صاد با دال

صدبرگ ف زرد رنگ پہول کا نام ہے یعنی گیندے کا پہول-

صاد با عین

صَعلُوک ع فقیر و درویش و محتاج تارک دنیا۔

صاد با کاف

صَک ع معرب چک ہے ہوکنا مارنا و نامہ قبالہ زمین یا مکان کا

صَکّاک ع جو شخص قبالہ ہائی شرعی لکہے یعنے قبالہ نویس۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ضاد اور اخیر مین کاف ہے

ضاد با الف

ضَاحِک ع خندہ رو و خوش مزاج اور ہنسنے والا آدمی

ضاد با حا

ضَحِک ع خندہ باآواز یعنے وہ ہنسی جو آواز سے ہو

ضَحّاک ع بہت ہنسی والا اور نام بادشاہ کا۔

ضاد با رے

ضَرزَیک ع ایک قسم کی توپ کا نام ہے جسکا نشانہ دور تک ...

ضاد با نون

ضَنک ع تنگ و تنگی و تنگحالی و افلاس اور مقام تنگ۔

ضاد با واو

ضَواحِک ع اگلے چار دانت جو ہنسی مین نظر آتے ہین۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف طا اور اخیر مین کاف ہے

طا با الف

طَاغَک ع درخت آزاد کا پہل۔

طا با با ر

طَبنگک ف چہوٹا نقارہ اور ہند کا فذات و دفتر کا

طا با واو

طوطک ف نام ساز جو گانے کے وقت بجاتے ہین۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور اخیر مین کاف ہے

عین با با

عبدالملک نام خلیفہ خاندان بنی امیہ بن مروان جسکی سلطنت یزید پلید کی وفات کے بعد ہوئی تھی۔

عین با رے

عِرَاک ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا۔

عُرَاک ع سخت ملنے والا گوشمالی دینے والا لڑنے والا

عُرُوسَک ع منجنیق خورد جو ایک جنگی ہتیار ہے اور لعبت جسکو لڑکیان کہیلتی ہین

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین کاف ہے

غین با رے

غرجک ف احمق نادان بے وقوف و جاہل آدمی۔

غین با سین

غسک ع کھٹمل جو ایک چھوٹا جانور ہوتا ہے اور چارپائی میں پیدا ہوتا ہے

غین با لام

غلطک ف ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر پلٹا کہانا۔
غلگ ف وہ برتن جسکا منہہ چمڑے سے بند کرکے سطح ہو۔ پیسے ڈالنے کے اوسمین چہید رکہا ہو۔

غین با واو

غوک ف مینڈک جو ایک آبی مشہور جانور ہے۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین کاف ہے

فا با الف

فاتک دلیر شجاع قاتل بہادر لڑنے والا آدمی۔

فا با تا

فتراک ف کنجاگہوڑیگا جو ایک تسمی ہوتی ہے اور شکار وغیرہ اوسکے ساتھہ باندھ لیتے ہین۔

فا با دال

فدک ع نام قریہ جہان پیغمبر صاحب کا ایک باغ تہا۔

فا با رے

فرسنگ ف مقدار سہ میل یعنی تین میل کا فاصلہ۔
فراستوک ف ابابیل جو ایک مشہور جانور ہے۔
فرنگ نام ملک و ولایت کا جسکے رہنے والے فرنگی کہلاتے ہین
فرہنگ ف عقل و ادب و اندازہ و خلق نیک و ہوش و دانش۔
فرنجک ف نام مرض کا بوس جسمیں انسان نیند مین ڈر اوٹھتا ہے۔

فا با غین

فغاک ف ابلہ و نادان و شریر و حرامزادہ و فرومایہ و احمق آدمی

فا با کاف

فکت ع جدا کرنا خلاص کرنا آزاد کرنا علیحدہ کرنا الگ کرنا
فکاک ع جدا کرنا علیحدہ کرنا آزاد کرنا چھوڑانا۔

فا با لام

فلک ع کشتی جسپر سوار ہوکر دریا سے اوترین۔
فلک ع آسمان و بلندی یعنے اونچائی۔
فلک ع بہت سے آسمان یہ لفظ فلک کی جمع ہے۔
فلک الافلاک ع عرش معلّے جو سب آسمانون سے بلند ہے
فلاسنگ ف فلاخن جس سے دشمن پر پتھر مارتے ہین ہندی مین گھوپنی نام ہے

فا با نون

فنک ع نام جانور جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف کاف اور اخیر مین کاف ہے

کاف با الف

کاک ف تیلی روٹی یعنے پھیکا گیہون کے آٹے کا۔

کابک و مرغون اور کبوتروں کا گہر۔
کاچک ف سرکے اوپر کی ہڈی مغز کے وپر کی ہڈی۔
کاواک ف خالی و بے مغز اور ہر چیز پولی جو اندر سے پہری ہولی ہو

کاف با باء

کبک ف چکور مشہور جانور اور معروف پرند ہے۔
کپنک ف نمد جو پشم سے بناتے ہین اور فرش کے کام آتا ہے
زین گہوڑے کا بہی اوس سے بنتا ہے۔

کاف با جیم

کجک آلہ آہنی جو فیلبان وقت سواری ہاتہہ مین رکہتے ہین اور
ہاتہی کو اوس سے چلاتے ہین اور لکڑی ڈہول بجانے کی
سنجاف گریبان کا جو قبا وغیرہ کو لگایا جاتا ہے۔

کاف با ذال

کذالک ع اسیطرح ایسے ہی اسی طور۔

کاف با رے

کرک ف نام ملک جو سدوس مین ہے اور نام ایک جانور کا جسکو
گینڈا کہتے ہین اور اوسکا چمڑا سخت ہوتا ہے۔
کرک ف نام قلعہ نواحی بلغار و نام پرند م دریا جو عربی
مین اوسکو عقعق کہتے ہین۔
گرنگ ف اسپ سرخ رنگ یعنی سرخ گہوڑا۔
گردک ف قوی ہیکل قوی جسم صاحب تنومند پہلوان۔
کرسک ف بہیا ہندوان دراز مے شوم دیاوہ گو آدمی۔
کرنالک دکن مین ایک شہر ہے۔
گرگ ف بہیڑیا و ایک مشہور درندہ ہے۔
گرودک ف جھڑ دمبل پستان یعنے بہیلی۔

گرمک ف قسم خربوزہ مثل سردہ۔
گردن باریک ف ملائم و مطیع و فرمانبردار و نرم مزاج۔
گران سنگ ف مرد عزت دار و صاحب تمکین و قائم مزاج۔
گرگ ف نام ایک شہر کا ہے۔

کاف با زے

گزلک ف چہوٹی چہری قلمتراش جس سے قلم بناتے ہین۔
گزک ف آلہ فیلبانان جو بوقت سواری ہاتہہ مین رکہتے ہین۔

کاف با شین

کشک ف دوغ خشک یعنے پنیر و جو مقشر و نام طعام
جو مقشر جو سے بنایا جاتا ہے۔
کشک ف محل و قصر و ایوان مخفف کوشک۔
کشک ت حفاظت و پاسبانی و ذمہ واری کسی چیز کی۔

کاف با عین

کعک ع قسم نان روغنی و شیرین جو گہی و کہانڈ و آتا
ملا کر پکاتے ہین۔

کاف با فا

کفک ف کف آب وغیرہ یعنے مقدار اندک اور کم اندازہ۔

کاف با لام

کلک ف نے جو اندر سے خالی ہو مجاز اقلم۔
کلک ت نشتر حجام یعنی چہینہ و شوم و نامبارک و منحوس شخص
و بلا و رنج و سختی و درد سر و خرابی و ابتری و پشیمانی۔
کلک ھ بغل و آغوش یعنے آدمی کی کچہہ
کلک ت بغل و آغوش و چشم و منہہ کی جو شہد جیسا

کلنگ ف بن آہنی جس سے زمین کہودتے ہین یعنے پہاوڑا
کلنگ ف نام پرندہ نام ساز جو گانے کے وقت بجاتے ہین
گل صد برگ ف گیندی کا پہول جو مشہور پہول ہے۔
گلبانگ ف خوشی کی آواز مبارکبادی کی صدا۔

کاف با میم

کمک ف اعانت و مدد جو جنگ مین کی جائے۔

کاف با نون

کنیزک ف باندی غلام جو زر خرید ہو مجازاً خدمتگار
کنجشک ف چڑیا جو مشہور پرند ہے۔
کنگ ف فربہ و قوی ہیکل و خوشہ خرما یعنے کہجور کا خوشہ۔
کنگ قلمنگ ف تاتار مین ایک قلعہ کا نام ہے۔
کنگ ف بیحیا و زبان دراز و بیشرم و یاوہ گو آدمی۔
کنگ ف بال ہمع کو بازوی انسان و شاخ درخت کی۔
گنگ ف بے زبان جو بول نہ سکتا ہو۔
گنگ ف نام دریا جو ہند مین ہے اور ہندو اسکو بہت متبرک جانتے ہین

کاف با واو

کوک ف آواز بلند بہت دہیمی کا ہو بواو معروف۔
کوک ف بواو مجہول آواز برابر کرنا ایک سازکو دوسرے ساز کے ساتھ ہم آواز کرنا اور کہانسی کی آواز اور ترکی مین رنگ نیلگون و بیخ و ریشہ درخت۔
کودک ف ضابطہ تحت میلاد ہو کہ بچہ جو تنہا لڑکی مین سال ہوتا ہے
کوینک ترکی مین پیراہن کو کہتے ہین جو پہنا جاتا ہے۔
کوچک ف چہوٹا اور نام مقام موسیقی کا۔

کوشک ف بلند محل بادشاہی مکان اونچا مکان
گوگ ف مغاک و خندق اور گڑہا جو زمین مین ہو۔
گوگ ف بواو غیر ملفوظ آسمان و رنگ کبود یعنے نیلا رنگ۔

کاف با یار

گیرنگ ف نام ایک قصبہ کا ہے۔
گیک خ پشوجا ایک بہت چہوٹا جانور گزندہ ہے

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور آخیر مین کاف ہے

لام با الف

لاکنگ ع زلہ و پس خوردہ جو طعام کہانے کے بعد بچے۔
لاشک ع بیشک جس بات مین شک نہو۔

لام با بار

لبیک ع حاضر ہون تیرے سامنے یہ لفظ تعظیم و تکریم کو بولتے ہین

لام با جیم

لجک ت اوڑہنی و معجر جو عورتین سر پر رکہتی ہین۔

لام با کاف

لک ف بلفظ ہندی دان دو صد صد ہزار کا جسکو لکہ کہتے ہین
لکت سطبر و گندہ یعنی موٹی چیز چنانچہ پارچہ لک یعنی موٹا کپڑا۔
لکلک ع نام ایک مرغابی یعنے آبی جانور کا نام ہے بعض کے نزدیک مرغابی۔

لام با نون

لکبک ف نام ساقی بہرام گور جو بہت سخی تھا اور بادشاہ شراب اوسی کے ہاتھہ سے پیتا تھا۔
لنگ ف وہ شخص جسکا ایک پانو نہو یعنے لنگڑا ہو۔
لِنگ ف عضو تناسل یہ لفظ ہندی میں بہی مستعمل ہے

لام با واو

لوک ف بواو مجہول شتر باربردار اور وہ شخص جو لڑکو کی طرح زانو پر چلے
لولاک ع اشارت بحدیث قدسی یعنے لولاک لما خلقت الافلاک جو شان مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نازل ہوئی یہ حدیث قدسی ہے

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور اخیر مین کاف ہے

میم با الف

مالک صاحب ملک و نام اوس سوداگر کا جس نے یوسف علیہ السلام کو چاہ سے نکالا تھا و نام فرشتہ موکل دوزخ یعنی داروغہ دوزخ کا
ماسِک ع مرکز بیضوی شکل کا یعنے وہ شکل جو انڈے کی طرح ہو۔
مامک ف مادر و نام بازی اطفال جو لڑکے کہیلتے مین اور ہندی مین گلی ڈنڈا کہتے ہین۔

میم با بار

مبارک ع برکت کیا گیا یہ لفظ کسی خوشی کے وقت بولا جاتا ہے

میم با تار

متعارِک ع کان ملنے والا کو شمالی دینے والا شخص۔
متحرک ع ہلنے والا حرکت کہنے والا۔

متروک ع ترک کیا گیا جدا کیا گیا چھوڑا گیا۔

میم با ثار

مثلثات افلاک ع تین برج آسمانی جو آتشی ہین یعنے حمل اسد قوس اور تین برج بادی جو زہی میزان دلو اور تین برج خاکی ثور سنبلہ جدی اور تین برج آبی سرطان عقرب حوت

میم با حار

محک ع سنگ زرکش یعنے کسوٹی سونا پرکہنے کا پتھر۔
محراک ع بہت حرکت دینے والا افسوس کرنے والا۔
محرک ع تحریک کرنے والا حرکت دینے والا ہلانے والا۔

میم با دال

مدرِک ع سمجھنے والا بوجھنے والا درک دینے والا کسی بات مین

میم با رے

مرغک ف نام سرود اور وہ پرند جو بہت چھوٹا ہو۔
مُردہ ریگ ف مردنا چیز و فرومایہ و کمینہ و مفلس و نادار و میراث مرد مُردہ جو وہ چھوڑ کر مرجائے یعنے ترکہ۔
مرغ زیرک ف طوطی کنایتہ ابلیس یعنے شیطان۔
مرغ شب آہنگ ف بلبل جو مشہور پرند ہے۔
مرکز خاک مراد از زمین مشرق سے مغرب تک۔
مردمک ف آنکہہ کی پتلی جس سے روشنی حاصل ہوتی ہے
مرگ ف موت یعنے مرجانا فوت ہوجانا۔

میم با زاے

مزدک ف نام مرد فیلسوف جو نوشیروان کے وقت تھا۔

میم با سین

مَسلَک ہ رستے نکلنے چلنے کا مقام
مَسالِک ہ رستے بہشت سے راہین جمع مسلک کی۔
مُہلِک ہ ہلاک ہونے والا مرگ کا مقام۔
مُسنلک ہ نام ساز جو منہہ سے بجاتے ہین۔
مَسلُوک ہ گیا ہوا راستہ پر چلا ہوا مسافر۔
مُستمسک ہ پنجہ مار آگیا بند کیا گیا مسدود کیا گیا۔
مِسک معرب مشک کستوری مشہور خوشبو ہے۔
مِسواک ع وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرین ہندی مین داتون کہتے ہین

میم با شین

مُشبِک ع چیز سوراخ دار یعنے جالی اور دام مرغان۔
مُشک ہ کستوری جو مشہور خوشبو ہے۔
مشتک ع بروزن تفنگ قسم غلہ کا اور چور و رہزن۔
مشترک ف ایک چیز جسکو کئی لوگ کام لاوین یا لفظ جسکے کئی ایک معنے ہوین
مُشارِک ہ شریک ہونے والا ساجھی ہونے والا۔
مُشرِک ہ شرک کرنے والا کلمہ کفر کہنے والا۔
مَشکُوک ہ جسمین شک ہو شک و شبہ والی چیز۔

میم با ضاد

مَضحَک ہ ہنسی کی جگہہ ہنسی کا مقام خوشی کا موقع۔
مُضحِک ع ہنسانے والا یعنے جو شخص ہنسانے کو باتین بنائے مسخرہ

میم با عین

مَعارِک ہ لڑائی کے مقام یہ لفظ جمع معرکہ کی ہے
مُعلِّم الملائکہ ہ فرشتون کا استاد یعنے شیطان جو حضرت
مدینہ تک فرشتون کو عبادت کی تعلیم دیتا رہا۔

میم با غین

مَغاک ف گڈھا جو زمین یا پہاڑ مین ہو۔

میم با فا

مَفلُوک ع فلک زدہ مصیبت زدہ آفت کا مارا آدمی۔
مُفکُوک ہ جدا کیا گیا علیحدہ کیا گیا الگ کیا گیا۔
مِفلاک ع خالی ہاتھ مفلس و نادار۔

میم با قاف

مقراضک ف کشتی کی کا ایک داؤ کا نام ہے۔

میم با کاف

مَکُوک ع جولاہون کی نال جسمین رکھہ کر تانا چلاتے ہین۔

میم با لام

مَلَک ہ فرشتہ جو نوری مخلوق خالق اکبر کی ہے۔
مَلِک ہ بادشاہ و فرمان روا کی سلطنت کا۔
مِلک ع ملکیت اور کسی کا حق لیلینا بذریعہ بیع وغیرہ کے۔
مُلک ع ولایت و علاقہ و خطہ اور ایک حصہ زمین کا۔
مَلِیک ع مالک نام حقتعالی کا جو سب کا مالک ہے۔
مُلُوک ع بادشاہان و فرمان روایان ملک و ولایت۔
مِلاک ع اصل ہر چیز کا اور بنیاد و سرشت ہر ایک چیز کی۔

میم با میم

مَمالِک ہ بادشاہی مقام جمع مملکت کی۔
مَملُوک ہ غلام بندہ زر خرید ملک کیا گیا۔
مَمالِیک ہ جمع مملوک کی بہت سے غلام اور بندے۔
مُمسِک ہ بخیل بند رکھنے والا مال کا نہ خرچ کرنے والا مال کا

میم با نون

مُنْفَکْ ع جدا کرنیوالا الگ کرنیوالا علیحدہ کرنیوالا۔
مُنْہَتِکْ پردہ دریدہ شوندہ جسکا پردہ پہٹ چکا ہو۔
مَنَاسِکْ ع حاجیونکی عبادت کی مقام اور طریق۔
مُنْہَمِکْ ع ایک کام مین کوشش کرنے والا۔
مَنْسَکْ ع عبادتگاہ جا قربانی یعنی جس جگہ حاجی قربانی کرین۔
مُنْدَکّ ع پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے ذرہ ذرہ۔
مُنْسَلِکْ ع پرویا ہوا گوندا ہوا کسی رشتہ مین۔
مُنْہَلِکْ ع اپنے آپ کو ہلاکت مین ڈالنے والا
مُنْفَلِکْ ع خرج۔

میم با واو

مُنْقَلِبْ ع پہیرنے والا واپس کرنے باز گشت کرنے والا

میم با ہا

مُہْلِکْ ع جائے ہلاک اور ہلاک کرنے والی چیز۔
مَہَالِکْ ع جمع مہلک کی بہت سے چیزین ہلاک کرنے والین

میم با یا

مِیلَکْ نام پارچہ جو نیشاپور مین بُنا جاتا ہے۔

اکیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخر مین کاف ہے

نون با الف

نَازُکْ ف پتلی چیز اور ملیح و دلپسند۔
نَاوَکْ ف قسم تیر کا ہے جو چھوٹا ہوتا ہے۔
نَاسِکْ ع عبادت کرنے والا قربانی کرنے والا۔
نَارْدَانَکْ ف آب انار انار کا پانی۔
نَارَنْجَکْ ف مشہور پھل ہے جسکو نارنگی کہتے ہین۔
نَامُبَارَکْ ف منحوس جو چیز نامبارک ہو۔
نَایَکْ ف جمع کرنے والا اکٹھا کرنے والا۔
نَافِ خَاکْ ف کنایۂ مکہ معظمہ۔
نَاکْ ف آغشتہ و آلودہ چنانچہ غمناک و نمناک۔
نَاپَاکْ ف جو پلید ہو پاک نہو۔

نون با رائے

نَرْکْ ف حلقہ کرنا لشکر کا شکار کیلیے اور مکان پہلوانوں کا نزد کرنیکا
نَزْدِیکْ ف پاس اور قریب پڑوس مین۔

نون با سین

نَسْکْ ف نام غلہ جسکو عدس کہتے ہین ہندی مسور۔
نُسُکْ ع عبادت و قربانی و احکام ادائے حج۔
نَسَائِکْ جمع قربانیان جو عید اضحی کے روز کعبہ مین حاجی لوگ کرتے ہین اور مسلمان اپنے گہرون مین۔

نون با عین

نُعْمَانِ نِیمْرَنْگ ف ناتمام سرود۔
نَغْزَکْ ف ہر چیز عجیب مجاز میوہ آب کا۔

نون با قاف

نُقْطۂ شَکّ ف باصطلاح صوفیہ عالم دنیا۔
نُقْرَہ خِنْگ ف بے اضافت سفید گہوڑا نقرہ گہوڑا۔

نون با کاف

تکف مختف تبنہ ورنا لوہنہا جسکو فارسی مین کاسہ کہتے ہین

نون با میم

نمطہاے نہانگ ف دقایق سرود یعنی راگ کی بار یکیان -
نناک ف تر جسمین پانی ملا ہوا ہو بہیگی ہوئی چیز -

نون با نون

ننگ ف شرم و عار و حیا و ناموس و آبرو -

نون با واو

نوک ف مشہور لفظ ہی یعنی برچہی کی نوک یا چہری کی نوک -
نوروز بزرگ ف نام نغمہ یعنی سرود جو گایا جاتا ہے -

نون با ہاے

نہنگ ف مگر جو مشہور جانور آبی ہے بعض اوسکو سنسار کہتے ہین

نون با یاے

نیرنگ معرب کرنا اصلی نام جل ع کا عربی مین یہی لفظ ہے -
نیک ف اچہا بہت بہت خوب اور بہلا بہتر چیز -
نیرنگ ف مکر و فریب و طلسم و سحر و افسون ع اور دغا و عجائبات -
و نقشہ تصویر کا یعنے خاکہ جو پہلے اوتارتے ہین -
نیم لنگ ف قربان کمان کی -
نیم رنگ ف رنگ ناپختہ و ناقص و ناتمام چیز ناتیار چیز
نیلک ف تسم جلد مین سیاہ ہوتا ہے بسبب اوسکے اوسکو نیلک کہتے ہین

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے
اول حرف واو اور آخیر مین کاف ہے

واو با راے

ورک ع سرین و کفل یعنے انسان کے چوتڑ -
وردوک ف چہپر جو نے وسرکا بناکر سکا نون پر ڈالتے ہین
ورناک نام چشمہ کا کشمیر مین جو بہت لمبا چوڑا ہے -

واو با شین

وشیک ع چالاک قاصد تیز گام و تیز رفتار -

تیئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے
اوّل حرف ہا اور آخیر مین کاف ہے

ہاے با الف

ہالک ع ہلاک ہونیوالا مرجانے والا نابود ہونے والا -

ہاے با تاے

ہتاک ع پردہ دری کرنیوالا بے آبرو کرنیوالا بیعزت کرنیوالا
ہتک ع پردہ دری و بے آبروئی و بدنامی و بے عزتی -

ہاے با فاے

ہفت اورنگ ف سات ستارے یا سات آسمان کہ جنکے نام
یہ ہین - قمر - عطارد - زہرہ - شمس - مریخ - مشتری - زحل
ہفت رنگ ف سفید - سرخ - سبز - زرد - نیلگون
عباسی یہہ سات رنگ ہین -

ہاے با قاف

ہکہک ف ہچکی جو ایک بیماری مشہور ہے -

ہاے با لام

ہالک ع ہلاکی و مستی و نابودگی و خرابی۔

ہای با میم

ہمسنگ ف برابر وزن اور برابر تول کی چیز
ہمسلک ف سمد ہی مشہور رشتہ ہے۔
ہمتنگ ف موافق و برابر تیزی و تیز رفتاری مین۔
ہمرنگ ف موافق و برابر رنگ و صورت و شکل مین۔

ہاے با نون

ہنگ ف ارادہ و قارو ہوشیاری و زور و قوت و تیکی
و شکاف و غار و قوم و سپاہ و ضربہ و صدمہ۔

ہاے با واو

ہوالک ف جمع ہالک کی بہت سے ہلاک ہوے
ہوشنگ ف نام بادشاہ جو فارس مین تھا۔
ہولناک ف خوفناک یعنی جس سے خوف آوے یا جو شخص کسی سے ڈرتا ہے

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف یا اور اخیر مین کاف ہے

یا با الف

یارک ع رحم و بچہ دان عورت کا۔

یا با نون

ینک ف آئین و روش و نام جزیرہ و مکر و حیلہ مین

تیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین
حرف لام ہے اور پچھلے حروف برعایت
حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے
ہین اس مین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف الف اور اخیر مین لام ہے

الف با بار

ابسال ف باغ و بوستان و سبزہ زار و گلزار
ابوالفضل ع نام ایک بادشاہ کے حضور نویس کا نام ہے وزیر و دولت اکبر بادشاہ ہو کے بہت چاہتا تھا
ابوالکل ع کنایہ جسم انسانی و قالب حیوانی اور بدن ہر ایک ذی جان کا
ابتہال ع تضرع و زاری و عجز و نیاز و خوشامد۔
ابل ع شتران اور یہ وہ جمع ہے جسکا واحد نہین ہے
ابہل ع تخم سرو کوہی جسکو ہاؤبیر کہتے ہین دوا مین مستعمل ہوتا ہے
ابطال ع باطل کرنا ضائع کرنا گنوا دینا کسی چیز کو۔
ابطال ع دلیران و زور آوران و پہلوان جنگ آور
ابدال ع بدلنا کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ معاوضہ کرنا
ابدال ع گروہ اولیا اللہ جو تمام جہان مین ستر شخص ہین
چالیس شام مین اور تیس تمام جہان مین رہتے ہین۔
ابتذال ع بے اعتباری و بے قدری و بے عزتی و بے توقیری
ابابیل ع قسم طائران جمع ابابہ جیسے گروہ مرغان
ابن السبیل ع مسافر رستہ چلنے والے لوگ راہی۔

الف با تا

آتش محلول ف آب گرم و روغن گرم و شراب با جوش

اِتّکال ع توکل کرنا بھروسا کرنا کسی پر۔

اِتّصال ع ملنا پیوند ہونا وصل ہونا ایک جا ہونا

الف با ثا

اَثقال ع گرانیہا و بارہا یعنے بہت سی بوجہ جو اوٹہاتے ہین

اِثقال ع گران بار ہونا بہاری ہونا مالدار ہونا۔

اَثل ع درخت گز جو مشہور درخت ہی ہند مین اُسکو جہاو کہتے ہین

الف با جیم

اَجَل ع مہلت و مدت مرگ وقت و نہایت ہر ایک چیز کی۔

اَجَلّ ع بہت بزرگ بہت بڑا صاحب عزت و توقیر۔

اِجلال ع بزرگی و عزت و توقیر و آبرو۔

اِجمال ع بمختصر بات کہنا بہت سے مضمونکو تہوڑی عبارت مین ختم کردینا

اِجمال ع برانگیختہ کرنا مستعد کرنا تیار کرنا۔

اَجدل ع جانور جسکا چرغ نام ہے۔

آجال ع چیز مہلت اور دیر مین ہو جلدی مین مُیسر نہو۔

آجال ع جمع اجل جسکے معنے مرگ کے ہین۔

الف با حا

اِحمال ع بار اوٹہانا بوجہ اوٹہانا بہاری ہونا۔

اَحمال ع بارہا و اگرانیہا یعنے بہت سے بار اور بوجہ

اِحتیال ع حیلہ اوٹہانا فریب کرنا داو دینا۔

اَحوَل ع جو شخص ایک کو دو دیکہے بہینگا آدمی۔

اَحوال ع جمع حال و حالت یعنے بہت سی حالتین

اِحلیل ع سوراخ ذکر جس راستے سے پیشاب آتا ہے منی کا خراج بہی اوسی راستے سے ہے۔

اِحتمال ع او ٹہانا اور گمان کرنا وہم و شک کرنا کسی بات مین

الف با خا

آخرین تحویل کنایۃً روز قیامت یا وقت نزع۔

اِختلال ع خلل ڈالنا شگاف و نقصان ڈالنا۔

اَخطل ع نام شاعر کا جو عرب کا رہنے والا تھا۔

اِختیال ع گردن کسی و غرور و خیال کرنا متوجہ کرنا۔

اَخوال ع جمع خال جسکے معنے ماموں کے ہین یعنی بہت سے ماموں

الف با دال

اَدِلّ ع نہایت راہ نما رستہ دکہلانیوالا ہدایت کرنیوالا۔

اِدلال ع ناز کرنا معشوق کا عاشق کے ساتھہ۔

الف با ذال

اَذیال ع دامنہا یہ لفظ ذیل کے لفظ کی جمع ہے یعنی بہت سے دامن

اَذَلّ ع بہت ذلیل نہایت خراب و آوارہ۔

اِذلال ع ذلیل کرنا خراب کرنا پریشان کرنا۔

الف با را

اِرتجال ع بے اندیشہ سخن کہنا فی البدیہہ شعر کہنا فی الفور بولنا

اِرتحال ع کوچ کرنا چل دینا کسی مقام سے سفر کو

اَرذَل ع زبون تر نہایت زبون و خراب۔

اَراذِل ع کمینے لوگ پاجی و کم ذات لوگ۔

اَرذال ع کمینے لوگ پاجی و کم ذات لوگ۔

[illegible]

اَرْجَل ع وہ گھوڑا جسکا ایک پانو سفید ہو اور یہ گھوڑا منحوس گنا جاتا ہے
اَرَامِل ع زنان بیوہ مرد بے زن یعنی عورت یا مرد جو مجرد ہون۔
اِرْسَال ع بھیجنا تحفہ و سوغات۔ و خط وغیرہ کا۔

الف با زاے

اَزَل ع وہ زمانہ جسکا ابتدا نہین یعنے زمانہ قدیم۔
اِزْمِیل ع موچیون کی رانپی جس سے چمڑا کاٹتے ہین۔

الف با سین

اِسْتِهْلَال ع جاری ہونا شے کا اور آسان کرنا مشکل کام کا
اِسْبَال ع جاری کرنا اور کپڑا لٹکانا پردہ ڈالنا۔
اِسْپغول نام تخم جو مشہور ہے وگوش اسپ یعنی گھوڑے کا کان
اِسْتِقْبَال ع پیشوائی کرنا کسیکے لینے کو جانا۔
اِسْتِعْجَال ع جلدی کرنا شتاب ہونا۔
اِسْتِهْلَال ع نیا چاند دیکھنا رونا بچہ کا تولد کیوقت روشن ہونا
ظاہر ہونا چہرہ دکھلانا جلوہ دکھلانا کسیکو۔
اَسْهَل ع بہت آسان نہایت آسان بات۔
اِسْطَبْل ع گھوڑے باندھنے کا مقام یعنی طویلہ گھوڑوں کا
اَسْفَل ع بہت نیچے اور وہ جگہہ جو سب کے نیچے ہو۔
اِسْتِظْلَال ع سایہ پکڑنا پناہ لینا کسیکی حمایت مین آنا۔
اِسْتِقْلَال ع مضبوطی پکڑنا محکم ہونا قایم ہونا۔
اِسْتِدْلَال ع دلیل لانا گواہی چاہنا راہ نمائی چاہنا
اِسْتَافِیل رومی زبان مین انگور کو کہتے ہین۔
اِسْرَافِیل نام فرشتہ کا جو قیامت کو صور پھونکیگا۔
اِسْرَائیل نام یعقوب پیغمبر علیہ السلام کا ہے معنے اسکے عبرانی
زبان مین برگزیدۂ حق کے ہین۔
اِسْتِعْمَال ع عمل کرنا عمل مین لانا کام مین لانا۔
اَسَافِل ع جمع اسفل بہت سے نچلے درجے اور زیرین مقام۔
اِسْتِیصَال ع بیخ سے نکالنا دور کرنا۔ معدوم کرنا۔

الف با شین

اِشْکَال ع دشواری و سختی اور مشکل بات کٹھن معاملہ
اَشْکَال ع شکلین صورتین یہ لفظ جمع شکل کی ہے۔
اَشْهَل ع رنگ یا زردی مائل انسان مثل چشم جسکی آنکھین
زردی مائل ہوتی ہین۔
اِشْعَال ع افروختہ کرنا آگ کا روشن کرنا۔
اِشْتِغَال ع مشغول ہونا کسی کام مین مصروف ہونا
آشفتہ حال ف پراگندہ حال پریشان خاطر غمگین اندیشہ ناک۔
اَشْغَال ع بہت شغل اور کام اور علاقے یہ لفظ شغل کے لفظ کی جمع ہے
اَشْکَل ع وہ رنگ جس سے اونٹ کا پالان باندھتے ہین و سرخ چشم
و سرخی، سفیدی آمیختہ و خوشتر و پوشیدہ تر و دشوار تر
اور وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ اور بایان پانو سفید ہو
اَشْکِیل ع وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ یا پانو سپید ہو و مکر و حیلہ بہانہ
اِشْتِعَال ع روشن ہونا آگ کا بھڑکنا اور افروختہ ہونا آگ کا۔
اِشْتِمَال ع شامل ہونا کسیکے ساتھہ ہونا متفق ہونا۔

الف با صاد

اِصْطَبْل ع گھوڑوں کا باندھنا اور مقام گھوڑوں کی باندھنے کا۔
اَصْحَابُ الشِّمَال ع کفار دوزخی گنہگار جنکی صفین قیامت کو بائین طرف
تخت رب العالمین کے ہونگی لغوی معانی انکے بائین طرف والے

اَصل ع بیخ درخت اور سرشت اور بنیاد۔

اُصُول ع جمع اصل کی بہت بیخین اور بنیادین۔

اُصول اُقلیدس ع ایک اصل شہرہ اصول موسیقی ہی اور اصول کو ہندی مین تال کہتے ہین

اَصِیل ع رات کا وقت صاحب اصل و صاحب نسب و شریف ونجیب اور جو باپ دادی سے نیک چلا آتا ہے۔

اَصحابِ منقل ع یاران ہم صحبت انیس و جلیس و ہم نشین۔

الف با ضاد

اِضلال ع بے راہ کرنا بدکاری مین ڈالنا گمراہ کرنا۔

الف با طا

اِطرِیفَل ع معجون مرکب جو ہلیلہ و بلیلہ و آملہ سے بناتے ہین ہندی مین اسکو تر پہلہ کہتے ہین۔

اَطلال ع نشانہای سرای کہنہ گرے ہوئے گھر کے نشان جو باقی ہون

الف با عین

اِعتِزال ع گوشہ پکڑنا خلوت نشین ہونا الگ رہنا۔

اَعدَل ع زیادہ تر عدل کرنیوالا بڑا عادل۔

اِعمال ع کام فرمانا و منصف و عدالتی۔

اَعمال ع جمع عمل بہت سے کام اور کاروبار۔

اَعزَل ع مرد بے سلاح جسکے پاس کوئی ہتھیار نہ ہو

اَعجال ع شتابان اور جلدیان کرنے والے۔

اِعتِدال ع برابر ہونا یکسان ہونا ایکوزن ہونا

اِعتِلال ع بیمار ہونا بہانہ لانا علت لانا۔

اِعتِقال ع بند کرنا مسدود کرنا۔

اَعدَل ع نہایت عدل کرنے والا۔

الف با غین

اِغفال ع بیخبری و غفلت و جہل و نادانی۔

اَغلال ع طوقہائے آہنی و آبھلے روان۔

اِغلال ع خیانت و کینہ و غصہ و دغا و نفاق۔

اَغال ع بکریونکی رہنی کی جگہہ گرفتار کرنا جنگ پر تیز کرنا

الف با فا

اَفضَل ع بہت افاضل اور افضل الدین نام خاقانی شاعر کا تہا جو مشہور شاعر علامہ تھا۔

اَفاضِل ع جمع افضل کی بہت سے لوگ۔

اِفتِعال ع تہمت و بہتان جو کسی پر برپا کیا جائے

اَفضل الاشکال ع بشکل مدور اور گول۔

اَفیال ع جمع فیل بہت سے ہاتہی جو مشہور جانور ہے۔

اَفِیل ع شتر جوان یعنے جوان اونٹ۔

اَفعال ع جمع فعل کی بہت سے کام۔

آفِل ع نیچے جانے والا نیچے اوترنے والا۔

الف با قاف

اَقفال ع جمع قفل کی بہت سے تالے۔

اِقبال ع قبول کرنا آگے لانا اور آگے آنا دولت کا مجازاً حکم و دولت و طالع۔

اِقبیل ع امالہ اقبال کے لفظ کا۔

اَقَل ع بہت تہوڑا و غلام کم قیمت و ارزان۔

اِقلال ع تہوڑا کرنا و درویشی و فقیری و محتاجی۔

الف با کاف

اَکْحَل ع ملکون سکے اوگنے کا مقام اور سرمہ آنکھہ مین کیا ہوا اور نام ایک رگ کا جسکو ہفت اندام کہتے ہین۔

اَکُول ع بہت کہانیوالا جسکا پیٹ نہ بہرے۔

اَکّال ع بہت کہانیوالا جسکا بہوکہہ بہت ہو۔

اَکِیْل ع ہم کاسہ یعنے ہمراہ کہانے والا۔

اِکْمَال ع کامل کرنا تمام کرنا پورا کرنا۔

اِکْتِحَال ع سُرمہ آنکہون مین کرنا۔

اِکْلِیْل ف تاج اور نام سترہوین منزل قمر کا

اُکُل ع میوہ اور پہل کسی درخت کا۔

اَکْل ع کہانا یعنے طعام جو کہایا جائے۔

اَکْمَل ع بہت کامل ا[illegible] پورا شخص۔

الف باللام

اَلْحَاصِل ع آخر کلام خلاصہ کلام نتیجہ کلام۔

اَلْعَجَل ع جلدی کر دیر مت کر۔

اَلْحَال ع اکنون یعنے اب اسوقت اسدم۔

اِلّ ع پیمان وسوگند وقول وقرار مستحکم۔

آل ع فرزندان واہل خانہ ومتعلقان اور فارسی مین رنگ سُرخ واسپ وقسم شراب وچوب وخیمہ ونام بیماری جو زچہ عورت کو ہوتی ہے اور نام ہیچ ہائے باریک جس سے کپڑا سُرخ رنگتے ہین اور مُہر بادشاہ کی ور بخشنا زمین وجاگیر کا جسکو آل تمغا کہتے ہین

الف بامیم

اِمْتِثَال ع فرمان برداری متابعت واطاعت۔

اِمْلَال ع ملول کرنا دلگیر کرنا اندیشے مین ڈالنا۔

اِمْہَال و تمہال ع فرصت دینا مہلت دینا کسیکو۔

اِمْثَال ع داستان مشہور اور صفتین اور قصے۔

امیر نَحْل ع لقب علی المرتضےٰ کا۔

اَمَاثِل ع جمع امثل جسکے معنے مشابہ و نظیر کے ہین۔

اِمْسَال ف ایک برس ایکسال ج گذشتہ ہے جمع امسال ج [illegible]

اَمَل ع امید وآرزو وطمع جو کسی سے ہو۔

آمَال ع امیدین اور آرزوئین انسان کی۔

آمُل ع مازندران مین ایک شہر ہے۔

الف بالنون

اَنْفَال ع جمع نفل وہ غنیمت جو کفار سے لین۔

اِنْحِلَال ع کشادہ ہونا نابود ہونا ناچیز ہونا۔

اِنْجِیْل ع کتاب جو عیسےٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی

اَنْجَل ع فراخ چشم جسکی آنکہین موٹی ہون۔

اِنْدِمَال ع بہر جانا اور اچہا ہونا زخم کا۔

اِنْخِذَال ع تباہی وخرابی وبربادی۔

اَنَامِل ع جمع انملہ سرہائے انگشتان۔

اِنْفِعَال ع شرمندہ ہونا شرمسار ہونا۔

اِنْتِحَال ع کسیکا سخن یا شعر اپنا بیان کرنا۔

اِنْزَال ع اوترنا اوتارنا اور اخراج منی کا بعد جماع کے ہونا۔

اِنْفِصَال ع فیصلہ کرنا کسی مقدمہ کا اور ختم کرنا کسی فساد کا

اِنْتِقَال ع ایک جگہہ سے دوسری جگہہ پر جانا

اِنْتِسَال ع فرزند ہونا نسل پیدا ہونا۔

الف با واو

اَوَّل ع پہلے۔
اَوَائِل ع جمع اول کی
اوغول ت دونو واو غیر ملفوظ لڑکا اور معشوق بچہ بیٹا
اَوجَال ع بیم و خوف یا بہت سے ڈر اور خوف
اُوَل ع جمع اولے جو مونث اول کا ہے۔

الف با ھار

اَہل ع سزاواری اور اُنس پکڑنا کدخدا ہونا اور گہر کے لوگ و صاحب و صاحبان
اَہوَال ع ہول یعنی دہشت و خوف و ڈر۔
اِمہَال ع چہوڑ دینا و فرصت دینا توقف مین ڈالنا

الف با یار

اِیصَال ع پہونچانا وصول دینا ادا کرنا۔
اِیل سریانی زبان مین خدا تعالیٰ کا نام ہے اور ترکی مین سال کو کہتے مین
اِیل ع گوزن و بز کوہی یعنی پہاڑی گای یا بکری۔
اِیل ت بیلے جہول مردمان و قوم و گروہ۔
اَیلول رومی زبان مین نام مہینے کوار کا ہے۔
آئینہ پیل لوہے کا توا صقل کیا ہوا جو ہاتھی کے کستوان پر جنگ کے وقت باندھتے ہین اسلئے کہ ہاتھی کو زخم نہ آئے۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف با اور اخیر مین لام ہے

با با الف

بال آدمی کی بانہ اور پرند کے پر اور ایک قسم کی بستی پہچانا ہے

بامر بالیدن سے اور عربی مین دل و جان و عیش و عشرت و شان و عظمت اور ترکی مین شہد کو کہتے مین۔
بابل ع کوفہ کے پاس ایک شہر ہے۔
باقل ع سبزی فروش اور نام ایک شخص احمق کا اور لڑکا جسکے خط کا آغاز ہو یعنی نوجوان۔
بازل ع اونٹ نو برس کا۔
باذِل ع بخشنے والا سخی صاحب خرچ و صاحب بذل
باسِل ع دلیر و بہادر و پہلوان و جوانمرد آدمی۔
بای حال ع بہر حال یعنی ہر ایک حالت مین۔
بالغدو والآصال ع صبح کو اور شام کو یعنی ہر روز
بالاستقلال ع مضبوطی کے ساتھہ نہایت مستحکمی کے ساتھہ نہایت خود کسی کام مین مصروف ہونا اور مضبوط رہنا۔
پای در گل گرفتار و حیران و پریشان کسی بد حالت مین
پایمال ف خراب و خستہ و پریشان و ابتر۔
پاچال ف ع و مغاک جمیع ج لاہہ پانو لٹکا کر کام کرتا ہے ہندی مین گاڑہ جولاہے کا کہتے ہین اور پنجابی مین کہڈی۔

با با تار

بتول ع قاطع علائق دنیا و تارک کنواری لڑکی خطاب بی بی فاطمہ دختر پیغمبر علیہ السلام۔
تبل ع قطع یعنی الگ اور علیحدہ اور جدا۔

با با جیم

بجول ت استخوان بشتالنگ اور پالسہ قمار بازی جس سے قمار یعنی جوا کہیلتے ہین۔

با باحار

بِحِل ح گن وبخشنا معاف کرنا اصل مین یہہ لفظ بہل ہای ہوز سے ہی صیغہ امر ملیدن سے یعنی معاف کر چہوڑ دی گذر جاوے

با باخار

بَخِل ع بخیلی کنجوسی بخیل اسکا فاعل ہے -

با بادال

بددل ف ترسناک ڈرپوک آدمی ڈرنے والا -

بَدَل ف عوض اور بالعلاج کشتی گران وہ داؤ جو حریف کے داؤ کے جواب مین کیا جاوے ہند مین اوسکو توڑ کہتے ہین -

بدل ما یتحلل ع عوض اوس چیز کا جو تحلیل ہو بدن سے -

بدسگال ف بداندیش و دشمن عداوتی بیری -

بَدِیل ع بدلہ کسی چیز کا اور نام حکیم خاقانی کا -

بَدّال ع غلہ فروش جیسے کہ بقال سبزی فروش -

با باذال

بَذل ع بخشش اور دوڑ گھوڑے کی اور تیز رفتاری -

با باراے

برسگال ف برسات کا موسم یہہ ہندی لفظ اصل مین برکھا کال تہا یعنے وقت بارش -

پرتگال نام قوم فرنگ و قسم شراب انگوری -

با بازاے

بَزَل ع سختی شدت آفت رنج بلا و غم و اندیشہ -

با باسین

بِسمِل ع ذبح کرنا اور ذبح کیا ہوا جانور -

با باشین

پشکل ف سرگین شتر و گوسفند و موش جو خشک اور گولی کی طرح اوسکے پیٹ سے نکلے بخلاف سرگین گاو و گاومیش وغیرہ -

بشکل و بشکال ف موسم برسات کا جب بارش ہوتی ہے -

با باصاد

بَصَل ع پیاز جو ایک مشہور چیز ہے -

با باطاء

بَطَل ع دلیر و شجاع و جوانمرد و بہادر آدمی -

بَطّال ع بیکار و دروغ گو جہوٹا آدمی -

با باعین

بَعل ع نام بت جسکو الیاس نبی کی قوم پوجتی تہی و صاحب و شوہر اور

بعال ع اور جماع کرنا در جولیت اور بعل کی جمع ہے بمعنے شوہران اور زمین بلند بے آب خشک زمین -

با باغین

بَغل ع خچر یعنے استر جو ایک مشہور چارپایہ ہے -

بَغَل ف مشہور لفظ ہے بازو کے نیچے کا جسم جسکو کچہہ کہتے ہین -

با باقاف

بَقل ع ترہ یعنے سبزی و ساگ فاعل اسکا بقال ہے -

بَقّال ع سبزی فروش جسکو کونجڑا کہتے ہین مجازاً ہر ایک دوکاندار غلہ فروش

با باکاف

بکاول ف داروغہ باورچی خانہ کا جو کہانا پکانے پر مختار ہے -

با بالام

بَل ع بلکہ

بلال ع نام موذن پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جو حبشی تہا

بلبل و مشہور پرندہ ہے اور گل پر عاشق ہے۔
بلابل و جمع بلبل و جمع بلبلہ کے لفظ کی۔
بلل ع نم و تری آب یعنے پانی نم۔
بلبال ع اندوہ و غم و پریشانی و دلگیری۔
پل ف دریا کا پل اور بیچ ایک مضروب کستانہ کا ہوتا ہے

با با نون

بنی اسرائیل ع یعقوب پیغمبر کی اولاد اور اسرائیل خطاب یعقوب کا تہا

با با واو

بول ع شاشہ پیشاب جو ذی جان کرتا ہے۔
بوالفضول ع سست فضول گو و احمق و نادان آدمی
پوتل ف تانبے کا پیسہ اور دریا کا پل جو پانی پر باندہا جاتا ہے۔

با با ہا

بہل ف چہوڑا امر ہے ہلیدن سے۔
بہلول ع خندہ رو و پیشوائی قوم اور نام ایک بزرگ ولی کا

با با یا

پیرزال ف بوڑہی عورت جو نہایت ضعیف ہو۔
پیرسال ف بوڑہی عورت یا مرد جو کہن سال و ضعیف ہو۔
بیت المال ع بادشاہی خزانہ جسمین روپیہ رہے۔
بیل ف بیا مجہول آلہ آہنی مٹی کہودنے کا پہاوڑا جسکو کہتے ہین۔
پیل ف ہاتہی جو بڑا جانور سواری کا مشہور ہے۔
بیل مال ف کسی مجرم کو ہاتہی کے پاؤن مین ڈالدین تاکچلا جائے
یہ ایک قسم تعذیب کا ہے جو مجرم کو دیا جاتا ہے۔
بیچال ف سرگردان یعنے بیٹہا اور رونے کی۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین لام ہے

تا با الف

تال ف ہ خورد پیالیان و قرص و طرد کیوقت طبلہ کی ساتہ بجاتے ہین یعنے تہپ
تاویل ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسی بات کے ایک بات سے دوسری بات بنانا
تالال ف پریشان و متحیر و اندیشہ ناک و غمگین۔
تامل ع اندیشہ کرنا فکر کرنا غور کرنا کسی کام مین۔
تاہل ع نکاح کرنا عیالدار ہونا نکاح کرنا عورت سے
تاجیل ع مہلت دینا دیر و توقف مین ڈالنا۔

تا با با

تبجیل ع عزت کرنا تعظیم کرنا مدارات سے پیش آنا۔
تبادل ع بدلا لینا عوض معاوضہ کرنا۔
تبدل ع عوض کرنا بدلنا۔
تبدیل ع بدلنا عوض معاوضہ کرنا کسی چیز کا کسی چیز سے
تبعل ع شوہر ہونا کسی عورت کا خاوند بنانا۔
تبتل ع باخدا ہونا تارک الدنیا ہونا عابد و زاہد ہونا

تا با ثا

تثاقل ع گران بار ہونا بوجہل ہونا حاملہ ہونا عورت کا

تا با جیم

تجاہل ع جان بوجہ کر نادان بننا احمق بننا۔
تجمل ع شان و شکوہ و جمال و آرایش و زینت۔

تا با حار

تحلیل ع حلال کرنا خالی کرنا نابود کرنا کسیکو۔
تحصیل ع حاصل کرنا پانا کسی چیز کو۔
تحمل ع برداشت کرنا اوٹھانا۔
تحمیل ع بوجھ لادنا یا انبار کرنا کسی پر۔
تحویل ع حوالہ کرنا داخل ہونا سونپنا پہرنا پہرانا۔

تا با خار

تختۂ اول ف لوح محفوظ جسپر سب بات لکھی ہے
تخلل ع رخنہ خرابی وتباہی وغم وپریشانی۔
تخلیل ع خیال کرنا خیال مین ڈالنا وہم مین ڈالنا کسیکو۔
تخیل ع خیال مین لانا متوجہ ہونا دریافت کرنا۔
تخلخل ع جدا ہونا اجزا کسی چیز کا ایک دوسیسے۔
تخاقوییل ت اسال ایک سال کا نام ہے۔

تا با دال

تداخل ع دو چیزونکو ملانا پیوند کرنا جوڑنا۔
تداول ع نوبت بنوبت لینا دینا کسی چیز کا۔
تذلل ع اپنے آپ کو ذلیل رکھنا۔
تذلیل ع ذلیل کرنا خوار کرنا خراب کرنا۔

تا با رائے

ترازوی عدل ف بادشاہ منصف وعادل۔
ترحال ع کوچ کرنا رحلت کرنا دچل دنیا۔
ترتیل ع قرآن پڑھنا ادای مخارج وصحت الفاظ کے
ترہل ع بروزن تجمل نرم گوشت ہونا۔

ترسیل ع بہیجنا خط یا پیغام یا ایلچی کا۔

تا با زائے

تزلزل ع لرزیدن یعنے کانپنا لرزہ کہانا کسیکا۔
تزلل ع لغزیدن یعنے پہسلنا کسی مقام سے۔

تا با سین

تسلسل ع زنجیرہ دار ہونا روان ہونا پیدا رہونا۔
تساہل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کو۔
تسبیح سال ف رشتہ سالگرہ جو باندہتے ہین۔
تسویل ع آراستہ کرنا کچھہ مانگنا وافترا وسخن آرائی
تسہیل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کا۔

تا با شین

تشکیل ع شکل بنانا صورت بنانا۔
تشکل ع مشکل کی صورت پکڑنا۔
تشاکل ع باہم ایک مشکل ہونا۔

تا با طاء

تطاول ع ظلم درازدستی وجور وجفا وغارت کرنا۔

تا با ظاء

تظلیل ع سایہ ڈالنا کسی کے اوپر سایہ کرنا۔

تا با عین

تعدیل ع برابر کرنا راست ودرست کرنا ہموار کرنا
تعجیل ع جلدی کرنا کسی ضروری کام مین۔
تعطیل ع بیکار ومعطل کرنا کما کرنا۔
تعطل ع بیکار رہنا معطل رہنا۔

تعلّق ع ملنا لپٹنا باہا خوف کرنا محبت اوٹھانا۔

تعمّق ع فکر کرنا اندیشہ کرنا کسی کام مین۔

تعال ع اسکے معنے آؤ۔

تعزیل ع برطرف کرنا جدا کرنا علیحدہ کرنا کسی کام سے

تعمّل ع عمل مین لانا کام مین لانا۔

تعلیل ع وجہ بیان کرنا دلیل لانا علت بیان کرنا

تعویل ع اعتماد کرنا اعتبار کرنا کسی پر۔

تعمیل ع عمل دینا عمل کرنا کام دینا کام کرنا۔

تا با غین

تغافل ع روگردانی کرنا غفلت کرنا کسی کام مین

تا با فا

تفاصُل ع جدا کرنا فرق کرنا الگ کرنا علیحدہ کرنا

تفصیل ع جدا کرنا جمع اسکی تفاصیل ہے۔

تفاؤل ع فال لینا شگون پوچھنا۔

تفضیل ع فضیلت دینا بڑہانا۔

تفضّل ع بزرگی اور عزت و فخر و بڑائی۔

تفاضل ع زیادہ آنا بڑہ کر آنا۔

تفوّل ع فال شگون نیک لینا۔

تفرق اتصال ع زخم بدن جسکے یعنی پہوٹنا زخم کا اور اچھا ہونا

تا با قاف

تقبیل ع بوسہ دینا چومنا کسی چیز کو۔

تقابل ع مقابل ہونا برابر ہونا روبرو ہونا۔

تقبّل ع قبول کرنا مان لینا۔

تقاتل ع ایک دوسرے کو قتل کرنا مار ڈالنا۔

تقلیل ع کم کرنا قلت مین لانا گہٹانا کسی چیز کو۔

تقلقل ع غم و اندوہ و بیقراری و پریشانی و ابتری

تا با کاف

تکاسل ع اپنے آپ کو سست کرنا کاہل بنانا۔

تکاہل ع اپنے آپ کو کاہل کرنا سست بنانا۔

تکسّل ع سست ہونا سستی کرنا کسی کام مین۔

تکفیل ع ضمانت دینا ضامن ہونا کسی کا۔

تکمیل ع کامل کرنا پورا کرنا درست کرنا۔

تکفّل ع ضامن ہونا ذمہ وار ہونا کسی کا۔

تا با لام

تل ف زمین بلند و پشتہ جسپر پانی نہ جاسکے۔

تلال ف کریوہ ہا و پشتہ ہا یعنے بہت سے پشتے۔

تا با میم

تمثال ع صورت و پیکر و فرمان بادشاہی۔

تمثّل ع روبرو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔

تمثیل ع روبرو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔

تماثیل ع صورتین اور فرامین و تصویرین و شکلین۔

تمحّل ع مکر و حیلہ کرنا داو دینا فریب مین لانا۔

تموّل ع مالدار ہونا دولتمند و غنی ہونا۔

تمہیل ع توقف کرنا ڈہیل کرنا کسی کام مین۔

تململ ع بے قراری و بے آرامی و پریشان حالی۔

تا با نون

تنزیل ع اتارنا اور قرآن مجید اور نام ایک کتاب سلوک کا
تنازل ع باہم اوترنا ایک مقام مین۔
تنزل ع اوترنا کم ہونا تھوڑا ہونا۔
تناسل ع اولاد جاری کرنا نسل بڑہانا۔
تنقل ع نقل کرنا کہانا طعام کا۔
تنگدل ف پریشان حال اور مرد بخیل جو خرچ نکرے۔
تناول ع لینا اور اوٹہانا مجازاً کہانا طعام کا۔
تنبول ف برگپان جو مشہور درخت کے پتے ہین۔
تنگسال ف قحط کا برس جس سال غلہ گران ہو۔
تنبل ف آدم فربہ جاہل کاہل بیکار یعنے نکمّا آدمی
جو کوئی ہنر نہ جانتا ہو۔
تنبول ف مکر وحیلہ و دغا و فریب دنیا کیسو۔
تناسل ع بچہ جننا اولاد پیدا کرنا نسل بڑہانا۔

تا با واو

توکل ع سونپنا بہروسا کرنا خدا پر دنیا چہوڑ کر۔
توغل ع کوشش و سرگرمی و مشق کامل ع ور جانا
توکیل ع وکیل کرنا وکیل بنانا۔
توسل ع وسیلہ پکڑنا ذریعہ پیدا کرنا۔
توبال ع برادہ مس و آہن یعنے رگڑا ہوا تانبا لوہا
توشمال ت خانسالار جو باورچی خانہ پر مختار ہو۔
توابل ع مصالحہ طعام زیرہ لونگ مرچ وغیرہ۔

تا با ہا

تہلیل ع لا الٰہ الا اللہ کہنا ذکر نفی و اثبات کا کرنا۔

تہویل ع خوف دلانا ڈرانا دہمکانا۔

تا با یا

تیغال ع ترنجبین جو مشہور دوا ہے۔
تیہ بنی اسرائیل ع ایک جنگل کا نام ہے جہان موسیٰ نبی
علیہ السلام کا لشکر چالیس برس سرگردان رہا۔
تیمول ت جاگیر جو بادشاہ سے کسیکو ملے۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثا اور اخیر مین لام ہے

ثا با الف

ثاکیل ع جمع ثکول جسکے معنے مرگئے ہین۔

ثا با فا

ثفل ع گوز بے آواز یا غائط پہرنا۔

ثا با قاف

ثقل ع گرانی بار یعنے بوجہ کی گرانی۔
ثقل ع گران ہونا بہاری ہونا بوجہل ہونا۔
ثقل ع ہر چیز نفیس نگاہ رکھنے کے لائق۔
ثقیل ع گران اور نام بیماری بدہضمی کا۔

ثا با واو

ثولول ع گوشت پارہ سیاہ جو بدن پر ظاہر ہوتا ہے ہندی مین اسکو مسّہ کہتے ہین

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین لام ہے

جیم باالف

جامغول ت حرامزادہ شریر خراب آدمی۔
جاعِل ع ظاہر کرنے والا پیدا کرنے والا۔
چارمنزل ف شریعت طریقت حقیقت معرفت
جاہِل ع نادان بے علم بے خبر آدمی۔
جادِل ع لڑنے والا جنگ کرنے والا۔
چال ف وہ گھوڑا جسکے بال سرخ و سپید ہون

جیم با بار

جَبَل ع کوہ پہاڑ جو مشہور چیز ہے۔
جِبَال ع جمع جبل کی یعنے بہت سے پہاڑ۔

جیم با دال

جِدَال ع جنگ و خصومت کرنا لڑنا آپسمین۔
جَدَل ع جنگ و پیکار و لڑائی و فساد۔
جَدْوَل خطوط جو کتاب کے صفحہ کے چار طرف کھنچے جاتے ہین
جَدَاوِل ع جدول یعنے بہت سے خطوط۔

جیم بارائے

جَرِ ثقیل ع علم باربرداری جسکے ذریعہ سے باسانی ہزارون من بوجھ اوٹھا سکتا ہے۔

جیم بازائے

جَزائل ع چیزہای محکم و مضبوط و سخت چیزین۔
جَزِیل ع بزرگ و محکم و مضبوط و سخت۔
جَزْل ع سنا ہے خنک و سطبر و سخن درست و محکم و خیر بسیار و عطا نمائی و بزرگی و آواز
جَزَل ع اونٹ کی پشت کا زخم جو پالان سے ہو جاتا ہے۔

جیم باشین

چشم بلبل ف قسم پارچہ جسکو بلبل چشم کہتے ہین۔

جیم باعین

جَعْل ع بنانا اور پیدا کرنا اور نقل کرنا اوس چیز کا جو اصل کے مشابہ ہے
جُعَل ع نام جانور سیاہ رنگ بشکل زنبور جو سرگین وغیرہ گندگی سے پیدا ہوتا ہے۔

جیم باغین

چُغَل ف غماز جو کسیکی پیٹھ پیچھے چغلی کرے۔

جیم باکاف

چگِل ف ترکستان مین ایک شہر ہے۔

جیم بالام

جَلَق ع نام طائر خوش آواز جو بہت اچھی بولی بولتا ہے
جُل ف گدھے کی جل جو گدھے کی پشت پر ڈالتے ہین۔
جَل ع بزرگ اور صاحب عزت و حرمت۔
جَلِیل ع بزرگ و نام خدا تعالے جلشانہ کا۔
جُلَیل ف جل اسپ جو گھوڑے پر ڈالتے ہین۔
چَل ف جاؤ چلو یہ لفظ فارسی و ہندی مین مرکب ہے
جُل ف آلہ تناسل انسان کا۔
جَلَال ع بزرگی عزت و حرمت و بڑائی و فخر۔
جَلَاجِل ع زنگولہ باجا ایک بجانیکی چیز ہے۔
جُلْجُل ع زنگولہ یعنے جھانجھ جو بجاتے ہین۔
جَلَّال ع کناس و خاک روب صفائی کرنے والا۔
جَلَائِل ع بزرگیان اور عزتین اور بڑائیان۔

جیم با میم

جمَل ع شتر یعنے اونٹ جو مشہور چارپایہ ہے۔
جُمَل و جُمّل ع حساب ابجد کے حروف کا۔
جمال ع جمع جمل یعنے بہت سے حساب ابجد کے
جمال ع خوبی صورت وسیرت وحسن انسان کا
جُمّال ع خوب صورت لوگ جو صاحب حسن جمال ہون۔
جمّال ع شتربان جسکو ساربان بھی کہتے ہین
جمیل ع خوبصورت نیکو خو و نیکورو و نیک افعال

جیم با نون

جنبش اول ف حرکت قلم قضا تقدیر کے قلم کی حرکت
جَنْدَل ع بروزن صندل سنگ بزرگ و مہتر قوم
چنگل و چنگال ف پنجہ آدمی وغیرہ۔
چنداول ف وہ فوج جو حفاظت کے لئے
مقرر ہو پاسبانی فوج۔
چنداَل ف پاسبان و فرومایہ وچوکیدار

جیم با واو

جوال ع غلہ جسمین غلہ بہر کر لادتے ہین ہندی مین
اوسکو گون کہتے اور گودڑی و قسم جامہ درویشان
و بمعنے جسم وبدن۔
جَوَال ع گرد پہرنا طواف کرنا۔
جوہر فعّال ع عقل یعنے وہ جوہر جسکے ذریعہ سے کام کرے
جوہر اول ع جبرئیل علیہ السلام یا نور محمدی
جوزہائل ع دہتورہ کا پہل جو مشہور چیز ہے۔
جوَل ع بیابان جنگل ویرانہ زمین۔

جیم با ہا

جہد المُقل ع سعی اندک و پوشش درویش۔
جَہْل ع نادانی بے علمی جبر جیم غلط ہے در فتح جیم صحیح
جہول ع نادان احمق بے علم بے وقوف۔
چہل ف چالیس جسکو عربی مین اربعین کہتے ہین عدد چالیس کا
جَیپال ہ نام راجہ لاہور جسپر محمود غزنوی فتحیاب ہوا
جیل ع گروہ آدمیون کا ہجوم لوگون کا۔

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور آخر مین لام ہے

حا با الف

حامل ع بوجہ اوٹہانے والا بار اوٹہانے والا۔
حال ع زمانہ موجود اور فارسی مین رقص و وجد
عارفانہ و گویی و چوگان و حالت۔
حاصل ع نتیجہ مطلب جو مراد ہل چکے۔
حافل ع انبوہ اور چہاتی دودہ بہری ہوئی۔
حاظل ع باز رکہنے والا منع کرنے والا۔
حال و قال ع حالت فعل اور تقریر بیان اولیاء اللہ کو صاحب حال و قال کہتے ہین

حا با با

حبل ع رسن رگ ریشہ جو جسم مین ہے۔
حبال ع رسیان اور دام جمع حبل چالیان شکاریون کی
حبائل ع جمع حبالہ بمعنی رسن ودام

حا با جیم

حجل ع کبک ہندی چکور نام طائر جو مشہور ہے۔
حجل ع حجلہ یعنے حجلہ ڈولیان جسمین سوار ہوتے ہین۔
حجال ع جمع حجلہ یعنے بہت سی سواری کی ڈولیان۔

حا با را

حریف ع نغل یا گنتی کی داؤ کا نام ہے اور ہمنشین جو مناقف ہو
حرمل ع ہیند مشہور تخم ہے جو آگ مین جلایا جاتا ہے۔

حا با سین

حسن ابدال ع نام مرد ولی و نام مقام پنجاب مین جس جگہ نزار انکا گور
حصول ع حاصل ہونا ملجانا مطلب و مقصود کا۔

حا با لام

حلاحل ع سردار قوم افسر سرگروہ مقدم گانو کا۔
حل ع روان ہونا احرام سے نکلنا فارغ ہونا۔
حل کہولنا اور اوترنا حلال ہونا روا ہونا اور تلون کا
تیل جو اوس سے نکلتا ہے۔
حلل ع جمع حلہ یعنے جامہ اور کپڑا پہننے کا۔
حلال ع گرہ کہولنے والا اور تیل بیچنے والا۔
حلال ع وہ چیز جسکا کہانا اور برتنا شرعًا درست ہے
حلول ع اختصاص کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھہ جیسے اختصاص سایے
کا اجسام کے ساتھہ اور داخل ہونا کسی چیز کا کسی مین۔

حا با میم

حمال ع بار اوٹہانے والا یعنے جسنے بار اوٹہایا ہوا ہو۔
حمول ع وہ دوا جو پارچہ پر لگا کر دُبر یا قبل مین رکہین
حمول ع صابر و متحمل بار بردار آدمی قائم مزاج آدمی۔
حمل ع اوٹہانا و بار شکم اور وہ بار جو گردن پر اوٹہایا جاوی
حمل ع بار جو پشت یا سر پر رکہین اور گناہ۔
حمل ع نام برج اول آسمانی اور گہان غالب کرنا و نام بچہ بہیڑ کا
حمائل ع دوال تلوار کی اور جو چیز گردن مین لٹکائین۔

حا با نون

حنظل ع نام ایک پہل کا جسکا پہر بہندوا کہتے ہین نہایت تلخ ہوتا اور خوش رنگ

حا با واو

حول ع بازگشت کرنا پہرنا رجوع لانا و قوت دانائی اور گرد پہرنا۔
حول ع کج بین ہونا بہینگا آدمی بازگشت قوت توانائی
حول ع پہرنا ایک جگہ سے دوسری جگہہ جانا بازگشت کرنا۔
حواصل ع نام مرغ سفید یعنے بگلا جو مشہور پرند ہے
حوامل ع زنان حاملہ یعنے پیٹ والی عورتین۔

حا با یا

حیال ع حیلہ گر آدمی مکار و فریبی اور بدعہد آدمی۔
حیل ع یہ لفظ جمع حیلہ کی ہے بہت سے حیلے و مکر۔
حیض الرجال ع غیبت و کلام بیفایدہ و فضول گوئی۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور آخر مین لام ہے

خا با الف

خال ع ماموں یعنے والدہ کا بہائی و بزرگی و دانائی و

سیاہ جسکو تل کہتے ہین و بمعنی آبلہ و پہپھولا جو جسم پر ہو جائے۔

خامل ع گمنام مرد فرومایہ و کمینہ یعنے پاجی۔

خا با جیم

خجل ع شرمندہ اور رسوا و شرمندگی کی حالت۔

خجال ع شرم و حیا جو اچھے لوگون مین ہوتا ہے۔

خا با دال

خذول ع شرمندہ و بے بہرہ و بے نصیب و رسوا و خوار

خا با راے

خردل ع رائی جو مشہور ہے اور اچار مین ڈالی جاتی ہے

خرذال ع نامرد و ڈرنے والا اور بزدل آدمی۔

خا با زاے

خزعبیل ع لغو و باطل ناکارہ بات کذب و دروغ

خا با ضاد

خضل ع شور و غل اٹھانا و پیدا و لگانا۔

خصال ع جمع خصلت کی عادتین خوبین انسان کی۔

خصائل جمع الجمع خصال کی یعنی بہت سی خصلتین اور خوبیان

خا با طا

خطل ع خطا و غیبت خاران جو لوگ ہنستے ہیں اور ٹھٹھا کرتے ہین

خا با لام

خلال ع فاصلہ میان دو چیز اور دوستی کرنا لائق کرنا کسیکو دوست

بہت سے دوست اور بہت سی خصلتین اور چوب دندان

یعنی جو تنکا دانتون مین پہیرین و خس و گیاہ از روئے مجاز

خلیل ع سچا دوست اور لقب ابراہیم پیغمبر علیہ السلام کا جنکو خلیل اللہ کہتے ہین

خلخال ع نام زیور جو پانو مین پہنتے ہین یعنے جہانجہر پانو کے پہننے کا زیور

فارسی مین پای برنجن نام ہے و نام شہر جو مشہور ہے

خلیل ع یار و دوست رفیق و ہمنشین ہم صحبت۔

خل ع سرکہ جو مشہور ترش چیز ہے۔

خلل ع کشادگی و رخنہ و تباہی کار و خرابی کسی کام کی جو واقع ہو جاوے

خا با میم

خمول ع گمنامی و از خود رفتگی و مفلسی و نادانی۔

خمل ع خالص جس مین دوسری چیز کی آمیزش نہو۔

خا با واو

خول ع دولت و لشکر و غیرہ اسباب و سامان امیر کا

خوال ع چہینکا جو اوپر سے جلد کا ہو۔

خوال ع طعام خوردنی و دودہ و چراغ یعنے چراغ کا پہول

خا با یاے

خیطل ع گربہ کیوان جو معروف ہے یعنی گہر کی بلائی۔

خیل ع گروہ مردم و گلہ اسپان و گاوان و گوسفندان

یعنے بسیار و بمعنے کم و حرف اسپ۔

خیول ع سواران و اسپان سواری۔

خیال ع کوئی گمان یا صورت جو خواب مین نظر آوے یا

بیداری مین تصور کیجائے اور نام ایک قوت کا جو

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف دال اور آخر مین لام ہے

دال باالف

دَاخُول و دَاخُل ع شاہی محل کا برآمدہ جسمین علم لوگ بیٹھین ع رو، نشان جو دفع مرغون کیلیے زراعت پر نصب کرین۔

دَاءُ الفِیل ع نام بیماری کہ پانو ساق تک سوج کر ہاتہی کے پانو کے برابر ہو جاتا ہے۔

دَاہُول ع یعنی کوئی نشان جو منع مرغونکی لیے زراعت پر نصب کرین۔

دَاخِل ع دخل کرنیوالا اور جس سے دخل کیا ہو۔

دَارِفُلفُل ع پیپلین شہور ہے۔

دَال ع راہ نمار استہ دکہانیوالا پیر مرشد استاد

دال باجیم

دَجّال ع مخالف یعنے مسیح کا حضرت عیسٰے کا دشمن

دال باخا

دَخل ع آنا اور آمدنی روپیہ پیسہ کی اور اعتراض کرنا کسی کام مین

دَخِیل ع جو شخص کسیکے کام مین دخل رکہتا ہو۔

دُخُول ع گہسنا اندر جانا داخل ہونا۔

دال باسین

دست و دل ف قوت وہمت و طاقت جسم کی

دست دل ف پریشانی اور بیقراری کی حالت مین۔

دَستار ف ہاتہ پونچہنے کا کپڑا جسے کہانے کے بعد ہاتہ پونچہین

دال باعین

دَغَل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغاباز و زند ناسرہ۔

دال باقاف

دَقَل ع تیر کشتی و نخل بد بار و درخت خرما و زبون۔

دال باکاف

دَکَل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغاباز۔

دال بالام

دَلّ ع ناز و کرشمہ جو عاشق سے معشوق کرتے ہین۔

دَلَال ع غمزہ و اشارہ و آنکہہ سے رمز و کنایہ۔

دِلَال ع ناز و کرشمہ و رمز و کنایہ۔

دَلّال ع جو شخص اشارون سے کام کرے اور جو شخص دو شخصون مین ثالث ہو کر سودا کرا دے۔

دَلِیل ع نخود یا گندم خام جو پردہ مین ہوا اور اسکو بہون کر کہاتے مین یہ ایک قسم کی خوراک ہے۔

دُلدُل ع نام مادہ خچر سفید ابلق بیاہی جسکو حاکم سکندریہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کیا اور حضرت نے علی المرتضٰے کو بخشدیا۔

دِل ف قلب سوچ و جان وارادہ و قصد۔

دَلِیل ع رہبر و راہنما جمع اسکی دلائل ہے۔

دِل یا دَل ف برائیمہ یہ لفظ ہندی مستعمل ہوا ہے

دال بامیم

دُمَّل ع پہوڑا جمع اسکی دمامیل ہے۔

دال بانون

دَنگل ف میدان لڑائی کا۔

دُنبال ف دم حیوانونکی پس و عقب و پیچہا ہر ایک چیز کا۔

دُنبَل ف پہوڑا جو کسیکے بدن پر ہو۔

دال باواو

دُوَل ع جمع دولت یعنے بہت سی دولتین۔

دُولاب ع دولاب کش و کاسہ پیچیا و کشتی خرد و لکہہ۔

دوال ف تسمہ چرم اور چوب جس سے نقارہ اور شتری بجاتے ہین
و تیغ و شمشیر یعنے تلوار جو مشہور تہیا ہے -
دوکال ف نام سرود جو فارس مین گایا جاتا ہے -

دال با ہا

دہل ف نقارہ و شتری جو بجایا جاتا ہے -
دہ دل ف منافق و بے شجاع و جا نمرد و بہادر آدمی -

دال با یا

دیہ ہم گل ف ہرقل کا کلیسا اور ہرقل بادشاہ کا نام ہے جو نصرانی تہا -

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف ذال اور اخیر مین لام ہے

ذال با الف

ذات الشمال ع صاحبان طرف چپ یعنے کافران و مشرکان
ذاہل ع غافل و کاہل و سست آدمی -

ذال با با

ذبول ع لاغری و پژمردگی و پریشانی و ابتری -
ذبول ع لاغر و پژمردہ و برگشتہ حال و ابتر -
ذبال ع فتیلہ ہا جمع ذبالہ یعنے فتیلہ کی ہندی بتی

ذال با لام

ذلیل ع خوار و کمینہ و گمراہ و مطیع و نرم و آسان
ذل ع خواری و ابتری و خرابی -
ذل ع نرمی و فرمانبرداری و اطاعت -

ذلول ع نرم و مطیع و فرمانبردار و تابع -

ذال با واو

ذو الجلال ع صاحب بزرگی خدا کا نام ہے -

ذال با ہا

ذہول ع غفلت و تغافل اور سہو و نسیان -

ذال با یا

ذیل ع دامن ذیول اسکی جمع ہے یعنے بہت سے دامن
ذی بال ع صاحب عزت و شان و خوبی و صاحب فخر

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف را اور اخیر مین لام ہے

را با الف

راجل ع پیادہ جو سوار نہو -
راحل ع کوچ کرنے والا ایک مقام سے دوسرے کو
راس المال ع سرمایہ تجارت پونجی -

رائے با با

ربیع الاول ع تیسرے مہینے قمری کا نام ہے -

رائے با جیم

رجل ع پا یعنے پانو انسان یا حیوان کا -
رجل ع پیادہ ہونا اور آدمی جمع اسکی
رجال ہے -

رائے با حا

رحل ع مسکن منزل رخت و اسباب پالان شتر اور کوچ کرنا و مجازاً و تختہ چوبی آپس مین ملے ہوئے جسپر قرآن رکہتے ہین۔
رحال ع جمع رحل گہوڑا سواری کا یا چوپایہ لکڑی جسپر قرآن رکہتے ہین
رحیل ع کوچ کرنا چل دینا ایک مقام سے دوسرے مقام کو

راے با ذال

رذیل و رذل ع ناکس و فرومایہ و خراب و پریشان و رہاچی
رذائل ع جمع رذیلت ناکسی ہا و فرومایگیہا۔

راے با سین

رسول ع بہیجا ہوا و پیغمبر صاحب کتاب و قاصد و پیک جو کسیکا پیغام لیجاے
رسل ع جمع رسول بہت سے پیغمبر و ایلچی و قاصد۔
رسائل ع نامہ ہا و ہمراہان و ہم زبانان۔
رسیل ع ہمراہ و پیام بر و فرستادہ یعنے ایلچی۔

راے با طاء

رطل ع پیمانہ نیم آثار یعنے آدہ سیر کا پیمانہ۔

راے با قاف

رقم اول ف نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم جو سب سے اول پیدا ہوا
رقص جلوا ف قسم رقص یعنے رقص بارہ تال۔

راے با میم

رمل ع ریگ اور نام علم فال کا اور علم قرعہ۔
رمل ع نام بحر نوزدہ بحور نظم سے اس وزن پر فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات اور لغت مین تانا بنایا ماخوذ رملان سے جسکے معنے اونٹ دوڑانے کے ہین۔
رمال ع ریگہا یعنے بہت سی ریگین۔

راے با واو

رواحل ع جمع راحلہ سواریان گہوڑے اونٹ وغیرہ کی۔
رومال ف مشہور لفظ ہے وہ کپڑا جس سے مونہہ پونچہین

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف زا اور آخیر مین لام ہے

زاے با الف

زاجل ع درخت زقوم جسکو ہندی مین تہوہر کہتے ہین
زاہل ع پہولنے والا درخت یا پہول وغیرہ۔
زاحل ع ماندہ ہونیوالا خراب ہونیوالا۔
زابل ف نام شہر و ولایت سیستان مین۔
زاغنول ف نوا مجہول سلاح تیر جو مشہور ہتہیار ہے
زائل ف دور ہونیوالا گم ہونیوالا محو ہونیوالا۔
زال ف زن پیر و مرد پیر۔

زاے با بار

زبل ع سرگین اسپ و استر و خر وغیرہ۔

زاے با حاء

زحل ف نام ستارہ جو آسمان ہفتم پر نحس اکبر اور ساتوین آسمان پہ اوسکا مقام ہے۔
زکال و زغال کوئلہ جو لکڑی جلاکر بناتے ہین

زاے با لام

زلزال ع لرزانیدن یعنی کنپانا لرزہ دینا کسی چیز کو۔

زلازل ع جمع زلزلہ یعنے بہت سے زلزلے۔
زلق ع لغزش و نقصان و کمی تراز و مین اور لغزش کا مقام
زلال ع نام کرم جو برف مین پیدا ہوتا ہے و بمعنی آب سرد شیرین

زاے با نون

زندہ پیل ف بڑا ہاتہی اور لقب شیخ احمد جام کا۔
زنجبیل ع سونٹہہ جو ایک مشہور چیز اور معروف دوا ہے
زنبیل ع گدائی کا زنبیا تہیلا جسمین فقیر روٹی کے ٹکڑے جمع کرتے ہین

زاے با واو

زوال ع ایک حال سے دوسرے حال پر ہونا پست ہونا کم ہونا

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف سین اور اخیر مین لام ہے

سین با الف

سادہ دل ف مرد نادان و احمق و کم عقل
ساحل ع کنارہ دریا کا۔
سافل ع نیچے والا زیرین یعنی منزل زیرین و مکان زیرین
سائل ع پوچھنے والا مانگنے والا جاری ہونے والا روان بہنے والا
سالیفریس یونانی زبان مین کشتی و بزبان ہندی نام درخت جسکی لکڑی کار آمد ہوتی ہے۔

سین با بار

سبل ع بیماری آشوب چشم سرخی چشم و موی دار گوں جیسے آنکھون
و نشتر چہیدا سوتی پرتا بکنپار اسکو صدمہ پلکین سرکر جاتی مین

سبل ع راہہا یعنے راستے جمع سبیل کی۔
سبیل ع راستہ و آب و شیرینی وقف۔
سبال ع جمع سبلت یعنے موچھین۔
سبال ع وہ شخص جسکو بیماری سبل کی ہو۔

سین با جیم

سجیل ع کچا پتھر جو نہ کا جسکو جلا کر عمارت مین لگاتی ہین
سجل ع وہ سند جسپر قاضی یا حاکم کی مہر ہو یا دستخط۔
سجال ع ڈولہا بہت سے ڈول جمع سجل۔
سجنجل ع رومی زبان مین آئینہ کو کہتے ہین۔
سجقان ئیل ف بارہ سالون سے پہلے سال کا نام ہے

سین با حار

سحبان بن وائل ع نام مرد فصیح و بلیغ عرب جو اپنے زمانہ مین یکتا تہا
سحر حلال ع شعر و سخن فصیح و نام مثنوی جسکا مصنف اہلی شیرازی تھا
سحیل ع رشتہ یعنے تاگا سوت کا۔

سین با رائے

سراویل ع پاجامہ جو مشہور کپڑا ہے۔
سرافیل ع نام فرشتہ حامل صور۔
سر حلقہ عقل ع کنایہ عقل اول و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم
سر خیل ف سردار افسر سر گروہ و سپہ سالار۔
سرغل ف نام سردار مغل جو بڑا امیر تھا۔
سرمای کل ف سرمای خفیف آغاز بہار جب تھوڑی سردی ہو
سربال ع پیراہن اور چیز پوشیدہ۔

سین با زائے

سَزاوُل ف حاصل کنندہ یعنے حاصل کرنیوالا۔

سین با طار

سَطل ع ایک قسم کا طشت ہوتا ہے جو مشہور برتن ہے

سین با عین

سُعال ع سرفہ کہانسی جو مشہور بیماری ہے۔

سین با فار

سُفال ع و آ ونڈ گلی مٹی کا برتن کمہار کا بنایا ہوا برتن۔

سِفل ع پستی اور وہ مکان جو سب سے نیچے ہو۔

سَفَرجَل ع وہ میوہ جسکو بہی کہتے ہین۔

سُفُول ع پستی یعنے پست ہونا نیچے ہونا۔

سین با قاف

سِقال ت محاسن لحیہ ریش داڑہی آدمی کی۔

سقای نیل فع کنایۃً ابر سحاب بادل جو برستا ہے

سین با کاف

سِگال ف خیال و اندیشہ و وہم و گمان اور خیال و اندیشہ کرنیوالا

سین با لام

سَل ع نکالنا تلوار یا چہری کا اور فصد کرنا یعنے خون نکالنا

سِل ع باہر نکالا گیا و بمعنی نطفہ و نام مرض جسکو فارسی مین کشتی و نے جسکو تلہ کہتے ہین اور ایک قسم کا پتہیا جسکو سیل کہتے ہین۔

سَلاسِل ع جمع سلسلہ زنجیرہای آہن یعنے لوہے کی زنجیرین۔

سَلسال آو شیرین خوشگوار سرد اور میٹھا پانی۔

سَلسَبِیل ع نام چشمہ کا جو بہشت مین جاری رہتا ہے۔

سَلِیل ع فرزند و بچہ و اولاد لڑکی ہو یا لڑکا۔

سَلقُل ت دست چپ یعنے بایان ہاتہ چپ۔

سَل ت چپ یعنے بایان طرف اگر اسکے ساتھ قل کا لفظ ملاوین تو بایٔن ہاتہ کے معنے دیتا ہے کیونکہ قل ترکی مین ہاتہ کو کہتے ہین۔

سلامان آبسال ع نام عاشق و معشوق نام کتاب جسمین انکا قصہ لکہا ہے

سَلَسِ البَول ع نام مرض جسسے بیمار کا بول بے ارادہ نکلجاتا ہے

سین با نون

سُنبُل گیاہ خوشبو جسکو بالچہڑ کہتے ہین و خوشہ جو و گندم جسکو سنبلہ کہتے ہین

سین با واو

سَواحِل ع جمع ساحل کنارہ ہای دریا ندی کے کنارے

سَوال ع مانگنا پوچہنا طلب کرنا کسی سے۔

سَؤُول ع بوزن فعول بہت سوال کرنیوالا سوالی۔

سوزن بال ع پرہای بچہ مرغ جو چہوٹے چہوٹے پر ہوتے ہین۔

سین با ہار

سُہَیل ع نام ستارہ کا جسکو اگستہ کہتے ہین۔

سَہل ع آسان و زمین نرم و ہموار و میدان۔

سین با یار

سِیال ف قحط سال جس سال غلہ گران ہو

سَیل ع طغیانی پانی کی رود دریا کا جو بہت سا آئے۔

سُیُول ع جمع سیل کی چڑہاؤ پانی کے۔

سیہ چال ف چاہ سیاہ جسمین قیدیون کو قید کرتے ہین

سَیّال ع رقیق و جاری ہونیوالا سیلان رکھنیوالا

سَیر حاصل ف اچھی زراعت کی زمین جس سے غلہ حاصل ہو
سَیورغال ت مدد معاش و انعام و روزینہ و درماہ

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین لام ہے

شین باالف

شاخل ق قسم غلہ جسکو ایسہ کہتے ہین کہ شراہکی ال ہناتے ہین۔
شاغل ع شغل کرنیوالا و مل ع و باز رکہنے والا کسی کام سے
شال ع قسم جامہ پشمین جسکو دوشالہ کہتے ہین
شاخ گل ف کنایۃً معشوق و محبوب۔
شاقول غلولہ آہن و رشتہ جس سے معمار کام سیدہا کرتے ہین

شین با بار

شِبل ع بچہ شیر درندہ کا اور شیر مشہور جانور ہے۔

شین باتار

شتل ف وہ حصہ جو قمار باز غالب اہل مجلس کو دیوے

شین باحار

شحم حنظل ع مغز حنظل ہندی مین اوسکو تماکہتے ہین

شین باخار

شخول و شخیل و شخل ع صفیر و بانگ و فریاد ناخون سے اوکہاڑنا اور کاٹنا جانور کا چونچ سے۔

شین باطار

شطل مع شتغال [illegible]

شین باغین

شغال ع گیدڑ معروف چارپایہ ہے۔
شُغل ع مصروف ہونا متوجہ ہونا کسی کام مین۔

شین باکاف

شکیل ع رسن اسپ و مکر و فریب و دغا اور داو دینا۔
شکال ع ریسمان اسپ و شتر و مکر و فریب و دغا۔
شکل ع صورت شباہت انسان کی۔
شکیل ع صاحب شکل خوب صورت و حسین آدمی

شین بالام

شلیل شفتالو نام میوہ و نام جامہ۔
شَل ع وہ شخص جسکے ہاتھ پانو حرکت نکرسکین اور فارسی
شَل ع نیزہ کوچک یعنی چھوٹی برچھی جو مشہور ہتہیار ہے۔
شُل ع نام میوہ کا۔

شین بامیم

شمول ع شامل ہونا ہمراہ ہونا محیط ہونا ساتھ ہونا۔
شمل ع پریشانی و پراگندہ و جمع ہونا اور شامل ہونا ساتھ ہونا
شمال ع وہ ہوا جو قطب کیطرف سے آئے۔
شمال ع دست چپ و عادت و جانب قطب۔
شمائل ع شکل اور تازہ شاخ درخت خصلتین و عادتین

شین بانون

شنگول شوخ خوبصورت اور حسین و معشوق و محبوب
شنگل ف شوخ و عیار و رہزن اور ڈاکہ مارنیوالا۔

شین باواو

شَوْل ا، اوٹہایا جانا سیر و شکار کرنا کسی باغ یا جنگل مین
شَوَّال ع، نام دسویں مہینہ سیر و شکار کا یعنے خوشی کا مہینہ
شَوَاغِل ع، جمع شغل یعنے بہت سے شغل اور کام
شَوْرغَل ت انعام و روزینہ و درماہہ جو مقرر ہو

شین با یار

شیشہ دل ف نامرد و بددل و ڈرپوک آدمی کم حوصلہ
آدمی جو کسی معرکہ جنگ وغیرہ مین نہ جاسکے ۔
شیر دل ف پہلوان جوانمرد جنگ آور لڑویہ

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف صاد اور اخیر مین لام ہے

صاد با فار

صَفِ نِعَال ع، اخیر کی صف جو جوتیوں کے پاس ہو

صاد با لام

صَلْصُل ع، فاختہ و بقیہ آب حوض مین اور گھوڑے
کی پیشانی کے بال و نام موضع و نام دریا ۔
صَلْصَال ع، باریک مٹی اور خشک مٹی اور کچی مٹی کہ
جب اوسپر ہاتھ مارین آواز نکلے اور ایسی ہی مٹی سے
خمیر آدم علیہ السلام کا ہوا تھا ۔
صَلِیْل ع، لوہے کی آواز تلوار کی ضرب کی آواز
صَلَاصِل ع، جمع صُلْصُل فاختہ یعنے بہت سی قمریان ۔
صَلْع کُل ف، [illegible]

صاد بالنون

صَنْدَل ع، خوشبودار لکڑی کا نام ہے جو مشہور ہے

صاد با واو

صُؤَال ع، حملہ کرنا و دہاوا کرنا دشمن پر ۔

صاد با ہار

صُہَیْل ع، آواز اسپ یعنے گھوڑے کی آواز ۔

صاد با یار

صَیْقَل ع، چمکانے والا صیقل کرنے والا روشن کرنیوالا
اور اسباب صیقل کرنے کا اور صیقل کرنا روشن کا ۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ضاد اور اخیر مین لام ہے

ضاد با الف

ضَآل ع، گمراہ جو سیدہے رستے پر نہو ۔

ضاد با حار

ضَحْل ع، آب اندک تہوڑا پانی جو کسی نشیب مین ٹھہرا ہو

ضاد با رائے

ضَرْبُ الْمَثَل ع، مثال و تمثیل جو کسی بات مین کہی جائے

ضاد با لام

ضَلّ ع، گمراہ فاسق فاجر ۔
ضِلِّیْل ع، گمراہ فاسق فاجر
ضَلَال ع، گمراہی یعنے فسق و فجور ۔

سولھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف طا اور آخیر مین لام ہے

طا با الف

طابق النعل بالنعل ع قدم بقدم چلنا پیروی کرنا
طائل ع فائدہ و نفع و سود جو کسی سے حاصل ہو۔
طال ع دراز ہوا بڑھ گیا لمبا ہوا۔

طا با یار

طبل ع نقارہ اور ستری جو بجایا جاتا ہے۔

طا با حار

طحال ع سپرز یعنے تلی جو اندرونی عضو کا نام ہے

طا با راسے

طرہ بال ع مانند مینار جو مسجد وغیرہ مقامات مین بناتے ہین

طا با فار

طفل ع آدمی بچہ لڑکا جو خورد سال ہو۔
طفیلی ع نام شاعر کوفی اور وہ شخص جو ناخواندہ دعوت مین جاوے ہمراہ مدعو کے و مجازاً وسیلہ و ذریعہ۔

طا با لام

طلق محلول ع ابرق حل کیا ہوا عمل کیمیا گران۔
طل ع شبنم اور قطرے پانی کے جو خورد ہوں
طلق ع چہرہ کا البتہ کشادہ ہونا ...

طا با واو

طول ع دراز جسکو ہندی مین لمبا کہتے ہین۔
طویل ع دراز اور نام بحر بحور نظم سے جو لمبا بحر ہے
طول امل ع حرص ہوا و امید دراز آیندہ کی امید۔

ستر ہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ظا اور آخیر مین لام ہے

ظا با لام

ظل ع سایہ خیال و نمونہ و سایہ اول روز یعنی ابتدائے دن کا سایہ
ظل ع سایہ آخر روز جو بعد زوال کے غروب تک سایہ رہے
ظل ظلیل ع سایہ دائمی سایہ دراز و سایہ کامل و پناہ و حمایت۔
ظلال ع سایہ بان و جائے سایہ یعنے جس جگہ پر سایہ پڑے
ظلال ع جمع ظل بہت سے سایے۔

اٹھار ہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور آخیر مین لام ہے

عین با الف

عاجل ع جلدی کرنیوالا تیزی و تندی کرنے والا۔
عاطل ع برہنہ و خالی و بیکار و معطل و موقوف۔
عالم مثال ع عالم موجودات و کائنات و پیدائش
عائل ع فقیر و درویش و مفلس و تنگدست۔
عاقل ع ... ... کرنے والا

عامِل ع کام کرنیوالا عمل کرنیوالا کام کا آدمی ۔
عاقِل ع صاحب عقل و ہوش و ہشیار آدمی ۔
عاذِل ع ملامت کرنے والا کسی بد کام پر کسیکو ۔

عین با تار

عَتِیل ع تشنہ و خشک لب جو پانی کی خواہش رکھے
عُتُل ع درشت آزردہ ستمگار و سبطبر و فربہ اندام ۔

عین با جیم

عَجُول ع شتابندہ و حیران و پریشان و بیقرار
عِجل ع بچہ گاؤ گوسالہ و قبیلہ عرب سے ۔
عَجِیل ع جلد باز تیز و تند خو آدمی ۔

عین با دال

عُدُول ع برگشتگی و روگردانی و نافرمانی و بغاوت
عُدُول ع گواہ معتبر و مقبول و راست گو و عادل
عَدِیل ع برابر در قدر و مرتبہ و ہم وزن و ہمتا ۔
عَدل ع مثل و نظیر اور برابر کرنا انصاف کرنا داد گری برابر کرنیوالا
عِدل ع ایک طرفہ بار جو گھوڑے کی پیٹھ پر لادین ۔

عین با زاے

عزّ و جلّ ع غالب ہوا اور بزرگ ہوا صاحب مرتبہ و عزت دار
عِزرائیل ع نام فرشتہ قابض ارواح جو لوگوں کی جان لیتا ہے
عَزازِیل ع نام پہلی شیطان کا جب مردود ہوا تو ابلیس نام کہا گیا
عَزال ع نام پردہ موسیقی یعنے قسم راگ کا ہے
عُزُول ع بیکار ہونا اور بیکار کرنا مستعمل بر طرف شدہ

عین با سین

عَسَل ع شہد جو مشہور چیز ہے انگبین بھی اسکو کہتے ہین ۔

عین با طار

عُطُل ع زن بے زیور و حروف مہملہ یعنے بے نقطہ و معشوق بے ساز

عین با قاف

عَقِیل م مرد بزرگ دانا و نام ایک شہر و نام پسر ابیطالب
عَقل ع خرد و دانش اور نام ایک قوت کا قواے انسانی
عُقُول ع دانا و ہشیار و عقلمند آدمی ۔
عُقُول ع جمع عقل فرشتگان مقرب خدا کے مقرب فرشتے
عقل فعّال ع عقل منتہی جو مدبر ہیں نشہ ہم جبرئیل انہی کو کہتے ہین
عقل کل ع اول پیدایش نور محمدی یا عرش ۔
عِقال ع وہ رسن جس سے اونٹ باندہتے ہین ۔
عقد انامل ع انگلیوں پر گننا کسی حساب کا ۔

عین با لام

عِلَل ع بیماریاں اور مرض یہ لفظ جمع علت کی ہے
عَلِیل ع بیمار جسکو کوئی بیماری ہو ۔
علت اصل ع عقل اول نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
علی الحال ع زود و شتاب اور اسیوقت ۔

عین با میم

عَمَل ع کام ہر ایک طرح کا جو انسان کرے ۔
عُمّال ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والا ۔

عین با نون

عَنادِل ع جمع عندلیب بلبلین جو مشہور پرندہ ہے

عین با واو

عَوَل ع کسیکو اپنا عیال کرنا عیالدار ہونا بخشش و قسمت یا دکہ غلبہ کرنا ظلم کرنا نفقہ دینا بلند آوازہ کرنا رونا مایل کرنا سنگ ہونا

عَوَل ع اعتماد و تکیہ کرنا بہروسا کرنا کسی پر۔

عَوِیل ع رونا آوازہ کے ساتھ چلا کر رونا۔

عَوَامِل ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والے

عین با یار

عِیَال ع زن و فرزند گہر کے لوگ۔

عین الکمال ع چشم زخم یعنے بد نظر۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور اخیر مین لام ہے

غین با الف

غَافِل ع بے خبر نادان و بے وقوف و جاہل۔

غین با رائے

غِربَال ع پرویزن چہلنی آٹا چہاننے کی۔

غِرْدَل ف بد دل ضد شجاع کی یعنے کم حوصلہ

غین با زائے

غَزَال ف آہو برہ و آفتاب یعنے سورج۔

غَزَل ع کہنا محبوب کے ساتہ اور حکایت کرنا کبہی از حدیث صحبت و عشق مین

غَزْل ع رشتہ و ریسمان و رسن اور بانٹنا رشتہ وغیرہ کا۔

غین با سین

غُسل و غَسل ع تمام بدن کا دہونا نہانا۔

غَسْل ع مطلق دہونا کسی چیز کو پانی سے۔

غِسْل ع وہ پانی جس سے کسی چیز کو دہویا جائے۔

غین با لام

غُلُول ع خیانت کرنا غنیمت مین اور آب کا ان درختون مین

غَلَول ع زود ہضم طعام جسکو بیمار ناتوان بہی ہضم کرلے۔

غُل ع طوق آہنی و بند و تشنگی اور پیاس۔

غِل ع کینہ و خیانت و کدورت جو دل مین ہو۔

غَلِیل ع تشنگی و تشنہ و کینہ۔

غَلَل ع تشنگی و سوزش۔

غِلَل ع تشنگان جمع غلیل۔

غین با واو

غَوَائِل ع سختیان اور بلایان جمع غائلہ۔

غُول ع ایک قسم کی پیدائش جنی ہے اور جنگلی۔

غِیل ع جنگل و ویرانہ و نیستان۔

غَیْل ع عورت کا دودہ جو بچہ پیتا ہے ایسی حالت مین کہ عورت حاملہ ہو اور وہ بچہ کو نہایت مضر ہے اور آب جاری اور تمام رود جو کوہ ابو القبیس کے نیچے جاری ہے۔

غیم ہاطل ع ابر برسنے والا۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین لام ہے

فا با الف

فال ف شگون لینا قرعہ وغیرہ کے ذریعہ سے ۔
فارغ البال ف بے تعلق خالی و بیکار ۔
فاصِل ع حد کرنیوالا فاصلہ کرنے والا ۔
فاضِل ع صاحب فضیلت و علم ۔
فاعِل ع کام کرنے والا کام کا آدمی ۔

فا با جیم

فَجل و فُجل ع ترب یعنے مولی ۔
فَجَل و فَجَالَة ع سست ہونا موٹا ہونا جسم و فربہ اندام ہونا
رَجُل ع مرد سست و نامرد و خراب و کم ہمت و کم حوصلہ

فا با حا

فحل ع نر خلاف مادہ کے یعنے مذکر ۔
فحول ع بہت سے نر اور بہت سے مرد ۔

فا با را

فرگل ف پیراہن سردی کا جو جاڑے میں پہنا جاے

فا با سین

فِسکل ت تمام قطار سے بارہوان گھوڑا ۔

فا با صاد

فصول ع جمع فصل کی ۔
فِصال ع جدائی اور دودھ چھوڑانا بچہ کا جدا کرنا الگ کرنا
فصّال ع جدا کرنیوالا و دربان پردہ دار و بچہ کا دودھ چھوڑانے
فصیل ع دیوار قلعہ و حصار شہر و بچہ جسکا دودھ چھوڑایا گیا
فَصل ع موسم اور ایک حصہ اور ایک ٹکڑا و جدا کرنا و جدا ہونا
و پردہ و حجاب بیچ دو چیز و نیز اوریا زرکہنا اور رکنا ۔

فا با ضاد

فَضل ع زیادتی و بخشش و غلہ و فاضل ہونا صاحب علم و ہنر ہونا
فضائل ع جمع فضیلت افزونیہا و ہنرہا یعنے بہت سے علم
فُضَیل نام ایک ولی کامل کا جنکے مرید سلطان ابراہیم بن ادہم تھے
فُضول ع حصے جو افزون ہون و بیفائدہ باتیں اور جمع فضل کی بہت سی بزرگیان
فُضول ع زیادہ گو اور وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے

فا با طا

فطرت اوّل ف پیدائش ارواح جو سب سے پہلے ہوئی ہے

فا با عین

فعّال ع بہت کام کرنیوالا کام کا آدمی محنتی و جفاکش
فِعال ع جمع فعل کی یعنے بہت سے کام ۔
فِعل ع کام کار ۔

فا با قاف

فقید المثل ع بے مثل لاثانی جسکے ساتھہ کا دوسرا نہوا

فا با لام

فِلفِل ع مغرب پلپل مشہور پہل ہے جسکو مرچ کہتے ہین ۔

فا با واو

فواضل ع بخششین و عطایات و علوم و ہنر و عزت و بزرگیان
فواصل ع کلمہ آخر آیات قرآن بمنزلہ قافیہ جسکو وہ ہی کہتے ہیں
فوفل ع ایک پہل سپاری جو پان کے ساتھہ کہاتے ہین ۔

فا با یا

فیصل ع حاکم و حکم و فیصلہ کرنے والا درمیان حق و باطل کے
فی الحال ع اسی وقت فوراً بہت جلد اسی دم ۔
فی المثل ع مثلاً جسکی مثال یہہ ہے ۔

فیل ع ہاتھی جو مشہور جانور سوار یکا ہے۔
فیل تن ت تودہ کسی چیز جو بقدر قامت فیل کے ہو

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف قاف اور آخر مین لام ہے

قاف باالف

قائل ع قبول کرنیوالا اقرار کرنے والا اپنے گناہ پر
دوپہر کو سونے والا۔
قابل ع پیش آنیوالا قبول کرنے والا وسال آیندہ و سزاوار و پسندیدہ
قال ع گفتگو بات تقریر جو کسی سے کیجائے۔
قاتل ع قتل کرنیوالا مار دینے والا جان سے۔
قال مقال ع بہت گفتگو بات چیت تقریر۔

قاف با بار

قبول ع مان لینا مصدر شاذ ہے۔
قبولی ع پیش آنا و بمعنے مقبول یعنے مانا گیا۔
قبل ع عورت کی شرمگاہ ضد دُبر جو مقعد کو کہتے ہین
قبیل ع طرف جہت جانب طریق طرز و روش۔
قبل ع پیش آگے ضد بعد کی جسکے پیچھے کے معنے ہین۔
قبال ع بلند دونون کی اونچائی کریوہ کی۔
قبائل ع قبیلہ جماعتین قومین یعنے بہت گروہ یک جد ہی لوگ
قبیلہ ع بیشتر گروہ مردم یعنی ہمراہی و جماعتین لوگونکی

قاف با تا

قتیل ع کشتہ قتل ہوا ہوا عورت یا مرد مارا ہوا۔
قتال ع جنگ لڑائی و معرکہ اور میدان لڑائی کا۔
قتال ع بہادر لڑنے والا جوانمرد و پہلوان۔
قتل ع مار ڈالنا کسیکو جان سے خون کرنا۔

قاف باذال

قذعمل ع شیر فربہ یعنے موٹا اور جسیم اونٹ۔
قذال ع پس سر و دنبال گردن یعنے پیچھا سر کا پشت و گھوڑے کی کانو کا پیچھا

قاف باراے

قرنفل ع لونگ جو مشہور سیاہ رنگ پہل ہے
قراول ت برق انداز و بیشتر لشکر و وہ فوج جو واسطے تعین مکان جنگ کے مقرر ہو
قرب نوافل ع وہ قرب جو عبادت سے حاصل ہو۔
قرمل ت بچہ شتر بختی یعنے بغدادی اونٹ کا بچہ

قاف بازاے

قزل ت رنگ سرخ جو مشہور رنگ ہے
قزل ع لنگی زشت۔
قزل ع لنگ۔

قاف باصاد

قصیل ع غلہ جو سبز یعنی خوید جو گھوڑون کو کہلاتے ہین

قاف باعین

قعل ع جانوران شکاری کو ایک ہی دفعہ چھوڑنا۔

قاف بافار

قفل ع تالا مشہور آہنی آلہ دروازہ بند کرنے کا ہے

قاف بالام

قُلَل ع شکی مین بہتو قلاسا اور عربی زبان مین بمعنی کہد
قلقلع آواز شراب کی … کلام مہمل … جسکو عجب قلقلی کہتے ہین
قُلَل ع جمع قلہ سرہاسے کوہ پہاڑون کی چوٹیان -
قلیل ع کم تہوڑا تہوڑا مقدار کسی چیز کا -

قاف با میم

قُمل ع سپش جمع کی شہور کرم انسان کے کپڑون بالون مین پڑ جاتی ہے
قَمَل ع جون ہونا بڑی پیٹ والا ہونا پر شکم ہونا
قُمَّل ع چیچڑی چیلخ جمع قملہ یہ دونو مشہور جانور ہین -

قاف با نون

قِندیل ع معرب کندیل و ظرف جسمین چراغ جلانے مین اور ظرف جسمین تیر رکہتے ہین قنادیل اوسکی جمع ہے

قاف با واو

قوافل ع جمع قافلہ بہت سے کاروان بہت سے قافلے
قوّال ع مرد زبان در و سخنگو و سرود گو اور گانے والا
قول ع گفتار بات چیت گفتگو زبانی تقریر -

قاف با یا

قیقال … جسکو سر کہتے ہین … کا موں …
قیل نام ایکاجنگل کا و کلام و سخن و زبانی تقریر -
قیل و قال ع گفتگو بات چیت اور آپس کی تقریر -

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے

اول حرف کاف اور آخیر مین لام ہے

کاف با الف

کابل ع مشہور شہر ہے اور افغانستان کا وہ دار السلطنت ہے
کامل ع صاحب کمال اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے
کاکل ع موے میان سر مجازاً زلفین معشوق کی
کافل ع ضامن و ذمہ دار صاحب کفالت -
کاہل ع سست آدمی و میانہ دو کتف ستور -

کاف با تا

کُتَل ع زمین بلند جنگل مین یعنے پشتہ زمین کا -

کاف با جیم

کجل ع بد رفتار و خراب چال چلنے والا -
کچکول ف فقیرونکا کاسہ گدائی کی زنبیل -

کاف با حا

کحل ع سرمہ مشہور چیز ہے جو آنکہون مین کیا جاتا ہے -
کحّال ع سرمہ کش آنکہونکا طبیب سرمہ بنانے والا -
کحیل ع جسکی آنکہون مین سرمہ کیا ہو -

کاف با سین

کسل ع کاہلی و سستی و سست اندامی -
کسال ع دو رہ جدا و علیحدہ و الگ -
کسیل ع دفع کرنا ہٹانا کسی چیز کا -
کسل ع کیمتی توڑنا اور توڑنے والا -

کاف با شین

کشکول ف فقیرونکا کاسہ جسکو کچکول بھی کہتے ہین

کاف باغین

کعب الغزال ع قسم شیرینی بتاشہ جو مشہور شیرینی ہے۔

کاف با فا

کفل ع سُرین آدمی یا حیوان کے سُرین یعنے چوتڑ

کِفل ع بہرہ و حصہ و بجزء و قسمت و نصیب ۔

کفیل ع ذمہ وار ضامن کام اپنے ذمہ پر لینے والا۔

کاف با لام

کلال ع ماندگی اعضا و خیرگی و کندی جسم کی۔

کُلال ف مٹی کے برتن بنانے والا کمہار ۔

کَل ت گنجا جسکے سر کے بال جھاری ہو اور گنجے ہون۔

کَل ع گنگ و لال یعنی جو شخص بان سی بات نہ کرسکے۔

کُل ع تمام و کمال پوری چیز۔

گُل ف پہول و داغ آگ کا ۔

کلکل ف کلغی اور عربی مین شگفتگی گلزار و سبزہ ۔

کِلال ع گنگی و بستہ زبانی یعنے گنگ ہونا بے زبان ہونا

کلمل ف ہرزہ گوئی و بیقراری ۔

کلکل ف شور و غوغا فتنہ و فساد جوش و خروش۔

کلیل ع کند و سُست و ماندہ و گنگ و بے زبان ۔

گِل ف مٹی پانی کے ساتہہ ملی ہوئی و خاک منجمد۔

کاف با میم

کمال ع پورا ہونا جسمین نقصان نہو و شخص بے عیب اور تخلص ایک شاعر کا

گنبدگل ف غنچہ جسکو کلی کہتے ہین ۔

کنگل ف مسخرہ و ہزل و ظرافت ہنسی مسخری ۔

کاف با واو

گول ف تالاب و مغاک جس مین پانی بہرا ہو ۔

گول ف پوستین پوست میش و گودڑی کہنہ اور

گوجکنا بدال ف قلندر چہوٹے مرید کو کہتے ہین ۔

کوتوال ف صاحب قلعہ و حاکم و خبر گیر شہر کا ۔

کوتل ت اسپ سواری جسپر کوئی سوار نہو ۔

گوپال ف گرز آہنی جو جنگ کا ہتہیار ہے ۔

گول ف بواو مجہول احمق و مکر و فریب و دغابازی

گوت بواو غیر ملفوظ تالاب ... پانی کا

گوال ف جوال یعنی گون غلہ لاونے کی جسمین غلہ ڈالکر چارپایہ پر لادتے ہین

کاف با ہاے

کہل ع مرد میانہ پیر و نہ جوان و مرد دو موے ۔

کہول ع مرد دو مو یعنے سیاہ و سفید جسکے بال ہون

کاف با یاے

کیل ع پیمانہ اور ماپنے والا پیمانے سے ۔

کیال ع ماپنے والا اور پیمائش کرانے والا ۔

گیل ف نام ملک جسکو گیلان کہتے ہین ۔

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور اخیر میں بہی لام ہے

لام با الف

لال ف گنگ بے زبان و رنگ سرخ جو مشہور رنگ ہے

لَاحَول ع نہین قوت و بازگشت۔

لَاحَل ع مشکل بات جو حل نہو سکے۔

لازال و لازوال ع ہمیشہ رہنے والی چیز اور جسکو زوال نہو

لَایَعقِل ع بے عقل بیوقوف نادان احمق آدمی۔

لَاطَائِل ع بیفائدہ و بے سود جسمین نفع نہو۔

لایَزَال ع بے زوال یہ نام خدا تعالے کا ہے۔

لام باسین

لِسَانُ الحَمَل ع نام تخم جسکو بارتنگ کہتے ہین۔

لام باطا

لَطَایِفُ الحِیَل ع حیلہ ہا و خوبی ہا یعنی بہت سے حیلے اور خوبیان

لام باعین

لَعل معرب لال سرخ و نام جوہر جو سرخ ہوتا ہے۔

لَعَلَّ ع شاید قریب ہے یہ بات ہونے کو ہے۔

لام باواو

لوی یُئل ت نام شہر اور نام ایک سال کا۔

لُول ف بیحیا و بے شرمی و بیحیائی۔

لا بایا

لَیل ع شب اور رات شام سے صبح تک کا وقت

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور آخر مین لام ہے

میم باالف

مَال ع وہ چیز جسکو دیکھکر انسان میل کرے مثل نقد و جنس وغیرہ سامان جو انسان کو دنیاداری مین مطلوب ہے یا ہو

مَآل ع بروزن مقال جای بازگشت و انجام و عاقبت

مالامال ع کثیر و بسیار و پُر و مملو اصل مین یہ لفظ مال اور مال تھا

مَاکُول ع کہانے کی چیز اور کہائی ہوئی چیز۔

مَاوَّل ع بوزن منور تاویل کیا گیا۔

مَاثَل ع نشان مکان کا جس کے آثار باقی نہون

مَاحَصل ع جو چیز حاصل ہو فائدہ نفع سود۔

مَأمُول ع امید کیا گیا طمع کیا گیا آرزو کیا گیا۔

مَائِل ع میل کرنیوالا رغبت کرنیوالا توجہ کرنیوالا۔

مَالَایَنحَل ع جو چیز لائق کہلنے کے نہو یعنے حل نہو سکے

مَاکَل ع مصدر میمی بمعنے خوردن یعنی کہانا تناول کرنا

مَاقَلّ و دَلّ ع وہ تہوڑی جو دولت بہت پر کرے اور تہوڑی عبادت جس سے بہت سے معانے حاصل ہون

میم بابا

مَبَال ع جائے بول یعنی قضیب مرد و شرمگاہ زن

مَبَاقِل ع وہ زمین جہان ساگ بویا ہوا ہو۔

مُبتَذِل ع ذلیل و خوار و بے عزت و بے آبرو

مُبطِل ع باطل کرنے والا دور کرنے والا۔

مُبِل ع رہندہ و صحت یافتہ و ترکنندہ و اشکبار

مُبَدَّل ع بدلا گیا عوض مین لایا گیا۔

مُبتَذَل ع خرچ کیا گیا تصرف مین لایا گیا۔

میم باتا

متکفل ع ضامن یعنے ذمہ دار کسی بات کا
متزلزل ع کانپنے والا ہلنے والا بیقرار بے چین
متعلق ع بوخلل انداز یعنی جو شخص کسی بات مین خلل ڈالنے
متماثل ع مشابہ مانند و مثل و شبیہ و ہم صورت۔
متفاول ع فال لینے والا شگون لینے والا۔
متاہل ع عیالدار اور وہ شخص جسکی شادی ہو چکی ہو
متامل ع غور کرنیوالا تامل کرنیوالا کسی کام مین۔
متبدل ع تبدیل کیا گیا بدلا یا گیا۔
متجاہل ع جان بوجھ کر بے خبر بننے والا۔
متخیل ع خیال کیا گیا۔
متصل ع ملا ہوا قریب پاس پاس۔
متوسل ع وسیلہ ڈہونڈہنیوالا ذریعہ ڈہونڈہنیوالا
متوصل ع ملاپ کرنیوالا پیوند کرنے والا۔
متوکل ع بہروسا رکہنے والا توکل کرنے والا۔
متخلخل ع پولا جو اندر سے خالی ہو۔
متشکل ع شکل اختیار کرنیوالا صورت پکڑنے والا
متمایل ع خواہشمند آرزومند۔
متداول ع نوبت بنوبت لیا گیا دست بدست پہیر گیا
مترسل ع خط بہیجنے والا ایلچی بہیجنے والا۔
متحمل ع باربردار و صاحب تحمل نرم مزاج
متعالی ع بلند ہونیوالا اوپر کو چڑہنے والا۔

میم با ثار

مثقال ع وزن ساڑہے چار ماشہ کا۔

مثال ع شبیہ و نظیر و تصویر و فرمان قاضی و مانند و
بمعانہ و حکمنامہ و عالم مثال یعنے عالم خواب۔
مثیل ع آمالہ مثال چنانچہ کتیب آمالہ کتاب۔
مثل ع مانند یہ لفظ تشبیہ مین مستعمل ہے۔
مثل ع وصف حال و داستان و قصہ و حکایت

میم با جیم

مجنون ع جنا نا گیا مجازاً بے عقل بے وقوف آدمی
مجال ع جولان کرنیکا مقام و قدرت و طاقت۔
مجمل ع جمع کیا گیا طول داستان کو مختصر بیان کیا گیا
مجبول ع پیدا کیا گیا ظاہر کیا گیا نکالا گیا۔
مجادل ع لڑنے والا جنگ و جدل کرنے والا۔

میم با حار

محفل ع جمع ہونیکا مقام جسجگہ بہت لوگ جمع ہون
محافل ع جمع محفل کے لفظ کی یعنے بہت سی مجلسین
محال ع غیر ممکن بات جسکا وقوع مین آنا مشکل ہو
محال ع جائے محل اترنیکا مقام و جمع محل یعنے
بہت سے مقام اترنے اور رہنے کے۔
محال ع مکر و حیلہ و فریب و دغا۔
محلول ع حل کیا گیا باریک کیا گیا پتلا بنایا گیا۔
محتمل ع احتمال کیا گیا گمان کیا گیا کسی بات مین
محمل ع کجاوہ اونٹ کا جسپر مسافر بیٹہتے ہین۔
محاول ع حوالہ کرنے والا سپرد کرنے والا۔
محجل ع اسپ سرخ رنگ جو چارپاؤن سے سفید ہو

مُحَصِّل ع تحصیل کرنیوالا یعنی پیادہ حاکم کا جو زر وصول کرنیکے واسطے بہیجا جائے
مُحَصَّل ع حاصل کیا گیا یعنے جو روپیہ حاصل ہوا ہو
مُحَیِّل ع حیلہ گر و مکار و فریبی آدمی ۔
مُحَوِّل ع سپرد کرنے والا حوالہ کرنے والا ۔
مُحَوَّل ع سپرد کیا گیا حوالے کیا گیا تفویض کیا گیا ۔
مَحْصُول ع حاصل کیا گیا لے لیا گیا وصول کیا گیا ۔
مَحْمُول ع گمان کیا گیا بار اوٹھایا گیا وہم کیا گیا ۔

میم با خا

مَخْذُول ع خوار کیا گیا خرابی مین ڈالا گیا ۔
مَخْمَل ع مشہور نام کپڑے کا جو ریشمی ہوتا ہے
مُخَیَّل ع خیال کیا گیا گمان کیا گیا کسی بات مین ۔
مَخَاذِیل ع خوار کئے گئے یہ لفظ جمع مخذول کی ہے
مُخْتَل ع خلل پایا ہوا رخنہ پایا ہوا ۔
مُخِل ع خلل ڈالنے والا رخنہ ڈالنے والا ۔
مُخَلْخَل ع جو چیز آپسمین چسپان نہو الگ الگ ہو
مُخْتَال ع متکبر و مغرور آدمی ۔
مَخَایِل ع جمع مخیلہ جاہای خیال یعنی آثار و علامات کسی چیز کے

میم با دال

مَدْخَل ع دخل کرنا داخل ہونا اور مقام دخل کا مصدر میمی کا مقام اندر جانیکی
مُدْخِل ع بخیل ممسک آدمی جو کچھہ خرچ نہ کرے ۔
مُدْخَل ع داخل کرنے کا مقام اور داخل کیا گیا ۔
مُداخِل ع مقامات دخل آمدنی نذر اور پیوند کرنا سینا جڑنا اور ملانا جوڑنا جو تو کرنا تہہ بہ تہہ لگانا اور گہر کے مکان ۔

مُدْخُول ع داخل کیا گیا اندر لایا گیا ۔
دَبْدَبِیل ف نعرہ بلبل کا اور آواز بلبل کی ۔
مُدَلِّل ع دلیل سے ثابت کرنیوالا صاحب حجت ۔
مُدَلَّل ع دلیل سے ثابت کیا گیا جو بات دلیل سے ثابت ہو ۔
مُدَمِّل ع جو چیز زخم کو پاک کرکے اچھا کر دیوے ۔
مَدْلُول ع دلالت کیا گیا اشارہ کیا گیا راہ کہلایا گیا ۔

میم با را

مِرْجَل ع دیگ مسی جسمین کہانا پکائین ۔
مُرْتَجَل ع شعر بدیہہ کہا گیا اور وہ لفظ جو ایک معنے سے دوسرے معنے مین بے مناسبت کہا جائے ۔
مُرْغُول ع پیچ و تاب اور بال پیچدار و آواز مرغان اور الاپ مغنیون کا اور وہ آواز جو پیچدار ہو ۔
مُرْسَل ع بہیجا گیا اور نبی رسول پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم
مَرْسُول ع بہیجا گیا یہ لفظ خلاف قیاس مشہور ہے ۔
مُرَفَّہ الحال ع آسودہ حال خوش معاش مالدار و دولتمند آدمی
مَراحِل ع منزلین جمع مرحلہ کے لفظ کا ۔
مربع مستطیل ع چار گوشہ مائل بطوالت مثل تقطیع کتاب
مُراسِل ع وہ عورت جسکی خط کتابت مردون سے ہو

میم با زا

مَزَال ع لغزش و جای لغزش یعنی پہسلنے کی جگہہ
مُزِیل ع دور کرنیوالا زائل کرنیوالا کم کرنیوالا ۔

میم با سین

مُسْتَاصِل ع بیخ سے اوکہاڑا گیا نابود کیا گیا ۔
مُسْتَاہِل ع سزاوار و لائق کیا گیا ۔

مُسْتَذَلْ ع ذلیل وخوار رکہا گیا بعزت کیا گیا۔
مَسَالْ ع جمع مسئلہ جوال دوز لوگ اور سوزن کلان جس سے جوال سیتے ہین۔
مُسْتَحِیْلْ ع محال و ناممکن وحیلہ گر مکار۔
مُسْتَمَالْ ع مائل کیا گیا تسلی دیا گیا اطمینان کیا گیا۔
مُسْتَقِلْ ع صاحب استقلال محکم ومضبوط۔
مُسْتَقْبِلْ ع پیش آنے والا زمانہ آئندہ۔
مُسْتَقْبَلْ ع تصویر دوچشمی جسکی دونو آنکہین نظر آوین۔
مُسْتَعْجِلْ ع دوڑنے والا جلدی کرنے والا۔
مَسِیْلْ ع پانی جاری ہونیکا مقام چشمہ وغیرہ۔
مُسْتَجَلْ ع سجل کیا ہوا درست وآراستہ مہر کیا گیا
مُسْتَطِیْلْ ع جسم دراز جسکا طول وعرض برابر نہو۔
مَسَائِلْ ع مسئلہ کی جمع ہے بہت سے مسئلے
مُسْتَعْمَلْ ع استعمال کیا گیا کام مین لایا گیا۔
مُسْتَهِلْ ع نیا چاند دیکھنے والا ہلال کا دیکھنے والا
مِسْحَلْ ع گور خر جو مشہور جانور ہے۔
مَسْئُوْلْ ع سوال کیا گیا مانگا گیا طلب کیا گیا۔
مَسْلُوْلْ ع کہنچا گیا باہر نکالا گیا اور یہ لفظ سیف کے ساتہہ مستعمل ہے چنانچہ سیف مسلول۔
مُسْتَدِلْ ع دلیل طلب کرنے والا حجت مانگنے والا
مُسْتَبْدِلْ ع بدلنے والا کسی چیز کو کسیکے ساتہہ
مُسْتَبْدَلْ ع بدلا گیا عوض مین لیا گیا۔
مُسْتَعْمِلْ ع ساکن ہونیوالا دوا دستانیوالی جسکو کہا میم دستانی آئین

مُسَلْسَلْ ع زنجیر مین باندہا گیا زنجیر دار پیچ در پیچ۔

میم با شین

مَشَاعِلْ ع جمع مشعل کی بہت سی مشعلین۔
مَشَاغِلْ ع جمع ہے شغل کی بہت سے کام۔
مُشَاکِلْ ع ہم شکل ہونیوالا شخص۔
مُشْعِلْ ع شعلہ مارنے والا روشن۔
مَشْغُوْلْ ع کام مین روکا ہوا۔
مُشْکِلْ ع کٹہن و دشوار بات۔
مَشْلُوْلْ ع جسکے ہاتہہ پیر رہ گئے ہون اور شل ہو گیا ہو۔
مُشْتَمِلْ ع احاطہ کرنیوالا شامل ہونیوالا ہمراہ ہونیوالا۔
مُشْتَعِلْ ع شعلہ زن آگ روشن آگ۔
مُشْتَغِلْ ع مشغول ہونیوالا کسی کام مین۔
مُشْتَمَالْ ف ورزش پہلوانون کی۔
مُشْتَمُوْلْ ع احاطہ کیا گیا شامل ہوا ہوا ہمراہ ہوا ہو کسی چیز کے

میم با صاد

مَصْقُوْلْ ع صیقل کیا گیا روشن وصاف کیا گیا۔
مُصَیْقَلْ ع روشن کیا گیا اور روشن کرنیوالا۔
مَصَاقِلْ ع جمع ہے مصقلہ کے لفظ کی۔

میم با ضاد

کیطرف لانیوالا۔
مُضْمَحِلْ ع نیست ومحو ونا چیز وسست ہونیوالا۔

میم با ظاء

مِظَلْ ع سائبان جسکے سایہ مین بیٹہین۔

میم با عین

مَعْمُوْل ع اعتماد کیا گیا اسم مفعول عول سے
مَعْوَل ع جائے تکیہ اعتماد اور بھروسے کا مقام
مُعَوَّل ع اعتماد کرنا اور اعتماد کیا گیا۔
مِعْوَل ع کلنگ آہنی جس سے لوہا کان سے نکالتے ہین
مَعَاقِل ع جاہائے پناہ وسرحدہا ومقامات مشکل۔
مُعَامِل ع معاملہ کرنیوالا اشتقاق وآرزومند خرید وفروخت کرنیوالا
مُعْضِل ع دشوار ومشکل کرنے والا۔
مَعْقُوْل ع پسندیدہ جسکو عقل مان لے۔
مُعَادِل ع برابر ومساوی۔
مُعْتَدِل ع برابر تاثیر مین۔
مُعْتَزِل ع گوشہ نشین خلوت مین بیٹھنے والا۔
مَعْمُوْل ع عمل کیا گیا عادت روزمرہ۔
مُعِیْل ع مرد عیالدار جسکے گھر کے لوگ بہت ہون
مُعَطَّل ع بیکار کیا گیا توقف مین ڈالا گیا۔
مُعَقَّل ع وہ اونٹ جسکے بازو باندہے ہوئے ہون۔
مُعَجِّل ع پیشی گیرندہ وشتابی کرنیوالا۔
مَعْلُوْل ع سبب ہائے مزوری اور مزوری علتین۔
مُعَلِّمِ اوّل ع لقب حکیم ارسطو حکیم آلہی کا ہے۔

میم با غین

مَغْلُوْل ع طوق گردن مین ڈالا گیا قید کیا گیا باندہا گیا
مِغْزَل ع دوک جس سے سوت کاتتے ہین۔
مَعْمُوْلات ع قسم مشغول کا [illegible]

مُغْسَل ع غسل دیا گیا نہلایا گیا دہویا گیا۔
مَغْسُوْل ع دہویا ہوا غسل دیا ہوا نہلایا ہوا

میم با فا

مُفَضَّل ع فضیلت دیا گیا بڑہایا گیا بزرگی دیا گیا
مُفَضِّل ع فضیلت دینے والا بزرگ بنانے والا
مُفْضِل ع افزونی کرنے والا بڑہنے والا۔
مَفْضُوْل ع فضیلت دیا گیا بزرگی دیا گیا۔
مَفْصِل ع بوزن منزل جوڑ بندہ اندام یعنی انسانکی جسم جوڑونکی جگہیں
مَفْصُوْل ع فصل گیا گیا جدا کیا گیا الگ کیا گیا۔
مَفْعُوْل ع فعل کیا گیا یعنی جسکے ساتھ فعل کرین
مُفْتَل ع بٹے ہوئے رستے یا ڈورا بٹا ہوا تاگا۔
مُفَصَّل ع بوزن منور تفصیل کردہ شدہ ونام کتاب
مَفَاصِل ع بدن کے جوڑ یعنی ہاتھ پانو وغیرہ۔
مَفْتُوْل ع تار بافتہ وتاب پیچیدہ اور سوت کاتا ہوا

میم با قاف

مَقَال ع مصدر میمی گفتگو کرنا بات چیت کرنا۔
مُقْبِل ع قبول کرنیوالا وصاحب اقبال۔
مُقْبَل ع قبول کیا گیا مانا گیا۔
مُقَبَّل ع بوسیدہ ہوا ہوا گھسا ہوا پرانا ہوا ہوا۔
مَقْتَل ع جائے قتل جہان کوئی شخص قتل ہو۔
مُقَاتِل ع جنگ کرنیوالا اور جنگ کیا گیا۔
مُقَوِّل ع سخن مینی کرنا یا بولنا کسی شخص کو کہنا اور لگانا بائی کا
مُقْل ع گوگل جو ایک مشہور چیز ہے اگ پر جلایا جاتا ہے۔

مُقِلّ کم کرنیوالا درویش وفقیر ومفلس و نادار

مُقَل ع جمع مقالن گرز جو ایک مشہور ہتہیار ہے

مُقَلْقَل ع شراب اور بے قرار ومضطرب آدمی -

مِقْوَل ع جائے گفتگو یعنے زبان جس سے گفتگو کرین

مُقَابِل ع روبرو اور سامنے اور آگے -

مَقْبُول ع قبول کیا گیا مانا گیا -

مَقْتُول ع قتل کیا ہوا مارا ہوا شخص -

مَقِيل ع دوپہر کو سونا اور چاشت کو شراب پینا قیلولہ بہی اسکو کہتے ہین جسکے معنے دوپہر کو سونے کے ہین -

میم با کاف

مَكْبُول ع بند کیا گیا قید کیا گیا باندہا گیا -

مُكَلَّل ع طلع کیا گیا جڑا ور روشن اور چمکتا ہوا وتاج سر رکہا ہوا

مُكَحَّل ع سرمہ ناک آنکہین جسمین سرمہ کیا ہوا ہو -

مُكْحُل ع سرمہ دان جسمین سرمہ رکہتے ہین -

مُكْحُول ع سرمہ کیا ہو جسنے اپنی آنکہون مین سرمہ لگایا ہوا ہو

مَكِيل ع ماپا گیا پیمانہ سے وزن کیا ہوا -

مِكْيَال ع پیمانہ جس سے کوئی غلہ وغیرہ اشیا پا ہین

مَكَايِيل ع جمع مکیال بہت سے پیمانے ماپنے کے -

مُكَمَّل ع کامل کیا گیا تمام کیا گیا پورا کیا گیا -

میم با لام

مُلَّا جلال ع نام کتاب منطق مین جو شرح تہذیب کی ہے

مِلَل ع جمع ملت بہت سے دین ومذہب وطریق -

مَلَال ع دلگیری وغمگینی وفکر واندیشہ -

مُل ع شراب جسکو عربی مین خمر کہتے ہین -

مَلُول ع غمگین ودلگیر واندیشہ ناک فکرمند آدمی -

میم با میم

مُمَاثِل ع مانند ہونیوالا کسیکی صورت بننے والا -

مُمَثَّل ع ہم مثل کیا گیا صورت سے صورت ملایا گیا -

مُمِلّ ع ملول کرنیوالا دلگیر کرنے والا -

میم با نون

مَنْهَل ع چشمہ جو جیا گاہ مین ہو اور چارپایہ اوس سے پانی پیئین اور روان پانی بہتا ہوا -

مَنَاهِل ع جمع منہل کی یعنے بہت سے چشمے -

مَنْزِل ع اوترنے کی جگہہ جائے نزول وخانہ وگہر

مُنْزَل ع اوتارا گیا کسیکو کسی مکان مین -

مَنَازِل ع جمع منزل بہت سے مقام اوترنے کے

مِنْجَل ع درانتی جسنے زراعت کاٹتے ہین یہ ایک آلہ آہنی ہوتا ہے

مَنْجَل ع کسی چیز کے ڈالنے کا مقام -

مُنْدَمِل ع زخم بہرا ہوا جو اچہا ہونے والا ہو -

مُنْتَعِل ع نعل کی شکل ہو مجازا ماہ نو -

مُنْحَل ع کہلنے والا ظاہر ہونیوالا -

مُنْخُل ع پرویزن غربال چہلنی -

مُنْفَصِل ع فیصل شدہ علیحدہ جدا الگ -

مَنْقُول ع نقل کیا گیا ہو بہو صورت سے اوتارا گیا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ رکہا گیا -

مَشْعَل ع انگیٹہی جسمین آگ جلاتے ہین -

مَنْدِیل ف دستارچہ جمع مَنَادِیل ہے یعنے پگڑی کا۔
مَنْدَل ف دایرہ افسون گران جادوگرونکا دایرہ
مَنْحُول ع کسی اور کا شعر جو اپنا کہکر پڑھتا ہو۔
مَنْوَال ع جلاہےکی لکڑی جسپر بنا ہوا کپڑا لپیٹا جاتا ہے و دستور و طور و طریق
مَنَال ع حاصل کرنیکا مقام جاے امید و آرزو۔
مَنْبَل ع کاہل سست بد اعتقاد و محل زخم و نام دوا جو زخم پر لگاتے ہین
مُنْفَعِل ع شرمندہ اثر قبول کرنے والا۔
مُنْتَقِل ع نقل کرنیوالا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجانیوالا

میم با واو

مُوصِل ع نام شہر عراق مین و نام جزیرہ و جاے وصل و مقام پیوند اور جوڑ کی جگہہ۔
مُوصِل ع پہونچانیوالا وصل کرنے والا۔
مُوصَل ع پیوند کیا گیا جوڑ لگایا گیا۔
مورچال و مورچل ف مغاک جو قلعہ کے گرد کہود کر اوسکی اوٹ مین قلعہ والون سے لڑتے ہین۔
مُوَمَّل ع امیدوار و صاحب امید و آرزو۔
مُؤَجَّل ع فرصت دیا گیا مہلت پا گیا دیر مین ڈالا گیا۔
مُوَکَّل ع جسکو کوئی کام سپرد ہو یعنی وکیل و مختار۔
مُوَکِّل ع کام سپرد کرنیوالا وکیل بنانیوالا۔
مُول ع معشوق زن و ناز و حرامزدہ و درنگ و تاخیر و امر بمعنے باش و غمزہ و کرشمہ۔
مَوْصُول ع ملا ہوا پیوند کیا ہوا جوڑا ہوا۔

میم با ہا

مُہْمَل ع چہوڑا گیا بیکار کیا گیا مہلت دیا گیا۔
مَہْبِل ع فرج عورت کا شرمگاہ عورت کی۔
مُہْمَل ع متروک و بیکار و معطل و نکما آدمی۔
مَہَل ع آہستگی و توقف و مہلت و فرصت۔
مُہْل ع مس گداختہ یعنے گلایا ہوا تانبا۔
مَہِل ع مگذار یعنے نہ چہوڑ۔
مُہَلْہَل ع زہر دیا گیا اور باریک کپڑا بنا ہوا۔

میم با یا

مَیْل ع خواہش و توجہ و خمیدگی و ڈہلنا اور رغبت کرنا۔
مِیل ع سرمہ سلائی و علامت مسافت یعنی ایک کوس کا تہائی حصہ جو سرمہ لگانیکا و اندازہ مسافت یعنی کرہ و قصبہ چہار ہزار قدم اور مگدر بہلوانونکا جس سے ورزش کرتے ہین۔
مِیکَال و مِیکَائِیل ع نام فرشتہ جو رزق پر موکل ہے۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین لام ہے

نون با الف

نَال ف رشتہ جو قلم سے نکلتا ہے و نیشکر و بیدغانہ و نے میانہ تہی
نَاقِل ع نقل کرنیوالا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجانیوالا۔
نَارْجِیل ع ناریل کہو پرا مشہور چیز ہے۔
نَازِل ع اوترنے والا نزول کرنے والا۔
نَاقَابِل ع نالایق اور نکما آدمی۔
نَامَعْقُول ع نامناسب و خراب۔
نَابِل ع چشمے سے پانی بہنے والا و پانی جاری۔

نائل ع دریافت کرنیوالا جستجو کرنیوالا کسی چیز کو۔

نون با بار

نبیل ع بزرگ و دانا و نیکو و فربہ۔
نبائل ع بزرگان و نیکو کاران۔
نبل ع تیر اندازی و تیر و نیکو کاری و آگاہی۔

نون با جیم

نجل ع نسل و اولاد و فرزند اور ڈالنا۔

نون با حار

نحول ع لاغر ہونا گل جانا گداختہ ہونا۔
نحل ع شہد کی مکھی جو مشہور جانور ہے۔
نحل ع مذہب ہای باطلہ جمع نحلت یعنی جھوٹے مذہب۔

نون با خار

نخل ع درخت خرما اور آٹا چھاننا چھلنے سے۔
نخیل ع درخت خرما و درختہای خرما یہ لفظ جمع نہین بلکہ جمع کا حکم ہے
نخلۂ بنی ہلال ع مکہ کے راہ مین ایک نخلستان کا نام ہے منسوب بنی ہلال سے۔

نون با زاے

نزل ع ضیافت جو مہمانکو دین سامان مہمانداری
نزول ع اُترنا کسی جگہہ و مقام پر ٹھہرنا۔
نزیل ع مہمان جو اپنے گھر مین آکر اوترے۔

نون با سین

نسل ع اولاد و شاخ درخت کی اور سبزہ ہونیوالی شاخ

نون با صاد

نصل ع پیکان تیر و نیزہ جو مشہور ہتھیار ہین۔
نصول ع جمع نصل بہت سے تیر و نیزے۔
نصال ع جمع نصل تیر و نیزے جو بہت سے ہون۔

نون با طار

نطول ع پانی کسی دوا کا عضو پر ڈالنا اور اوس سے دھونا
نطول ع وہ پانی جو دوا سے نکالا جاوے۔

نون با عین

نعال ع جمع نعل یعنے پاپوش ہندی جوتی۔
نعل ع کفش جوتا اور نعل آہنی جو گھوڑونکے پانوین لگاتے ہین
نعم البدل ع بہتر بدلہ نیک عوض جو ملجاوے۔

نون با غین

نغول ع قیام گاہ مویشی جو ویرانہ مین ہو۔
نغول ع عمیق و ژرف و دور و بعید۔
نغول ع نرد بان یعنے لکڑی کی پوڑی۔
نغل ع جای شب باشی چارپایان جو جنگل مین ہو اور سیراب ہونا و بد نسبت و کینہ ور و غضبناک۔
نغل ع تباہ ہونا خراب و برباد ہونا۔

نون با فاء

نفل ع وہ عبادت جسکا کرنا فرض نہو اور بنظر حصول ثواب وہ عبادت حاصل کرتا ہو۔
نفول ع دور و بعید و عمیق و نہیدگاہ و غور۔
نفس کل ع ذات بحت و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

نون با قاف

نَقل ع ایک مقام سے دوسرے مقام پر لیجانا۔
نُقل ف وہ چیز جو شراب پی کر کہاتے ہین۔
نَقّال ع نقل کرنیوالا ایک مقام سے دوسرے مقام پر چیز پہنچانیوالا
نُقُول ع جمع نقل کے لفظکی ہے۔
نقطہ مقابل ف ہمسر و ہمرتبہ و برابر۔

نون با کاف

نَکال ع عقوبت و رنج و غم و اندوہ و آفت و بلا۔
نِکل ع زنجیر و بند آہنی جو قیدیون کو پہناتے ہین۔
نُکول ع سوگند کہانے سے باز رہنا و بددلی و اعراض۔

نون با میم

نَمل ع مور چیونٹی اور نام بیماری کا۔

نون با واو

نَول عربی مین عطا و بخشش و مہربانی و سخاوت
نُول ف منقار مرغان اور کوزہ اور کوزہ کی ٹونٹی۔
نوع سافل ع کنایۃً انسان یعنی زمین کی پیدائش۔
نَوازِل ع جمع نازلہ کی مصیبتین و رنج و آفتین۔
نونہال ف نیا پودہ درخت کا مجازاً نوجوان لڑکا
نَوافِل ع جمع نفل جسکے معنے عبادت کے ہین۔
نَوال ع عطا و بخشش و سخاوت و مہربانی۔

نون با ہا

نِہال ف درخت موزون و بستر و توشک و فرش چارپائی۔

نون با یا

نَیل ع یافتن یعنی پانا مجازاً مطلب و مقصود و مراد۔
نیم بسمل ف نیم مردہ جو مرنے کے نزدیک ہو
نِیل ع نام دریا جو مصر کے نیچے بہتا ہے مشہور ہے
نیال ع نام بادشاہ و نام غلام سلطان سنجر سلجوقی کا
نیم ہلال ف کنایۃً لب معشوق کی۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف واو اور اخیر مین لام ہے

واو با الف

واصِل ع ملنیوالا اور وصل کرنیوالا پیوند جوڑنیوالا شخص
وابِل ع وہ مینہ جسکے قطرے بڑے ہون و نام قبیلہ عرب یعنے عرب کی قوم کا نام ہے۔
وائِل ع نام قوم عرب و نام موضع جو عرب مین ہے
وال ف قسم ماہی اور عربی مین پناہ لیجانا۔

واو با با

وَبال ع ویرانی سختی و گرانی و خرابی و بربادی۔

واو با جیم

وَجِل ع وہ شخص جو ہمیشہ ڈرتا ہو یعنی وہمی خوف رکہتا ہو
وَجَل ع ترسیدن یعنے ڈرنا اپنے خیال سے۔

واو با حا

وحی منزل ع قرآن شریف و کلام مجید۔
وحل ع کیچڑ یعنے گل ولائی۔

واو با را

وَرَل ہے نام جانور جو مثل سوسمار کی ہوتا ہے۔
وَرَقُ الخیال ہے بہنگ جو نشہ لاتی ہے۔

واو با شین

وَشَل ہے آب اندک یعنے تہوڑا پانی۔

واو با صاد

وَصْل ہے پیوند اور جوڑ اور ملنا کسی سے۔
وُصُول ہے ملنا ہاتہہ لگ جانا کسی چیز کا۔
وَصّال ہے پیوند کرنیوالا جوڑنیوالا کسی چیز کو۔
وُصّال ہے جمع واصل یعنے بہت سی جوڑنیوالے۔
وِصَال ہے ملنا مجازاً مرنا فوت ہونا وصل ہونا۔

واو با کاف

وَکَل ہے وہ شخص جو اپنا کام دوسرے پر چھوڑ دے۔
وَکِیل ہے وہ جسپر کام چھوڑا جاے یعنے مختار کیا جاے۔
وَیل ہے وای کلمہ افسوس ہے جو غم میں بولا جاتا ہے۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ہا اور آخر مین لام ہے

ہا با الف

ہَاطِل ہے بادل بہت برسنے والا جوش سے برسنے والا۔
ہَابِیل ہے نام فرزند آدم علیہ السلام کا جسکو قابیل نے مارا۔
ہَائِل ہے ہولناک و شدید و سخت و دشوار۔
ہَال ہے آلوچی سفید و قرار و آرام و صبر و تحمل۔

ہا با با

ہُبَل ہے نام بت کا جو مکے میں تہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو توڑا۔
ہَبَل ہے کاہل و گران تن۔

ہا با جیم

ہَجْل ہے زمین پست میان دو کوہ یعنے نشیب دو پہاڑ و زمین۔

ہا با راے

ہَرَاوُل ہے وہ فوج جو سب سے آگے ہو اور فوج اوسکے پیچہے چلے۔
ہِرَقْل و ہِرَقْلُوْ نام بادشاہ نصارا کا جو روم و شام میں بادشاہ تہا اور عمر خلیفہ ثانی اوسپر غالب آیا۔

ہا با زاے

ہُزَال ہے لاغری ناتوانی کمزوری و ضعیفی۔
ہَزَل ہے سخن بیہودہ و مسخری و بیفائدہ تقریر۔

ہا با طاے

ہَطَل ہے برابر اور آہستہ برسنا مینہ کا قطرہ قطرہ ٹپکنا یا ٹپکانا۔

ہا با لام

ہَلَاہِل ہے نام زہر قاتل و نام کوہ جس جگہہ وہ زہر پیدا ہوتا ہے اور وہ پہاڑ چین مین ہے۔
ہِل ہے الاچی خورد اور صیغہ امر ہلیدن سے یعنے چہوڑ دے اور گنجار یعنے نخالہ کنجد و سر شف۔
ہَل ہے آغوش یعنے بغل۔
ہَل ہے کلمہ استفہام بمعنے آیا۔
ہِلَال ہے تراشہ ناخن مجازاً نیا چاند پہلی رات کا چاند۔
ہَلَال ہلال پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔

ہا با میم

ہَمَال ع انباز و ہمتا و شریک و سہیم و ساتھی۔

ہم بغل ف ہمخوابہ ہم آغوش و ہم بستر۔

ہا یا واو

ہَوْل ف ڈر، ڈرنا اور گیند جس سے کھیلتے ہین۔

ہا با یار

ہَیَاکِل ع جمع ہیکل جسکے معنے شکل و صورت کے ہین۔

ہَیْکَل ع جثہ بزرگ و اسپ دراز جسم و شکوہ و عظمت و بناے بلند و بتخانہ و صورت و شکل و حمائل و تعویذ۔

ہِیْل ع الاچی سفید و قافلہ صغار یعنے چھوٹی الائچی۔

ہیولاے اول ع ذات بحث نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

آٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین لام ہے

یا با الف

یَال ف گردن اور گھوڑے کی گردن۔

یال و بال ف شان شوکت و عزت و افتخار

یا با سین

یَسَاوُل ت سپرد کننده و نقیب جو امیر لوگون کے سواری کے ساتھ ہوتے ہین

یَسَل و یَسَال ت سپرد و توزح۔

یا با لام

یَلَنگ ت سپاہی و شیر آزاد اور ترکی مین رستہ کو کہتے ہین

یا با واو

یُونت ئیل ف نام سال۔

چوبیسوان باب

اُن لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف میم ہے اور پہلی حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اسمین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین میم ہے

الف با با

اِبْہَام ع پوشیدہ کہنا پوشیدہ چھوڑنا اور رز انگشت اور دروازہ بند کرنا۔

اِبْرَام ع تنگ کرنا ملول کرنا دق کرنا استوار کرنا و مہر کرنا اور جڑنا

اِبْتِسَام ع تھوڑا ہنسنا کھلنا شگفتہ ہونا۔

اَبْرِیشَم ف مشہور چیز ہے جس سے پارچات بنائے جاتے ہین

اَبْکَم ع گونگا بے زبان وہ شخص جو بات نہ کر سکتا ہو۔

اِبْرَاہِیم پیغمبر مرسل کا نام ہے جنکا لقب خلیل اللہ تھا

ابراہیم ادہم ایک ولی کا نام ہے جو پہلے بادشاہ بلخ کا تھا پھر تارک ہوکر عبادت مین مشغول ہوا ادہم اونکے باپ کا نام ہے

ابو القاسم کنیت محمد صلے اللہ علیہ وسلم۔

الف با تا

اَتَم ع کامل اور پوری چیز۔

اِتّہام ع تہمت لگانا بہتان باندہنا۔

اِتمام ع تمام کرنا پورا کرنا کامل کرنا۔

الف با ثار

اِثم ع گناہ و تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔

اَثیم ع گنہگار جو خلاف حکم شرع کے کام کرے۔

اَثّام ع گنہگار گناہ کرنیوالا خطاوار۔

آثام ع جمع اثم بہت سے گناہ بہت سی خطائین

الف با جیم

اِجمام ع سنوارنا گہوڑیکو سواری کیلئے زین وغیرہ سے

اِنجام ع بازرکہنا منہ کو نزدیک پانی پینے کے بیچ کی حالت میں ہونا

اَجَم ع نیستان و انبوہی درختان یعنے درختونکا ہجوم

اَجرام ع جسم جواہرات اور ستارون کے جسم۔

اَجسام ع جسم آدمیون و حیوانون کا اور انکے بدن

آجام ع جمع اجم انبوہی درختان و باغ وغیرہ۔

الف با حار

اَحزَم ع بہت ہوشیار بہت دانا و لیق۔

اِحتشام ع صاحب لشکر ہونا صاحب شان شوکت ہونا۔

اِحرام ع حرام کرنا اور احرام جو حاجی حج کیلیے باندہتے ہین اور بہت باتین ترک کردیتے ہین اور بہی حرم مین جانیکے معنی کہتا ہے

اِحتلام ع خواب مین ناپاک ہونا اور انزال کرنا۔

اَحسن تقویم ع بہی درست کرنا کنایہ ہے پیدائش انسان کی۔

اِحتجام ع نشتر مارنا فصد کیلئے خون نکالنا۔

اَحمر اَقتم ع نہایت سرخ اور نہایت لال چیز۔

اَحشام ع نوکران و خادمان و خدمتگاران۔

اَحلام ع خوابہا و عقلہا و بردباریہا۔

الف با خار

اِختتام ع ختم کرنا پورا کرنا تمام کرنا۔

اَخزَم ع نر سانپ و نام جد حاتم طائی جو مشہور سخی ہے۔

اَخرَم ع بینی بریدہ نک کٹا آدمی۔

اَخم ع چین پیشانی و ابرو کا چین۔

اَخشَم ع جسکو قوت شامہ نہو یعنی خوشبو و بدبو کی تمیز نکرسکے

الف با دال

آدم ع نام ابو البشر علیہ السلام کا ہے جسکی نسل سے آدمی پیدا ہوئے ہیں و بمعنی شتر سفید و آہوی سفید جسکی پشت پر سیاہ خط ہون۔

اَدہَم ع سیاہ و اسپ سیاہ و مار سیاہ و زنجیر آہنی جو قیدیون کے ڈالتے ہین اور نام پدر ابراہیم بلخی کا جو کامل ولی تہے۔

اَدِیم ع پوست پکا باغت دیا ہوا اور پوست خوشبو و ابتدای ہر چیز و چہرہ ہر چیز و طعام با نان خورش۔

اِدام ع نان خورش یعنے سالن جو روٹی کے ساتہ کہاتے ہین

اِدغام ع کہانا بیچا دیکہنا گہوڑیکو لگام دینا حرف کو حرف مین ملانا

الف با رار

اِرغام ع خوار کرنا رسوا کرنا خراب کرنا۔

اِرتطام ع پست ہونا مٹی مین ڈالنا ذلیل کرنا۔

اَرحام ع جمع رحم خویشیان رشتہ داریان۔

اَرقام ع خطوط۔

اَرحَم ع بڑا رحم والا۔

اِرْقَام ع لکہنا۔

اِرْتِسَام ع نقش باندہنا۔

اِرَم ع نام شہر و نام پدر عاد و نام باغ کا جو شداد بن

آرام ف خوش حالی و آسودگی اور عربی مین جمع ریم

جس کے معنے آہو بچہ کے ہین۔

آرزم ف جنگ و کارزار۔

الف با زاے

آزرم ف شرم و حیا و شفقت و مہربانی و بزرگی و عزت

و عدل و راحت و آشتی و طاقت و غضب و آشکارا

و غم و اندوہ و گناہ اور نام دختر خسرو پرویز کا۔

اِزْدِحَام ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا ماخوذ زحم سے

اور جو لوگ اژدہام لکھتے ہین غلط ہے۔

اِزْحَام ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا اجتماع کرنا۔

اَزَمْ ت انگور جو ایک مشہور میوہ ہے۔

الف با سین

اِسْتَم ف ظلم و جفا و زبردستی جو کسی پر کیجائے۔

اِسْتِحمَام ع حمام مین جانا بخار گرم لینا نہانا حمام مین

اِسْتِعْلَام ع خبر چاہنا آگاہی چاہنا اطلاع۔

اَسْقَام ع بیماریان جو انسان کے جسم مین پیدا ہون

اِسْم ع نام جو کسی کا رکہا جائے۔

اِسْتِسْلَام ع سلامتی اور فرمان برداری و تسلیم و تعظیم

اِسْم اَعْظَم ع اللہ جو خدا کا نام ہے۔

اُسَیْلِم ع تصغیر لفظ اسلم اور نام ایک رگ کا جو خنصر

و بنصر کے درمیان ہے

اِسْتِفْہَام ع کسی چیز کے سمجہنے کو چاہنا یعنے ارادہ سمجہنے کا

اِسْتِلَام ع چہونا پتہر کو ہاتہ یا مونہہ سے مجازاً بوسہ دینا کسی

متبرک متعلم مقام کو چنانچہ حجر الاسود خانہ کعبہ کو چومنا

اِسْتِحْکَام ع مضبوطی کرنا محکمی کرنا استواری کرنا۔

اِسْتِشْمَام ع سونگہنا کسی بودار چیز کو۔

اِسْتِقْدَام ع استقبال کرنا پیش آنا آگے آنا۔

اِسْلَام ع دین اسلام اور مان لینا تسلیم کرنا۔

اَسْلَم ع تسلیم کرنے والا اور بچا ہوا سلامت رہا ہوا

الف با شین

اَشْتُلُم ت غلبہ و تندی و زور و تعدی و جور و جفا۔

اِشْمَام ع سونگہنا کسی بودار چیز کو۔

آشام ف پی اور پینا اور پینے والا پانی وغیرہ کا و

نام ملک بشمال و مشرق بنگالہ۔

الف با صاد

اَصْنَام ع جمع صنم بہت سے بت پتہر کے جنکو کفار پوجین

اَصَمّ ع کر بہرا نہ سننے والا یعنے جو شخص کسیکی بات نہ سن سکے

الف با طاء

اِطْعَام ع کہانا دینا طعام پہونچانا کسیکے پاس۔

الف با عین

اِعْتِصَام ع پنجہ مارنا مضبوط پکڑنا محکم پکڑنا۔

اِعْظَام ع بزرگ پکڑنا بزرگ کرنا عزت دینا بڑا

بنانا عظمت دینا یا آبرو کرنا کسیکو۔

اَقاَلِم ع بزرگان و سرداران و رئیسان یہ لفظ علم کا ہے
اَکرَم ع بزرگ و زیر سردار و دولتمند و دلیر مرد صاحب عظمت

اِفلاَم ع خبر دینا آگاہ کرنا اطلاع پہونچانا ۔

اَفلاَم ع ان قلم نشانہا یعنی وہ علم جو لشکر مین پاس تیر جاتے ہین

اِفدَام ع نابود کرنا فنا کرنا نیست کرنا کسیکو ۔

اَعَمّ ع سب پر متصرف ہونیوالا عام دخل کرنیوالا

اَعجَم ع جسکی زبان بات کرنے مین سیلتی ہو اور صاف بات نکل سکتا ہو

اَعمَام ع جمع عم جسکے معنے چچہ کے ہین یعنی بہت سے بہائی باپ کے

اَعوَام ع سالہا جمع عام کے لفظ کی بہت سے برس

الف با غین

اَغنَام ع بکریان جمع غنم کے لفظ کی جسکے معنے بکری کے ہین

اِغلاَم ع بچہ بازی کرنا کسی بچہ کے ساتہہ بد فعل کرنا ۔

الف با فا

اَفعی آتشین و مرف کنایہ بندوق جسمین گولی چلاتے ہین

اِفحَام ع خاموش کرانا چپ کرانا گفتگو سے ۔

اَفکَندہ شُدَم ف جوبہل لشکے جو شخص جلد سے رہجاوے ۔

اَفرِیشَم معرب ابریشم مشہور چیز ہے ۔

اِفہَام ع سمجہانا اصل بات سے آگاہ کرنا ۔

اَفتَابِ بامِ ف قریب المرگ آدمی جو مرنے کو ہو

الف با قاف

اِقتحَام ع اختیار کرنا ظلم کرنا خوار رکہنا بے آبرو کہنا کسیکو

اَقسَام ع حصہ یا بعضی کئی قسم کئی طرح کئی نوع ۔

اَقنُوم ع اصل ہر چیز کی بنیاد و ہر ایک چیز کی ۔

اِقتِسَام ع قسمت کرنا بانٹنا حصہ کرنا ۔

اَقدَم ع بہت آگے یہ صیغہ تفضیل کا ہے ۔

اَقَانِیم ع جمع اقنوم کی یعنے بنیادین ۔

اِقتحَام ع ڈالنا ۔

اَقوَام ع جمع قوم یعنے بہت سی قومین اور گروہ ۔

اِقدَام ع ارادہ کرنا آگے چلنا پیشروی کرنا ۔

اَقدَام ع جمع قدم کی یعنے بیشمار پانو ۔

اِقلِیم ع ولایت جمع اسکی اقالیم ہے یعنے بہت سی ولایتین

الف با کاف

اَکرَم ع بزرگ اکارم اسکی جمع ہے جسکے معنے بہت سی بزرگونکی ہین

اَکَارِم ع بہت سخی اور بہت بزرگ اور امرا دولتمند ۔

اِکتِتَام ع چہپانا خضاب کرنا رنگ کرنا ۔

اَکمَام ع آستینہا اور غلاف شگوفہ کے ۔

الف با لام

اِلہَام ع جو بات دل میں آوے خدا کی طرف سے یعنے دل کے خیالات جو سچ ہوویں

اِلتِیَام ع آپس مین ملنا اچہا ہونا زخم کا بہر آنا ۔

اُلی العَزم ع صاحبان عزم و پیغمبران مرسل ۔

اِلزَام ع لازم کرنا اپنے یا غیر پر کوئی جرم کسی پر لگانا ۔

اِلتِزَام ع اپنے اوپر لازم پکڑنا کسی بات کا ۔

اَلزَم ع بہت لازم اور نہایت ضروری بات ۔

اَلَم ع رنج و درد و غم و پریشانی و فکر و اندیشہ ۔

اَلِیم ع دردناک اور وہ بیماری جس سے تکلیف ہو ۔

اِلتِثَام ع بوسہ دینا ماخوذ لثم سے چومنا ۔

اَللّٰہُمَّ ع یا الٰہی ای میرے پروردگار اے معبود۔
اَلِیْم ع رنج پہونچانیوالا دوکہہ دینے والا۔
اَلَام ع جمع الم کی رنجہا یعنے بہت سی تکلیفین ومصیبتین۔

الف با میم

اَمْ ع عربی مین حرف عطف ہے بمعنے یا۔
اُمّ ع مادر یعنے ماجسکو والدہ بہی کہتے ہین۔
اُمُّ العُلُوم ع علم صرف جس سے قواعد ہر ایک علم کے نکلتے ہین
اُمّ مِلدم ع تپ دایمی یعنے بخار جو ہمیشہ رہے۔
اُمَم ع گروہ ہای مردم یعنے بہت سی جماعتین اور قومین اور ملتین
اَمَام ع پیش یعنے آگے۔
اِمَام ع پیشرو وسرگروہ وپیرومرشد۔

الف با نون

اِنْتِقَام ع بدلہ لینا عوض لینا کسی سے۔
اِنْہِدَام ع ویران ہونا گرجانا عمارت کامسمار ہونا
اِنْصِرَام ع سرانجام پانا آخر ہونا انجام کو پہونچنا۔
اِنْہِزَام ع شکست کہانا لشکر کا اور بہاگ جانا۔
اِنْقِسَام ع بانٹنا تقسیم کرنا حصہ حصہ کرنا۔
اِنْضِمَام ع جمع ہونا پیوند ہونا وصل ہونا۔
اِنْعَام ع نعمت دینا نازک کرنا زیادہ ہونا بخشنا
اَنْعَام چہارپایہ ہا جمع نعم ونام سورۃ قرآن کا
اَنْجُم ع جمع نجم ستارہ ہا یعنے بہت سے آسمانی ستارے
اِنْتِظَام ع آراستہ ومرتب کرنا بندوبست کرنا پرونا کسی چیز کو
اَنَام ع مخلوقات الٰہی جن وانس۔
اِنْعِدَام ع نابود ہونا گم ہونا فنا ہونا مرجانا۔

اِنْفِصَام ع شکستہ ہونا ٹوٹا ہوا ہونا۔
اَنْدَام ف عضو مجازاً تمام بدن انسان کا۔
اِشْتِمَام ع خوشبو لینا ہوا لینا ہوا کہانا۔
اَنْجَام ع انتہا واخیر ہر ایک چیز کی۔
اِنْتِظَام ع بندوبست کرنا مرتب کرنا پرونا پیوند کرنا

الف با واو

اَوْزَم ت بواو غیر ملفوظ انگور جو ایک مشہور میوہ ہے
اَوْرَام ع جمع ورم کی بہت سی سوج جو جسم پر جاتے ہین
اَوْہَام ع جمع وہم کی یعنے بہت سے خیالات فاسد

الف با ہا

اَہْرَم ع شیطان وکفچہ مار یعنے سانپ کا کفچہ
اِہْتِمَام ع غمخواری وکوشش وبندوبست وانتظام
اَہَمّ ع مشکلتر وضرورتر اور بہت ضروری کام۔

الف با یا

اَیْم ع مار سفید یعنی سفید سانپ جو ایک قسم کا عجیب ہوتا ہے
اِیلَام ع دردمند کرنا دوکہہ دینا تکلیف پہونچانا۔
اَیْتَام ع جمع یتیم یعنے بہت سے بے پدر لڑکے۔
اِیہَام ع شک اور غلطی مین ڈالنا وہم مین ڈالنا کسیکو
اَیَّام ع روزہا ووقت وزمانہ یہ لفظ یوم کی جمع ہے

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے
اول حرف با اور آخر مین میم ہے

با با الف

باغ نسیم ف کشمیر مین ایک باغ کا نام ہے۔
بادام ف مشہور میوہ ہے اور اسکے مغز کو مغز بادام کہتے ہین
بام ف مکان بلند اور چھجہ مکان کا اور صبح کا وقت۔
پادام ف قسم دام یعنے ایک قسم کی جالی شکاریون کی۔
پاردم ف گھوڑے کی دمچی جو مشہور چیز ہے۔
باہم ف آپسمین ایک دوسرے کے اتفاق سے

با با دال

بدرام ف توسن سرکش چالاک گھوڑا تیز رفتار
بدنام ف مشہور لفظ ہے وہ شخص جسکا نام بد ہو۔
پدرام ف آراستہ و خوش و قبول صورت و مطبوع

با با راے

برسام ف نام بیماری جسکو ذات الجنب کہتے ہین اور اصل مین ورم کرنا اوس پردہ کا ہے جو زیر بغل ہے کیونکہ بر بمعنے بغل اور سام بمعنے ورم ہے۔
برہام ع نام یہود جو بخیل تہا۔
پرچم ق علم کا پرچم جو ابریشم سیاہ سے بنا کر اوسکی پیر کہتے ہین مجاز از لف
پرستم ف وہ آرد خشک جو گوندہے ہوے آٹے کو لگا کر روٹی پکاتے ہین ہندی اوسکو پلیتھن کہتے ہین۔
بریشم ف ریشم جو مشہور چیز ہے۔
برہم ف اولٹ پلٹ اور بحالت غضب و غصہ کے
پرخم ف پیچدار پیچ در پیچ زنجیرہ دار مسلسل۔
برچشم و بچشم ف کلمہ قبولیت کا ہے یعنے مجھکو یہ بات منظور ہے۔

برجم ع بند انگشت یعنے انگلیون کا جوڑ۔
براجم ع انگلیون کے جوڑ جمع برجم کی۔

با با زای

بزم ف مجلس مجمع جہان بہت سے آدمی جمع ہون۔

با با سین

بسطام ق نام شہر جہان بایزید ولی رہتا تہا۔
بسیم ع تبسم کرنے والا ہنسنے والا شخص۔
بسام ع خندان و شگفتہ یعنے ہنستا اور کہیلتا ہوا۔

با با شین

پشم ف اون جو بہیڑی اور دنبہ کی بدن سے اوتارتے ہین

با با صاد

بصم ع وہ فاصلہ جو درمیان خنصر و بنصر دو انگلیون کے واقع ہو

با با قاف

بقم ع وہ لکڑی جس سے کپڑے سرخ رنگتے ہین۔

با با کاف

بکم ع جمع ابکم کی بمعنے گنگ لوگ اور گنگ ہونا بے زبان ہونا

با با لام

بلعم ع نام درویش جسنے موسیٰ نبی پر بددعا کی تہی۔

با با میم

بم ف بلند آواز سرود کی اور پست آواز کو زیر کہتے ہین

با با نون

بنی تمیم ع نام قبیلہ عرب جو عرب کے ملک مین رہتا ہے
بنت الکرم ع نام شراب انگوری کیونکہ کرم انگور کو کہتے ہین

با با واو

بُوتَم ت بچہ و طفل خوردسال چہوٹی عمر کا لڑکا۔
بُوالحکم ع کنیت ابوالجہل کے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن تہا
بُوم ف زمین و ولایت اور الو جو مشہور پرند ہے۔

با با ہا

بَہرام ف نام بادشاہ جو گورخر کا شکار کہیلتا تہا و نام ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے۔
بَہائم ع جمع بہیمہ چارپایہ یعنے بہت سے چارپای اور مویشی

با با یا

بِیم ف خوف ڈر دہشت رُعب۔
پے ہم ف برابر لگاتار پے در پے بار بار و گہڑی گہڑی
بیت الحرم ع خانہ کعبہ یعنی مقام حُرمت و عزت کا۔
بیرم ع ترکہانو لگا ہے اور ایک قسم کپڑے کا جو قیمتی ہوتا ہے اور ترکی مین عید جشن و خوشنودی اور بیاہ و شادی کا معنی
بیگم ف زن عمدہ و زن امیر یعنی خوبصورت و امیر کی عورت
پیلسم ف نام پہلوان کا جو سپہ سالار افراسیاب کے لشکر کا تہا جسکو رستم نے قتل کیا تہا
پیام و پیغام ف وہ تقریر جو ایلچی دوسرے شخص کی کہی کرکے لیکر سمجہا دیجاے

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف تا اور اخیر مین میم ہے

تا با الف

تَاَلُّم ع دردناک ہونا صاحب غم و اندیشہ و فکر و تشویش ہونا

تَامّ ع تمام و کامل اور پورا جسمین کچہہ عیب نقصان نہو۔

تا با با

تَبَسُّم ع ہنسنا مسکرانا اسقدر کہ دانتون کی سفیدی نظر آئی۔
تَبَرُّم ع استوار ہونا محکم و مضبوط ہونا صاحب استقلال ہونا

تا با تا

تَتمیم ع تمام کرنا پورا کرنا بانجام پہونچانا کسی چیز کا۔

تا با جیم

تَجَسُّم ع فربہ ہونا دولتمند ہونا جسیم ہونا مالدار ہونا۔
تَجَشُّم ع رنج پہنچنا تکلیف پانا اذیت اوٹہانا۔

تا با حا

تَحَتُّم ع واجب ہونا درست و صحیح ہونا۔
تَحَکُّم ع حکومت کرنا غلبہ کرنا حاکم ہونا زبردست ہونا
تَحَجُّم ع پہنا باہر نکلنا حجامت کرنا ظاہر ہونا باز رکہنا چوپایون کا بستان کا حجامت
تَحَشُّم ع غضب کرنا صاحب لشکر ہونا اہل حشمت ہونا۔

تا با خا

تُخُوم ع نشان و حدود و جود و زمین مین واقع ہو و نام شہر کا
تُخم ع بیج کسی درخت یا غلہ وغیرہ کا جس سے وہ چیز پیدا ہو۔

تا با را

تَرَاکُم ع آپسمین بیٹہنا گرد آنا ہجوم و انبوہ کرنا۔
تَرَحُّم ع رحم کرنا کسی کے حال پر ترس کہانا۔
تَرخیم ع نرم کرنا ڈالنا۔
تَرَنُّم ع سرود کرنا اور گانا آواز کے ساتہہ۔
تَرقیم ع لکہنا اور تحریر کرنا کسی خط و کتاب کا
تَرمیم ع مرمت کرنا درست کرنا بگڑی ہوئی چیز کا

تا با زاے

تزاحم ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا جمع کرنا مزاحم ہونا۔

تا با سین

تسلیم ع سونپنا ماننا گردن رکہنا اطاعت کرنا۔

تسنیم ع ایک نہر بہشت مین ہے جسکا یہ نام ہے۔

تا با شین

تشمیم ع سونگنا کسی خوشبو یا بدبو کا۔

تا با صاد

تصادم ع دہکا دینا دہکیل دینا کسیکو۔

تصمیم ع خالص کرنا و استوار کرنا مضبوط کرنا۔

تصمم ع استوار کرنا مضبوط و محکم کرنا۔

تا با ظاء

تظلم ع فریاد و زاری کرنا کسی حاکم سے ظلم کی داد چاہنا

تا با عین

تعمیم ع عام کرنا سب کو برابر دینا۔

تعلیم ع سکہلانا علم پڑہانا ہنر سکہلانا خبر دینا۔

تعلم ع علم پڑہانا یا پڑہنا ہنر سیکہنا یا سکہلانا۔

تعتم ع تاخیر کرنا توقف کرنا ڈہیلے ہونا کسیکو

تعظیم ع تعظیم اور عزت دینا عظمت کرنا آبرو کرنا بڑائی دینا

تعظم ع عزت دینا بڑائی دینا فخر دینا کسیکو۔

تعسم ع طمع رکہنا امیدوار ہونا۔

تعشم ع سخت ضعیف ہونا خشک ہونا لاغر و ناتوان ہونا

تا با فاء

تفخیم ع بزرگ ہونا عزت دار ہونا صاحب آبرو ہونا

تفحیم ع سیاہ کرنا اندہیرے مین سیر کرنا۔

تفہم ع خود سمجھ جانا سمجہانے سے۔

تفہیم ع خود سمجہانا کسی دوسرے شخص کو۔

تا با قاف

تقویم ع قیمت کرنا حساب یکسالہ راست کرنا اور اس کتاب جسکا ہندوستان مین جنتری نام ہے

تقسیم ع بانٹنا قسمت کرنا حصہ کرنا۔

تقدم ع آگے ہونا پیشدستی کرنا امام بننا۔

تقدم ع صیغہ امر آگے ہونا فارسی مین پیش شو

تا با کاف

تکارم ع بخشنا عزت کرنا آبرو دینا بزرگ جاننا

تکرم ع صیغہ امر عزت کر۔

تکلم ع گفتگو کرنا بات چیت کرنا کلام کرنا۔

تکارم ع مہربانی کرنا بخشش کرنا۔

تکریم ع عزت آبرو بڑائی فخر رتبہ۔

تا با لام

تلثیم ع بوسہ دینا چومنا کسی چیز کو۔

تلثم ع چومنا بوسہ دینا کسی چیز کو۔

تلاطم ع موج مارنا دریا کا طغیانی کی حالت مین۔

تلویم ع ملامت کرنا برا بولنا کسیکو کسی جرم پر۔

تا با میم

تمام ع درست و کافی و کامل اور پورا اور سارا۔

تمائم ع جمع تمیمہ کی تعویذات جو حسب عمل لکھتے ہین۔
تمتام ع توتلا آدمی جو زبان سے تقریر ادا نہ کرے۔
تہم ع تاریکی و سیاہی و نام بیماری چشم جسسے نظر ضعیف ہوجاتی ہے
تمم ع صیغہ امر تمام کر پورا کر درست کر۔

تا با نون

تنعم ع ناز و نعمت سے پرورش پانا آرام سے زندگی کرنا
تنظیم ع پرونا انتظام کرنا درست بنانا۔
تنجیم ع ستارہ شناسی۔
تنعیم ع مکہ معظمہ کے پاس ایک مکان ہے اور نعمت دینا۔
تنگ چشم ف ممسک و بخیل جسکو کچھ خرچ کرنا مشکل ہو۔

تا با واو

توہم ع وہم مین ڈالنا اور دو دلہ کرنا کسیکو
توأم ع دو بچو نکا ایک حمل سے پیدا ہونا۔

تا با یار

تیم ف مسافر خانہ و کاروان سرای کنایۃً دنیا
اور عربی مین بندہ اور غلام و خدمتگذار۔
تیغ خم ف تلوار خمدار ٹیڑہی تلوار۔
تیمم ع خاک سے وضو کرنا بحالت نہونے پانی کے
تیر تام ف تیر بے عیب بہت اچھا تیر۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف ثا اور اخیر مین میم ہے

ثا با لام

ثلم ع ناک کاٹنا کسی مجرم کا۔

ثا با میم

ثمہ ع پس باز پہر۔
ثم ع آنجا اوس جگہہ اوس مقام پر

ثا با واو

ثوم ع سیر یعنے لسن جو ایک بودار چیز ہے۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف جیم اور اخیر مین میم ہے

جیم با الف

جام ف پیالہ اور نام خطہ کا خراسان کی ولایت مین
جاجم ت قسم فرش کا جو بچھایا جاتا ہے۔
جازم ع مضبوط و استوار کرنیوالا اور حرف جزم دینیوالا
جام جم ف پیالہ جمشید کا اور نام ایک کتاب کا۔
جاثوم ع کابوس نام ایک بیماری کا جسسے آدمی نیند مین ڈر جاتا ہے
چارخم ف ایک کُشتی کے داؤ کا نام ہے۔

جیم با حا

جحیم ع نام ایک دوزخ کا ساتوان دوزخ مین سے

جیم با ذال

جذم ع بیخ ہر چیز کی اور اصل عمارت کا
یعنے نیو اور بنیاد۔

جذام ع نام بیماری کا جسکو کوڑہ کہتے ہین۔

جیم باراے

چرم ف چمڑا جو ذی جان کے بدن پہ ہوتا ہے۔
جرم ع گناہ تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
جرم ع جثہ و تن علویات و سفلیات مثل جرم خاک و جرم کوہ و جرم شمس و جرم قمر۔
جرم ع گزیر و چارہ و ضرورت و خواہش۔
جرائم ع گناہہا و خطاہا جمع جریمہ یعنے بہت سے گناہ
جریم ع بیخ سے کاٹا ہوا بنیاد سے نکالا ہوا۔

جیم بازاے

جزم ع کاٹنا ساکن کرنا ٹھہرانا کسی چیز کو۔

جیم باسین

جسم بدن تن اور وہ چیز جو طول و عرض و عمق رکھے مثل جسم انسان و حیوان۔
جسیم ع فربہ و جسم دار چیز و پر گوشت۔

جیم باشین

چشم ف آنکھہ اور امید و طمع اور رغبت و توجہ و نظر
چشم زخم ف بدنظر۔

جیم بامیم

جم ع مخفف جمشید نام بادشاہ کا جو مشہور ہے۔
جمام ع آسودگی گہوڑے کی بعد ماندگی کے۔
جمام و جمام ع آب منی مرد اور لبالب ہونا ظرف و پیمانہ کا شراب یا پانی وغیرہ سے۔

چم ف خرام و رفتار ناز و پیچ و خم۔

جیم باہاے

جہنم ع دوزخ اور نام ایک طبقے کا طبقات دوزخ سے
چہاردہم ف چودہوان عدد شمار مین۔
چہلم ف چالیسوان عدد شمار مین۔

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف حا اور اخیر مین میم ہے

حا باالف

حام ع نام پسر نوح علیہ السلام۔
حاتم ع نام ایک سخی کا جو قبیلہ طے سے تہا اور سخاوت مین وہ ضرب المثل ہے۔
حاتم اصم ع نام ایک ولی کامل کا جو مسلمانی فرقے مین سے تہا
حازم ع دانا و ہوشیار و لائق آدمی صاحب علم و فضل
حاکم ع حکم کرنیوالا۔

حا باتا

حتم ع استوار کرنا حکم کرنا واجب کرنا کام کا اور حکم کرنیوالا

حا باجیم

حجم ع برامدگی و سطبری و حجامت کسی چیز کی جسقدر ہو۔
حجام ع خون کہینچنیوالا پچھنے لگانیوالا نائی حجامت کرنیوالا

حا باراے

حرم ع احاطہ گرداگرد خانہ کعبہ کہ قتل انسان و شکار حیوان

اوسجگہہ منع ہی ومجازاً زنان خانہ ومقام پیدا ہونا اہل م دیں بنیاد
حَرَام منع کرنا منع کرنیوالا و ناروا و ناشایستہ
حَرِیْم خانہ گہر چار دیواری رہنے کا مقام -
حروف معجم جو حروف نقطہ دار ہون -

حا با زا

حَزْم استواری و ہوشیاری اور سختی مضبوطی ور گہوڑیکا تنگ باندہنا
حِزَام گہوڑے کا تنگ جو باندہتے ہین -

حا با سین

حُسَام شمشیر جسکو تلوار ہندی مین کہتے ہین
حَسْم کاٹنا قطع کرنا جدا کرنا زخم لگانا -
حَسَّان عجم لقب خاقانی شاعر کا جو استاد شاعر تہا

حا با شین

حَشَم چاکران وخدمتگاران وغلامان -

حا با صاد

حَصْرَم غورہ انگور یعنے انگور کاسٹ -

حا با طا

حَطِیْم شکستہ و کعبہ کے مابین کن زمزم و دیوار بیرون خانہ کعبہ بطرف مغرب
حُطَام شکستہ و ریزہ گیاہ و کنایۃً مال اندک

حا با کاف

حُکْم فرمان دینا اسم فاعل اسکا حاکم ہے -
حَکْم بازرکہنا اور لگام دینا گہوڑے کو -
حَکَم حکم کرنیوالا و نام ایک شخص کا جو بادشاہ تہا
حِکَم حکمتین جمع حکمت کے لغت کی -

حُکَّام حاکمان جمع حاکم یعنے بہت سے حکم دینے والے
حَکِیْم صاحب حکمت عقلمند و دانا و عقیل

حا با لام

حِلْم آہستگی و نرم مزاجی و ملائمت طبع -
حُلْم و حُلُم خواب دیکہنا اور جو کچھہ خواب مین دیکہا ہو
حُلَّام بچہ گوسپند یعنے بکری کا بچہ -
حَلِیْم بردبار اور قسم طعام جو بہت سی اناج ملا کر پکاتے ہین

حا با میم

حَمِیْم گرم و گرم پانی اور آدمی جسکو تیرا ہو دوست و رشتہ دار
حَمَام مرغ و کبوتران و کبوتر -
حَمْ شوہر کا سسرا سالا و رشتہ دار سسرال کا
حَمَّام غسل خانہ جس مین گرم پانی ہو -
حَمَائِم کبوتر اور ہر مرغ طوقدار مثل قمری وغیرہ

حا با یا

حَیُّ العَالَم نام ایک نہال کا ہے جو ہمیشہ سرسبز رہتا ہے
حَیُّ القَیُّوم زندہ و قائم نام خدا تعالے -

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور اخیر مین میم ہے

خا با الف

خَام کچا اور چمڑا جسکو دباغت نہو اور خالص و شیرا و مقطع
خَاتَم مہر و انگشتری اور خاتم ختم کرنیوالا

خَارِم ع شگافندۂ بینی یعنی ناک کاٹنے والا و شکستہ ترفیسا (؟) انگیزندہ

خانۂ رشتہ شم ف برج سنبلہ جو چھٹا برج ہے -

خَادِم ع غلام و نوکر و چاکر و خدمتگار تابعدار

خا با تا ء

خَتم ع پورا کرنا مُہر کرنا -

خِتَام ع موم یا لاکھ سے مُہر کرنا بند کرنا -

خا با دال

خَدَم ع چاکران و غلامان و نوکران و خدمتگزاران -

خُدّام ع جمع خادم کی یعنے بہت سے غلام و خدمتگزار

خا با راے

خُرطُوم ع ہاتھی کی ناک جمع اسکی خراطیم ہے -

خِرَام ع رفتار نرم ناز سے چلنا مٹک کر چلنا -

خَرم ع ناک کو چھیدنا سوراخ کرنا ناک میں -

خُرّم ع تازہ و سیراب و خوش و سرسبز

خُروج الیتام ع بیٹھنا اور رہنا -

خا با شین

خشم و خشتم ف غضب و غصہ و کینہ و برہمی مزاج -

خا با صاد

خَصم ع دشمن و مالک و صاحب و خاوند -

خُصُوم ع جھگڑالو و دشمن عداوتی بیری

خُصُوم ع دشمنی کرنا عداوت کرنا -

خَصِیم ع دشمن جو کسی سے عداوت کرے -

خِصَام ع جنگ و جدل کرنا اور جنگ کرنیوالے لوگ

خا با طاء

خطِ مستقیم ع سیدھا خط جس مین کجی نہو -

خِطَام ع اونٹ کی مُہار گہوڑے کی باگ -

خا با لام

خِلم ف ناک کا فضلہ اور عربی مین یار و دوست

خا با میم

خُم ف مٹکا جسمین پانی وغیرہ اشیا ڈالی جاین -

خَم ف پیچ ٹیڑھاپن جو کسی چیز مین ہو -

خم و چم ف ناز و ادا وقت رفتار -

خا با واو

خوش قلم ف خوش خط آدمی جسکا خط اچھا ہو -

خوش قدم ف خوش رفتار گہوڑا اچھی چال کا گہوڑا -

خَوَاتم ع مُہرین اور نقش جو قایم کیئے جایئن -

خوارزم ف نام ایک ملک کا ہے -

خُورّم ف خوش -

خود کام ف مرد خود رای خود غرض خود مطلب

خورشید لب بام ف قریب الرگ نزع کی حالت مین یعنے مرنیوالا شخص

خا با یا ء

خِیَام ع جمع خیمہ یعنے بہت سے خیمے -

خَیَّام ع خیمہ دوز جو خیمہ کو سیکر تیار کرے -

خِیم ع خو دہی و عادت و خو جو انسان مین ہو -

خِیَم ع جمع خیمہ کی یعنے بہت سے خیمے -

خَیشُوم ع بینی یا استخوان بینی یعنے ناک کی ہڈی

خیارشیم ع بردہ ہائی بینی خیشوم کی جمع ہے -
خیر مقدم ع اچھا آنا یہ کلمہ کسی یار دوست کے آنیکے وقت کہتے ہین

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین میم ہے

دال با الف

دَاْم ف جالی اور جانوران صحرائی جو درندہ نہون مثل آہو و گوزن وغیرہ و وزن اکیس ماشہ کا -
دارالنعیم ع نعمت کا گھر یعنے بہشت -
دارالسلام ع بہشت اور لقب شہر بغداد کا -
دابشلیم ف نام راجہ ہند جسنے کتاب کلیلہ و دمنہ ایجاد کیا
دائم ع ہمیشہ -

دال با راے

دُرِیتیم ف بڑا موتی جو سیپ مین ایک ہو -
درازدم ف حربا جو مشہور جانور ہے -
دراَم ف سینہ ساہی خاردار جانور -
دراہم ع جمع درہم کی بہت سے درہم -
درہم ع وزن ساڈھے تین ماشہ کا اور نام ایک سکہ کا

دال با زاے

دِژم ف پریشان واندوہگین وغمناک -

دال با سین

دسم ع چرب یعنے وہ چیز جسکو روغن ملا ہو -
دسم ع چرب ہونا یہ لفظ مصدر ہے -
دست کلیم ف کنایہ آفتاب با عتبار روشنی کے

دال با شین

دشنام ف گالی بدگوئی بدکلامی و بدگفتاری -
دشمن کام ف بدبخت و ذلیل جسکی حالت دیکھکر دشمن خوش ہون

دال با عین

دَعَائم ع جمع دِعامہ پایہ ہائے تخت و ستونہائے عمارت

دال با میم

دم ع عربی مین خون اور فارسی مین سانس و نفس و سخن و افسون و فریب و مکر و جرعہ آب و باد کش آہنگران و غرور و بوی و تیزی شمشیر و ہنگام و وقت و لاف و گفتگو و سیہ دم
دمیم ع زشت رو و بدصورت و مکروہ و نامطبوع
دمادم و دمبدم ف پے در پے بار بار ہر وقت ہر آن
دُم ف پونچھہ جانور کی دُنب کے لفظ کی بھی یہی معنے ہین
دم تسلیم ف وقت نزع جسوقت جان نکلتی ہے

دال با واو

دوازدہ مقام ف بارہ مقام موسیقی کی چنانچہ رہاوی و اصفہان و راست و یا شباب و بوسلیک و عشاق و زیر بزرگ و زیر کوچک و حجاز و عراق و زنگلہ و حسینی و رہاوی و نوا یہ بارہ مقام موسیقی کے ہین
دوازدہ امام بارہ امام چنانچہ حضرت علی و امام حسن و امام حسین و زین العابدین و امام محمد باقر و جعفر صادق و موسی کاظم و علی رضا و امام محمد تقی و محمد نقی و حسن عسکری و امام مہدی -
دوستکام ف وہ شخص جسکو دوست دیکھکر خوش ہون یعنے خوشحال و شاد

دوازدہم ف بارہوان حصہ یعنے بارہ مین سے ایک۔
دوم ف دوسرا حصہ یعنے دو مین سے ایک۔
دوام ف ہمیشگی اور ہمیشہ کا قیام۔
دونیم ف اڈہائی یعنے دو حصے اور آدہا۔
دہم ف دسوان حصہ یعنے دس مین سے ایک۔

دال بایار

دیو مردم ف جنگلی آدمی جنکو بن مانس کہتے ہین مجازاً وہ شخص جو جفاکار و شریر و مردم آزار ہو۔
دیہیم ف تاج بادشاہی جو اجلاس کیوقت سر پر رکھتے ہین
دیلم ع نام ملک و نام قوم جنکی بادشاہت مدت تک رہی
دیم ع سوح و چہرہ و قسم چرم۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور آخیر مین میم ہے

ذال با میم

ذم ع بدگوئی کرنا بدکلامی سے پیش آنا گالی دینا
ذمیم ع بدو زشت ضد حمید اور کیل سفید جو کبھی بنل یا انسان کے بدن سے نکلے۔
ذمائم ع جمع ذمیمہ بدگویان یعنے جنکو گالی دینے کی عادت ہو۔

ذال با یاے

ذی سلم ع نام ایک مقام کا و نام درخت کا

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور آخیر مین میم ہے

راے با الف

رام ف فرمان بردار و مطیع و متابعت کرنیوالا۔
راحم ع مہربان صاحب رحم نرمی کرنیوالا معافی دینے والا
راقم ع لکہنے والا کسی خط یا کتاب کو۔

راے با تا

رتم ع وہ رشتہ جو یاد داشت کیلیے انگلی کو باندہ رکہین

راے با جیم

رجم ع پتہر مارنا سنگسار کرنا نفرین کرنا گمان سے سخن کہنا چلانا دور کرنا گالی دینا بدگوئی کرنا۔
رجوم ع چلانیوالا پتہر مارنیوالا بدگو و بدکلام۔
رجوم ع وہ تارے جو آسمان سے ٹوٹتے ہین اور شیطان اونسے چلائے جاتے ہین
رجیم ع سنگسار کیا گیا اور راندہ مجازاً شیطان۔

راے با حا

رحم ع بچہ دان عورت کا جسمین بچہ پیدا ہوتا ہے۔
رحیم ع مہربان صاحب رحم نرم دل معافی دینے والا
رحم ع بخشنا مہربانی کرنا۔

راے با خا

رخم ع دوستی نرمی و مہربانی و نرم مزاجی و خوش خلقی۔
رخیم ع مردم نرم آواز و ضعیف و مرد زاہد و محتاج
رخام ع سنگ سفید و نرم مجازاً سنگ مرمر

رائے بازائے

رزم ف جنگ و جدال و خصومت و لڑائی و فتنہ و فساد

رائے باسین

رسم ع نشان و آئین و عادات اور لکھنا اور داغ دینا اور قاعدہ و قانون و وظیفہ و مشاہرہ و نقش کرنا۔

رسوم ع جمع رسم کی یعنی بہت سے عادتیں و قاعدہ و قانون

رسام ع نقاش و مصور و نام آہنگر جو اپنے کام میں استاد ہو

رای باغین

رغام ع خاک ریگ آمیز یعنے جس مٹی میں ریگ ملی ہو

رغم ع خاک آلودہ ہونا خوار ہونا مکروہ کہنا ناپسند رکھنا

رائے باقاف

رقم ع لکھنا اور لکھی ہوئی تقریر۔

رقوم ع جمع رقم کی یعنے سی لکھی ہوئی باتین۔

رقایم ع جمع رقیمہ خطوط۔

رائے بامیم

رم رمم ف بہاگنا و گلہ سپاہان و گوسپندان و نام جنگل کا

رمیم ع بوسیدہ و کہنہ ہڈیاں اور چیز پورانی۔

رمایم ع جمع رمیمہ بوسیدہ و کہنہ۔

رائے باواو

روم نام ملک اور ولایت کا جو مشہور ہے۔

روح مکرم ف جبرئیل علیہ السلام جو مشہور مقرب فرشتہ ہے

روح اعظم ع جبرئیل علیہ السلام جو خدا کیطرف سے پیغمبروں کے پاس آتے تھے

روز امید و بیم ف قیامت کا دن امید اور خوف کا دن

روزہ مریم ف روزہ خاموشی یعنی چپ کا روزہ۔

رائے باہاے

رہ انجام ف اسپ تیز رفتار و قاصد تیز رو۔

رائے بایاے

ریم ف چرک زخم سے سفید رنگ نکلتی ہے بگڑا ہوا خون

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زائے اور اخیر مین میم ہے

زائے باالف

زادبوم ہم وطن اور رہنے کی جگہ یعنی جس جگہ انسان پیدا ہوا ہو

زائے باحاے

زحم ع زحمت و انبوہ و ہجوم و رنج و بلا و آفت و بیماری۔

زحام ع انبوہ و ہجوم و زحمت و بیماری و تکلیف۔

زائے باخاے

زخم ع جو تلوار وغیرہ سے بدن پر آوے ہندی مین اسکو گہاو کہتے ہین

زائے باعین

زعم ع گمان و وہم و خیال جو انسان کے دل مین ہو

زائے باقاف

زقوم ع تھوہر کا درخت جو مشہور خاردار درخت ہے

زائے باکاف

زکام نام بیماری کا جس سے دماغی فضلہ ناک کے راستہ سے جاری ہوتا ہے

زائے بامیم

زرم ف مرو مین ایک رود کا نام ہے۔

زمام ع لگام اسپ مہار شتر یعنی گہوڑیکی باگ اور اونٹ کی نکیل

زمزم ع ایک چاہ کا نام ہے جو کعبہ مین ہے۔

زہم ع مہار شتر و استوار و ارادہ و قصد۔

زاے با نون

زنیم ع وہ شخص جو بدی مین نشانہ ہو اور ہر کوئی اوسکو بد کہے

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف سین اور اخیر مین میم ہے

سین با الف

سام ف نام جد رستم اور نام پہاڑ کا اور قصد کرنا و نام لسبر نوح و بمعنی ورم و درد و آتش و مرگ و بلا کے زرسرخ یعنی سونا

سالم ع پورا بے نقصان بے عیب تمام و کمال۔

سین با بار

سبز چشم ف کبود چشم یعنی جسکی آنکھین نیلی ہون۔

سپیدہ دم ف صبح صادق کا وقت جس وقت دن کی سفیدی شروع ہوتی ہے

سپرغم ف گل تازہ بو ہندی مروہ جسکو ریحان بہی کہتے ہین بعض کے نزدیک ریحان اور پہول ہے۔

سین با تا

ستام ع نام زیور جسکو بلاق کہتے ہین اور ناک مین پہنی جاتی ہے مجازاً لگام

ستم ف ظلم بے انصافی جور و جفا تعدی۔

سین با راے

سرسام ورم دماغ نام بیماری کیونکہ سام ورم کو کہتے ہین یہ بیماری مہلک ہے

سرانجام عاقبت و آخر ہر چیز کا و سامان۔

سرشیم ف سریش جس سے لکڑیان آپسمین چپکاتے ہین۔

سرگرم ف مشغول و مصروف کسی ضروری کام مین۔

سرتم ت بے ابتداء بے انتہا یعنے جسکے اول و آخر کی خبر نہو۔

سرم ع سوراخ مقعد دہان رودہ جو ملحق مقعد کے ساتھ ہے

سرم ت چمڑا چھیلا ہوا صفا کیا ہوا چمڑا۔

سین با قاف

سقم و سقم ع بیماری و زحمت و تکلیف و رنج۔

سقیم ع بیمار آدمی و چیز ناقص و عیب دار و خراب۔

سقام ع بیماری و زحمت جو کسیکو لاحق ہو۔

سقام ع بیماران جمع سقیم کی بہت سے بیمار۔

سین با لام

سلالم خیبر کے قلعون مین سے ایکا نام ہے جو مدینہ منورہ کے علاقہ مین ہے

سلام ع فرمان برداری و بے آزاری و بے عیبی و تعظیم و بندگی اور سلام کہنا اور ایک نام خدا کے نامون مین سے اور فارسی مین عدد صد ہزار جسکو لکھہ کہتے ہین۔

سلیم ع درست و صاف سلامت و مرد سادہ دل و نرم مزاج و سلامت رو

سلم ف نام پسر کلان فریدون جو مشہور بادشاہ ہے۔

سلم ف تختی لکڑی کی لکہنے کی اور عربی مین نام درخت

سلم ع نردبان چوبین یعنی لکڑیکی بنائی ہوئی سیڑہی۔

سلم ع صلح و آشتی و صفائی جو دو شخص مین ہو۔

سلجم معرب شلغم جو مشہور ترکاری ہے۔

سین با میم

سَمُوم ع باد گرم گرم ہوا جو گرمی مین چلتی ہو۔
سَم ع زہر اور سوراخ سوزن و نام پہلوان جو بڑا جوانمرد تہا
سُم ف ناخن اسپ مجازاً گہوڑیکا پانو یا کسی اور چارپایہ کا۔
سُمُوم ع جمع سم زہر یعنے بہت سی زہر جنکی کہانیسے آدمی مرجاے

سین نون

سَنَام ع کوہان شتر یعنے اونٹ کی پیٹہہ کی ہڈی جو اونچی ہوتی ہے

سین با واو

سوادِ اعظم ف شہر و علاقہ بزرگ اور ولایت و اقلیم۔
سَوْم ع گران بیچنا دقت کرنا رنج کہینچنا گہاس چرنا
سُوُم ف ترجمۂ ثالث ہندی مین تیسرا۔

سین با ہا

سَہْم ع تیر و حصہ و بخرہ اور فارسی زبان مین خوف و بیم و دہشت و ڈر
سَہّام ع تیر انداز جسکا تیر نشانہ سے خطا نہ جاے
سِہَام ع بہت سے حصے اور تیر چلانے کے۔
سُہَام ع تاریکی و تغیر چہرہ و لاغر ہونا کمزور ہونا
سَہَام ع شدت و حرارت تابستان و سخت گرمی
سَہِیم ع شریک و صاحب حصہ جو کسی تجارت وغیرہ کام مین ہو
سَہمُ الحَشَم ع سر لشکر و بخشی فوج کا و سپہ سالار۔

سین تا یا

سیہ گلیم ف بدبخت و بے دولت و مفلس و نادار و تنگدست
سیہ قلم ف معشوق ملیح یعنے سانولے رنگ کا معشوق
سیاہی چشم ف سوشنی چشم یعنے آنکہونکی تپلی۔

سِیم ع وہ پانی جو کشتی مین آتا ہے اور ملاح اوسکو نکالتے ہین
اور فارسی مین چاندی و دولت و مال۔
سَیلُ العَرِم ع آب جاری نہر کا اور دریا کا پانی۔
سِیَام ف نام ایک کوہ کا جو نزدیک شہر سمرقند ہے
سیہ بادام ف کنایۃً معشوق کی آنکہہ۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور آخیر مین میم ہے

شین با الف

شَام ف وقت مغرب کا اور نام ایک ملک کا جسکا دار الخلافہ دمشق ہے
شادکام ف خوش دل۔

شین با با

شَبَم ع سردی اور سرد ہونا ٹہنڈا ہونا۔
شَبَم ع چیز سرد جو ٹہنڈی ہو چکی ہو۔
شَبنَم ف وہ قطرات جو رات کو برستے ہین اور صبح کو قطرات
گہاس پر نظر آتے ہین۔

شین با تا

شَتْم ع دشنام و بدگوئی و بدکلامی اور گالی دینا۔
شُتُم ع ظلم و تعدی و جور و جفا و سختی و ایذا۔

شین با جیم

شجرِ کلیم وہ درخت جسپر موسیٰ کو تجلی ہوا اور آواز انی
انا اللہ رب العالمین کی موسیٰ کو خدا کیطرف سے ہوئی۔

شین با حاء

شَحم ع یعنی چربی جو انسان و حیوان کے بدن میں ہوتی ہے

شین با میم

شَمّ ع سونگھنا اور فارسی میں فریب نفرت و حد و زیاد

شُم ف پاپوش و نعلین یعنی جوتا چرمی و نفرت بیہوشی و ناخن

و قسم ابریشم ناقص ۔

شَمائِم ع خوشبوئیاں جمع شمیمہ کے لفظ کی ۔

شَمیم ع خوشبودار ہوا و مطبوع و سرد و خوشبودار

شین با واو

شُوم ع بدفالی و بدفال بدبخت و منحوس بخیل ممسک

شور چشم ف وہ شخص جسکی نظر لگ جاوے اور اوسکی نظر کی تاثیر سے دوسرے شخص کی حالت ابتر ہو جاوے

شین با یاء

شِیَم ع عادتیں خصلتیں جمع شیمہ کی جسکی معنی عادت کے ہیں ۔

شِیم ع مچھلی و رم دار یعنی وہ مچھلی جسکی جلد پر گول چھلکے ہوں

شیر اندام ف وہ شخص جسکا سینہ فراخ یعنی چوڑا لگر باریک بازو مضبوط ہوں شیر کا سا جسم ہو ۔

شیر علم ف جو شیر علم پر لکھا ہوا ہوتا ہے ۔

چودہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف صاد اور اخیر میں میم ہے

صاد با الف

صَارِم ع تلوار کاٹنے والی ماخوذ صرم سے

صَائِم ع روزہ دار اور نام ایک رود کا جسمین ضفدع ٹھہرتا نہیں ہے جو وقت آتا ہے نکل جاتا ہے

صاد با رائے

صُرم ع معرب چرم چمڑا اور کاٹنا قطع کرنا ۔

صاد با لام

صِلۂ رحم ع خویشوں سے صلح رکھنی اقربا سے ملتے رہنا

صاد با میم

صَمیم ع خالص مضبوط اور بہرا آدمی اور خلاصہ ہر چیز کا

صَمصَام ع شمشیر یعنی تلوار جو ایک مشہور ہتیار ہے ۔

صَمَم ع بہراپن یعنے بہرا ہونا بات نہ سن سکنا

صُمٌّ بُکمٌ ع بہرے گونگے لوگ ۔

صاد با نون

صَنَم ع بت و تصویر مجازاً معشوق خوبصورت تصویر کی

صاد با واو

صَوارِم ع تلواریں اور بہت سے ہتیار کاٹنے والے

صَوم ع روزہ رکھنا دن کو کچھ نہ کھانا ۔

صوم مریم ع تمام دن کسیے کلام نہ کرنا صبح سے شام تک چپ رہنا چونکہ بی بی مریم عیسی علیہ السلام کی والدہ نے یہ روزہ رکھا تھا اسواسطے روزہ مریم کے ساتھ منسوب ہوا

صاد با یاء

صِیَام ع روزہ یعنی بہت سے روزے یہ لفظ جمع صوم کی ہے

صیدِ حرم ع حرم کا شکار جہاں شکار کرنا حرام ہے

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے
اوّل حرف ضاد اور اخیر مین میم ہے

ضاد با حاء

ضَیحَم ع وہ شخص جسکی منہہ یا گردن یا زنخدان مین کجی ہو

ضاد با خاء

ضِیخَم ع فربہ و بزرگ جثہ لمبا چوڑا جسم۔

ضاد با راے

ضِرغام ع شیر درندہ جنگل کا شیر۔
ضِراعِم ع ہیزم باریک ریزہ جس سے آگ جلاتے ہین یعنی پتلی لکڑیان

ضاد با غین

ضَیغَم ع گزندہ و درندہ جانور مثل شیر و گرگ وغیرہ۔

ضاد با میم

ضُمیمَہ ع شامل کیا گیا پیوند کیا گیا متصل کیا گیا جوڑ لگایا گیا

ضاد با یاء

ضَیغَم ع گزندہ شیر درندہ کاٹنے والا جانور۔
ضَیم ع کسیکا نقصان کرنا ظلم کرنا تعدی روا رکہنا۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف طاء اور اخیر مین میم ہے

طا با الف

طارُم ع خانہ چوبین و خانہ بلند و بالاخانہ یہ لفظ راے کی تینون حرکات سے پڑہا جاتا ہے۔

طا با راے

طَرفداریخَم ف ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے

طا با عین

طَعم ف مزہ و لذت جو انسانکو کہانے سے حاصل ہوتی ہے
طُعمَہ و طعام ع کہانے کی چیز لذت دار چیز۔

طا با لام

طِلِسم ف یونانی لفظ ہے اور یہ ایک عمل کا نام ہے کہ خزاین و دفاین پر بترکیب اجزاے ارضی و سماوی بناتے ہین کہ کوئی غیر شخص اوسپر دخل نہ پاے مجازاً اچنبہا و تعجب کی بات

طا با میم

طَمَعِ خام ف امید یا توقع ایسی بات کی جو ممکن نہو اور ظہور اوسکا عقل سے بعید ہو

ستر ہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف ظاء اور اخیر مین میم ہے

ظا با الف

ظالِم ع ظلم کرنیوالا جور و تعدی پسند رکہنے والا نا انصاف

ظا با لام

ظُلم ع ستم و جور و جفا و نا انصافی و ناحق پسندی۔
ظَلَم ع تاریک اور تاریک ہونا نا انصاف ہونا۔
ظُلَم ع جمع ظلمت کی یعنی بہت سی تاریکیان و اندہیرے

ظَلُوم ع سخت ظالم نہایت ظلم کرنیوالا بے انصاف آدمی
ظَلَام ع تاریکی اول شب یعنی پہلی رات کا اندھیرا
ظِلَام عجمع ظلمت یعنی بہت سی تاریکیان یعنی اندھیرے
ظَلَّام ع نہایت ظالم اور سخت بے انصاف آدمی۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین میم ہے

عین باالف

عَاصِم ع باز رکھنے والا نگاہ رکھنے والا ایک قاری کا نام ہے جو قرارت کے علم مین یگانہ تہا۔
عَالِم ع صاحب علم دانا خبردار ہشیار آدمی
عَالَم ع جہان و انواع مخلوقات و عالم کائنات۔
عَامّ ع ضد خاص یعنی ہر ایک شخص اور ہر ایک چیز
عَام ع سال برس۔
عَازِم ع ارادہ کرنیوالا قصد کرنیوالا مستعد کسی کام کا

عین باجیم

عَجْم ع اعراب و حروف اور نقطہ دینا حروف پر۔
عَجَم ع گنگ زبانان و باشندگان ملک عجم۔
عَجَم ع وہ ملک سواے عرب کے ہو خصوصاً ایران توران وغیرہ
غیر عرب جسکو معنی گونگے اور دانا کی ہین یعنی دانشمند مانند گونگے

عین باذال

عَدَم ع نابودگی و نابود چیز جو موجود نہو۔

عَدِیم ع ناپیدا کمیاب یعنے جو چیز مل نہ سکے۔

عین باراے

عَرَضِ عام ع ایک عرض جسمین مختلف پیدائش شامل ہون چنانچہ چلنا اسمین انسان گاے گہوڑے وغیرہ شامل مین
عَرِم ع سد و خانہ اور وہ دیوار جو پانی کی بندش کیلئے کے آگے بناتے ہین ہندی او سکو باندھ کہتے ہین۔
عَرَمْرَم ت لشکر و فوج و ہجوم و انبوہ آدمیون کا۔

عین بازاے

عَزْم ع ارادہ و قصد جو کسی کام کے حاصل کرنیکے لئے ہو
عَزَائِم ع افسون اور دعائین جو جنون کی حاضری و شفاے بیمار کے لئے پڑہتے ہین۔

عین باصاد

عِصَام ع پانی کی مشک کا بند مشک کا نام ایک شخص کا۔

عین باظاء

عَظْم ع استخوان یعنی ہڈی انسان یا حیوان کے جسم کی
عُظْم ع بزرگی و عزت و عظمت و رتبہ و آبرو و بڑائی۔
عِظَم ع کلان ہونا بڑا ہونا بڑہنا عزت و آبرو پانا۔
عِظَام ع جمع عظیم بزرگان و کلانان و جمع عظم یعنی استخوانہا حیوان و انسان
عُظَّام ع بزرگان و امیران و دولتمندان۔
عَظِیم ع بڑا صاحب عظمت و عزت و آبرو اور یہ لفظ خدا کے نام کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

عین باقاف

عَقِیم ع بے اولاد عورت ہو یا مرد یعنے وہ عورت جو بچہ

سنہ جنے اور وہ مرد جس کا نطفہ ناکارہ ہو۔

عین بالام

علت عالم ع عقل اول و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

عَلَم ع مہر ایشان نشان مشہور معروف یعنی جس چیز کو ہر کوئی جانتا ہو

عِلْم ع آگاہ ہونا جاننا خبردار ہونا۔

عُلُوم ع بہت سے علم مثل علم حدیث و تفسیر و صرف و نحو وغیرہ

علے الدوام ع ہمیشہ ہر روز ہر وقت ہر حال۔

عَلِیم ع صاحب علم خبردار و آگاہ یہ نام خدا تعالی کی نامون سے ہے

علم کلام ع وہ علم جس سے مقدمات نقلی کو بدلائل عقلی ثابت کرین

عَلّام ع بڑا دانا و صاحب علم و باخبر آدمی۔

علے الرغم ع برخلاف و برعکس یعنے برخرابی۔

عین بامیم

عمر خیام ع نام ایک شاعر کا ہے جو عرب مین رہتا تھا

عَمّ ع برادر پدر جسکو ہندی مین چچا کہتے ہین۔

عُمُوم ع زیادتی و بطریق عام سب کے واسطے اور سب رو برو

عَمِیم ع تمام و ہمہ یعنے تمام و کمال پورا پورا۔

عَمائم ع جمع عمامہ دستارہا یعنے پگڑیان جو سر پر باندھتے ہین

عین باواو

عَوالِم ع جمع عالم یعنے جہان اور بہت سے جہان۔

عَوام ع جمع عامہ ہر طرح کے لوگ جو خاص نہو۔

عَوّام و عَوّاہم ع اسپ راہوار تیز رفتار گھوڑا۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور آخیر مین میم ہے

غین بارا

غُرْم ع عربی مین تاوان یعنے زبردستی سے کسی چیز گمشدہ کا معاوضہ لینا اور فارسی مین میش کوہی یعنی پہاڑی بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہے۔

غَرام ع حرص و عشق و شیفتگی و ہلاک و عذاب۔

غَرِیم ع تاوان زدہ یعنے جس سے تاوان لیا جائے۔

غین بازا

غژم ف انگور تازہ و پختہ جو لذیذ و شیرین ہو۔

غین بالام

غُلام ع لڑکا خدمتگار مجازاً مملوک و زرخرید آدمی

غین بامیم

غَمام ع ابر و سحاب یعنے بادل جس سے بارش ہوتی ہے

غَمائم ع ابرہا جمع غمامہ یعنے بہت سے بادل۔

غَمّ و غَم ف دلگیری و پریشانی و فکر و اندیشہ۔

غُمُوم ع جمع غم کی یعنے بہت سے فکر و اندیشے۔

غین بانون

غَنَم ع بز و گوسپند جو مشہور جانور ہے۔

غَنائم ع بکریان جمع غنم کے لفظ کی۔

غَنِیم ع غارت گر دشمن لوٹیرا لوٹنے والا۔

غین باواو

غَوام ع سر ہای سر و پیشانی یعنے سر اور پیشانی کے بال

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین میم ہے

فا با الف

فام ۔ رنگ و لون و صورت جیسی ہو۔

فا با حا

فحم و فحم ۔ زکال انگشت یعنے کوئلا آگ کے جلانے کا۔

فا با را

فرجام ۔ انجام و انتہا و آخر و لائق و سزاوار۔

فراہم ۔ جمع کرنا اکٹہا کرنا یکجا کرنا کسی چیز کو۔

فا با سین

فاستقم ۔ استوار باش قائم ہو ٹہرا رہو۔

فا با طا

فطام ۔ دودہ چہڑانا لڑکے کا و شکستگی و مفارقت جدائی۔

فا با میم

فم ۔ دہان یعنے منہہ انسان یا حیوان کا۔

فا با واو

فوم ۔ سیر ہندی لسن جو ایک مشہور بو دار چیز ہے۔

فا با ہا

فہم ۔ دانستگی سمجہنا خیال مین لانا کسی بات کا۔

فہیم ۔ دانا سمجہنے والا خیال مین لانے والا۔

فہام ۔ بہت سمجہنے والا اور خیال مین لانے والا۔

فہوم ۔ جمع ہے فہیم کی معنے بہت سے فہم۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف قاف اور اخیر مین میم ہے

قاف با الف

قاقم ۔ ایک جانور کا نام ہے جسکے پوست کی پوستین بنتا ہے۔

قائم ۔ ٹہیرا ہوا قیام پکڑا ہوا کہڑا ہوا۔

قاسم ۔ بانٹنے والا قسمت کرنیوالا حصہ کرنیوالا۔

قاف با با

قبۃ الاسلام ۔ لقب شہر بخارا کا ہے یعنے اسلام کا گنبد

قاف با تا

قتام ۔ گرد و غبار و اندہیری اور خاک کا اوڑنا۔

قاف با دال

قدم ۔ قدیم ہونا پرانا ہونا ہمیشہ ہونا۔

قدیم ۔ پرانا اور نام خداوند تعالے کا۔

قدام ۔ ہمیشگی اور کہنہ پن اور پرانا پن ہونا۔

قدام ۔ آگے چلنے والا آگے نکل جانے والا۔

قدام ۔ آگے اور سامہنے اور روبرو۔

قدم ۔ پانو جس سے انسان و حیوان چلتا ہے۔

قدوم ۔ سفر سے آنا و بر وا آنا اور بہت سے قدم۔

قدوم ۔ تیشہ نجاران یعنے ترکہانون کا تیشہ۔

قاف با را

قِرَام ع باریک و رنگین و منقش پردہ۔
قَرَم ع شتر نر و مہتر قوم و سرگروہ و سردار
قَرَاقُرم ت ایک شہر ترکستان مین ہے۔

قاف با سین

قَسَم ف سوگند جسکو عربی مین یمین کہتے ہین۔
قِسْم ع بہرہ و بخشش و نوع و طرح و طریق۔
قَسْم ع بانٹنا تقسیم کرنا حصہ حصہ کرنا۔
قَسِیْم ع بانٹنے والا و شریک و ہم حصہ و خوب رو۔

قاف با ضاد

قَضِیْم وہ خوراک جو چارپایون کو کہلاتے ہین۔

قاف با لام

قُلْزُم ع نام موضع درمیان مصر و مکہ چونکہ وہ قصبہ بحر محیط کے کنارہ پر ہے سمندر کو بھی بحر قلزم کہتے ہین۔
قَلْم ع کاٹنا تراشنا ناخن اوتارنا۔
قَلَم ع خامہ تراشیدہ اور ہر چیز تراشی ہوئی۔

قاف با میم

قَمْقَام ع کلان و بزرگ و دریا و مہتر قوم و کنہ یعنی چیچڑی یعنی جون جو کرم کپڑون اور بالون مین پڑجاتی ہین
قِمَم ع جمع قمہ سر ہر چیز کا مجازاً بلندیان اور اونچائیان
قُم ع برخیز یعنے اوٹھ اور کہڑا ہوجا۔
قُم ع نام شہر متعلق اصفہان شہر کے۔
قُم ع گہر کو جاروب دینا صفا کرنا مکان کو۔

قاف با واو

قِوَام ع راستی و عدل و درستی و انصاف و خوبی و بھلائی
قِوَام ع اصل ہر چیز کا و بقا اور کہڑا ہونا قائم ہونا۔
قَوَائِم ع جمع قائمہ بمعنی ستون و پای آدمی و رکن ہر چیز کا۔
قَوِیْم ع راست و استوار و درست و بہتر و اچھا
قَوْم ع گروہ آدمیون کا۔

قاف با یاے

قِیَام ع قائم ہونا کہڑے ہونا درست ٹھہرنا۔
قِیَم ع جمع قیمت یعنے قیمتین اور معمول کئی چیزون کے
قَیُّوْم ع زیادہ قائم ہونیوالا اور نام خدا تعالے کا۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف کاف اور آخیر مین میم ہے

کاف با الف

کَام ف مراد و مقصود اور تالو انسان کا۔
گَام ف قدم و دہ و قریہ و گانو۔
کَامْنَا کَام ف چارناچار ضرور تا۔
کَاظِم ع غصہ کہانیوالا اور لقب امام موسی بن جعفر صادق کا جو ساتوین امام بارہ امامون مین سے تہے۔
کَاعِم ع عورت منکوحہ بخلاف باکرہ کے یعنے خاوند والی عورت
کَاوْدُم گناہ اور وہ چیز جو ایک طرف موٹی و دوسری طرف پتلی ہو

کاف با تاے

کِتْم ع پوشیدگی اور بہید اور چہپانا کسی چیز کو۔

کَتَم ع ایک گہاس کا نام ہے جس سے خضاب کرتے ہین
کَتْم ع چہپانا اور برگ نیل یعنے نیل کی پتی جس سے خضاب کرتے ہین
کِتَام ع چہپانا اور پردہ ڈالنا کسی چیز پر۔

کاف با جیم

کَجِیم ع گہوڑے کا پاکہر۔

کاف با دال

کُدَام ف کونسا اور اطلاق اسکا ذی روح پر ہے۔

کاف با راے

کِرِم ف کیڑا جو کسی چیز مین پڑجائے۔
کَرْم ع درخت انگور کا جو مشہور درخت ہے۔
کَرَم ع مروت سخاوت مہربانی بخشش داد و دہش
کُرْم ع غم و اندوہ و فکر و اندیشہ و پریشانی۔
کِرَام ع جمع کریم بزرگان یعنے بہت سے بزرگ و سخی
کُرُوم ع درختان انگور و غمہا و اندوہ و پریشانیہا
کَرِشْمَہ ع کرشمہ یعنے ناز و ادا جو معشوق کرتے ہین اور تعجب کی بات بلند
کُرْکُم ع زعفران مشہور چیز ہے جسکو ہند مین کیسر کہتے ہین۔
کُرْزُم یہ ایک قسم کی گہاس ہے جس سے خوشبو آتی ہے
کَرِیم ع بزرگ سخی با مروت اور نام خداوند تعالی جلشانہ کا
گُرگ میش آم ف صبح جسکی روشنی بہیڑیکی دم کیطرح ہوتی ہے
گُرَم ف جلد و شتاب اور تیتا۔
گُرزَم ف نام برادر اعیانی اسفندیار کا جو مشہور پہلوان ہے
گُرسنہ چشم ف حریص و طماع آدمی جسکی آنکہ سیر نہو۔

کاف با زاے

گَزدُم ف بچہو جو مشہور زہر دار جانور ہے۔
گَرِیم ع ایک قسم کا سبزہ ہے۔
گَزَشْم ف نام درخت جسکا سدہ نام ہے اور عربی مین شجر ابق اور پشہ غال ترکی مین اسکو کہتے ہین۔
گَزَم ف درخت گز یعنے جہاؤ جو مشہور درخت ہے

کاف با سین

گستہم ف نام پسر نوذر بن منوچہر اور نام ایک ایران کے پہلوان کا

کاف با ظاد

کَظْم ع غصہ کہانا غضب کو دبا لینا۔
کَظِیم ع غصہ کہانیوالا اور غضب دبا لینے والا۔

کاف با لام

کَلَام ع بولنا سخن کہنا بات چیت کرنا۔
کلام مستدام ع قرآن شریف جو قدیم کلام ہے۔
کَلْم ع خستہ و مجروح کرنا زخمی کرنا کسیکو۔
کَلِم ع سخنہا و کلامہا یعنے بہت سی تقریرین۔
کُلُوم ع جراحت ہا یعنے بہت سے زخم۔
کَلِیم ع کلام کرنیوالا اور لقب موسی نبی کا ہے جو خدا کا کلام سنتا تہا اور اس سے کلام کرتا تہا
گل چشم ف جسکی آنکہ مین گل ہو یعنے پہپولا ہو۔
گل اندام ف خوبصورت حسین آدمی۔
گلزار ابراہیم ف ابراہیم کی آگ جو گلزار ہو گئی تہی۔
گلیم ف گودڑی فقیرون کی مشائخ کا خرقہ۔
گلبام ف قسم لحن موسیقی یعنے راگ کی تال کا نام ہے

کاف با میم

کمان رستم ف کنایۂ قوس قزح جو ابر مین نمودار ہوتا ہے
کم ع عربی مین اکثر و بہت اور فارسی مین تھوڑا۔
کُم ع شما تم اور تم لوگ۔
کَم ع مقدار کسی چیز کا اندازہ کسی شے کا۔
کُم ع آستین جو مشہور چیز ہے۔
کِم ع غلاف شگوفہ کا اوپر کا پردہ۔
کمُم نام ایک تالاب کا جو کشمیر مین ہے۔
گُم ف بیخبر جسکا نشان باقی نہو۔
گُم گم ف نقب لگانیکی آواز دیوار کھودنیکی آواز
گُمنام ف جسکو کوئی نجانے ناچیز آدمی و ناکارہ۔

کاف بانون

کنام ع چارپایونکے رہنے کی جگہہ و آشیانہ مرغان

کاف باواو

کورچشم ف اندھا اور یک چشم آدمی۔

کاف بایاے

کیف و کم ع کسطرح اور کتنا اور کسقدر۔

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین میم ہے

لام باالف

لالا می چشم ف مونگ باعتبار اوسکی سیاہی کے کہ لالا حبشی غلام کو کہتے ہین اور وہ سیاہ ہوتا ہے

لائم ع ملامت کرنے والا برا بہلا کہنے والا۔
لایعلم ع نادانی و نادان و بیخبر و جاہل آدمی۔
لام ع جمع لامہ زرہا اور نام ایک حرف کا لکھنوء مین ایکقسم کی ٹوپی نمدی جو فقرا پہنتے ہین۔
لاجرم ع ناگزیر بالضرور ناچار۔
لازم ع ضرور۔
لانسلم ع قبول نمیکنیم ہم نہین مانتے۔
لاونعم ع نہین اور ہان انکار و اقرار۔
لاکلام ع بیشک۔

لام باثاء

لثم ع توڑنا منہہ باندہنا خون آلودہ کرنا۔

لام باجیم

لجام معرب لگام جو گہوڑونکے منہہ مین دیکر سوار ہوتے ہین

لام باحاء

لحم ع گوشت حیوان کا جو کہانے مین آتا ہے

لام بازاے

لزوم ع لازم ہونا کسی چیز کا کسیکو۔

لام باطاء

لطیم ع سیلی خوردہ شخص یعنی جسکے کسی نے طمچہ کہایا ہو

لام باواو

لوائم ع جمع ہے لائمہ کی۔
لوازم ع جمع ہے لازم کی۔
لوم ع ملامت کرنا کسیکو برا کہنا۔

لُولُوشَم ف نام گل یعنے ایک پہول کا نام ہے
لوحِ طلسم ف قسم تعویذ جو لوح نقرہ پہ لکہتے ہین

لام با یار

لَئیم ع بدبخت جمع اسکی لیام ہے -
لَیِّن زم ع کبادہ کمان کا نرم اور سست -

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور اخیر مین میم ہے

میم با الف

مَآثِم ع گناہہا جمع مأثم جو مصدر میمی بمعنے اثم کی ہے
مَالَا کَلَام ع جس بات مین کلام نہو درست وصحیح بات
مَاحِم مادر جسکو عربی مین ام اور ہندی مین ماں کہتے ہین
مَا دَام ع تا وقتیکہ جب تک کہ -
مَاتَم ف غم و اندوہ و پریشانی جو کسیکی مرگ پر ظاہر کیجائے

میم با بار

مُبْرَم ع محکم و استوار و مضبوط جو دور نہو سکے
مُبْہَم ع پوشیدہ و فروبستہ اور چہپا ہوا -
مُتَبَسِّم ع تبسم کرنے والا ہنسنے والا -

میم با تار

مُتَقَادِم آگے بڑہنے والا پیش دستی کرنے والا -
مُتَخَاصِم ع خصومت کرنے والا دشمن عداوتی
مُتَأَلِّم ع دردمند و دردناک غمگین و پریشان

مُتَلَاطِم ع دریا تہپیڑ مارتا ہوا و پر موج -
مُتَرْجَم ع ترجمہ کیا گیا بیان کیا گیا -
مُتَرْجِم ع ترجمہ کرنے والا ایک زبان سے دوسری مین
مُتَبَسِّم ع آہستہ ہنسنے والا تبسم کرنے والا -
مُتَرَاکِم ع ہجوم و انبوہ کرنے والا -
مُتَکَلِّم ع بولنے والا کلام کرنے والا بات کرنیوالا -
مُتَوَہِّم ع وہم کرنے والا وہم مین پڑنے والا شخص
مُتَّہَم ع تہمت والا صاحب بدنامی کا -
مُتَرَسِّم ع نقش کرنے والا رسم ڈالنے والا -
مُتَظَلِّم ع دادخواہ فریادی داد چاہنے والا -
مُتَّسَم ع داغ کیا گیا نشان کیا گیا -
مُتَحَتِّم ع واجب ولازم اور استوار کرنا -
مُتَعَلِّم ع شاگرد تعلیم پانے والا علم پڑہنے والا
مُتَرَنِّم ع سرود کرنے والا راگ گانے والا -
مُتَیَّم ع مشتاق و دردمند و عاشق -
مُتَمِّم ع تمام کرنیوالا کامل کرنیوالا پورا کرنے والا
مُتَنَعِّم ع صاحب نعمت و آسودہ حال ع دولتمند -

میم با جیم

مَجْذُوم ع کوہڑ یعنے جسکو کوڑہ کی بیماری ہو -
مَجْزُوم ع قطع کیا گیا کاٹا گیا یقین کیا گیا -

میم با حار

مَحْتُوم ع واجب کیا گیا و حکم کیا گیا -
مُحْتَشَم ع صاحب حشمت و خدمتگاران و لشکر -

مُحَرَّم ع حرام کیا گیا حرام رکہا گیا اور نام ماہ اول سال قمری سے کہ اوسمین جنگ حرام تہا ۔

مُحْرِم ع جسنے احرام حج کا باندہا ہو اور حرم مین جانیوالا ۔

مَحْرَم ع وہ شخص جسسے نکاح عورتکا حرام ہو مثلاً باپ بہائی بیٹا وغیرہ مجازاً دوست بے تکلف و آشنا راز واقف راز ۔

مُحْتَرَم ع عزت کیا گیا باآبرو عزت دار ۔

مَحْرُوم ع رد کا گیا نامراد ۔

مَحْکُوم ع حکم کیا گیا تابعدار فرمانبردار ۔

مُحْکَم ع مضبوط و استوار جو ٹوٹ نہ سکے ۔

میم با خاء

مَخَادِیم ع جمع مخدوم بہت سے صاحب مالک ۔

مَخْدُوم ع خدمت کیا گیا باپ اوستاد آقا وغیرہ

مُخَیَّم ع جسجگہ خیمہ کہڑا ہو یعنے خیمہ کی جگہ ۔

مُخَیَّم ع بروزن معظم جسجگہہ خیمہ ایستادہ ہو ۔

مُخَاصِم ع خصومت کرنیوالا عداوت کرنیوالا ۔

مَخْتُوم ع مُہر کیا گیا مقفل و بند کیا گیا ۔

مُخَتَّم ع مُہر کیا گیا بند کیا گیا قفل لگایا گیا ۔

مَخَاتِیم ع جمع مختوم بہت سی مُہر کی ہوئی چیزین ۔

میم با دال

مدار المہام ع مختار کل ہر ایک کام پر صاحب اختیار ۔

مُدْغَم ع نام غلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۔

مُدْغَم ع ادغام کیا گیا ایک حرف دوسرے حرف ہمجنس مین آیا ہوا اور گہوڑا لگام دبا ہوا لو پہ چہپا ہوا ۔

مُدَام ع شراب اور ہمیشہ رکہا گیا اور ہمیشہ ۔

مُدْلَہِم ع سخت سیاہ و تاریک اور نہایت کالی چیز ۔

مدینۃ الاسلام ع لقب کوفہ کا جو شہر مشہور ہے ۔

مدینۃ العلم ع علم کا شہر لقب آنحضرت کا اور حضرت نے اپنے حق مین فرمایا ہے انا مدینۃ العلم و علی بابہا ۔

میم با ذال

مَذْمُوم ع بدگوئی کیا گیا مذمت کیا گیا بُرا کہا گیا ۔

میم با راے

مَرْسُوم ع رسم کیا گیا و درماہہ وود ظیفہ جو کسیکا مقرر ہو

مَرَاسِم ع رسمین اور طریق جو بہت سے ہون ۔

مَرْجُوم ع راندہ و سنگسار کیا گیا مردود شخص ۔

مَرْحُوم ع رحمت کیا گیا بخشا گیا ۔

مَرْزُبُوم ع پیدا ہونے کی زمین اور وطن ۔

مَرْقُوم ع لکہا گیا تحریر کیا گیا ۔

مُرْتَسِم ع نقش پکڑنیوالا منقش ہونیوالا ۔

مَرَام ع مراد و مطلب مشتق رَوم سے جسکے معنی مطلب و ڈہونڈہنے کے ہین

مَرْدُم ع ایک آدمی اور بہت آدمی و مردمک سیاہی چشم جو نظر کا مقام ہے

مُرَخَّم ع نرم کیا گیا ملایم کیا گیا ۔

مَرَاحِم ع جمع مرحمت کی مہربانیان و بخششین الطافین ۔

مَرَاہِم ف جمع مرہم کی یہہ مشہور لفظ ہے ۔

مَرْہَم ف وہ دوا جو زخم پر لگاتے ہین ۔

میم با زاے

مُزَاحِم ع تنگی کرنیوالا رنج پہونچانیوالا ناحق دخل دینے والا

مُزدَحَم ع ازدحام و ہجوم کیا گیا انبوہ کیا گیا -
مُزدَحِم ع انبوہ کرنیوالا ہجوم کرنیوالا -

میم با سین

مُستَہام گشتہ و حیران و پریشان و غمگین و دیوانہ
مَسمُوم ع زہر کہایا گیا یعنے جسکو زہر دیا گیا ہو -
مُتَناسِم ع شریک اتباع و حصہ دار کسی چیز میں -
مُستَحکَم ع محکم مضبوط و سخت و پختہ -
مُستَکرِم ع طالب بخشش کا مہربانی چاہنے والا -
مَسَام ع باریک سوراخ جو انسان کی جلد میں ہیں -
مَسَامّ ع جمع سمّ بفتح اسم ظرف سم بمعنی سوراخ -
مَسَمّ ع سوراخ جو کسی چیز میں ہو -
مُستَقِیم ع راست سیدہا اور کہڑا ہوا قایم و محکم -
مُستَخدِم ع خدمت چاہنے والا خدمت مانگنے والا -
مُستَخدَم ع جسسے خدمت چاہیں یعنے خدمتگار -
مُستَدام ع ہمیشہ و ہمیشگی چاہنے والا -
مُستَلزِم ع لازم پکڑنیوالا -
مُسلِم ع جمع مسلم اسلام جو شخص دین محمدی پر ہو -
مُسَلَّم ع سلامت رکہا گیا سپرد کیا گیا -
مُستَنِیر ع روشنائی چاہنے والا -
مُستَتِم ع اتمام چاہنے والا انجام مانگنے والا -
مُستَشِم ع بوسونگہنے والا کسی چیز کو -

میم با شین

مَشَام ع مشتمم دماغ جسکے سونگہنے کی قوت حاصل ہے

مَشعَرُالحَرام ع جا قربانی جو حج کے بعد کرتے ہیں -
مَشئُوم ع بروزن مقسوم منحوس نامبارک -
مَشمُوم ع سونگہی ہوئی چیز جسکو سونگہیں -
مَضمُوم ع وہ حرف جسپر حرکت پیش کی ہو -

میم با ظاء

مَظالِم ع جمع مظلمہ ستم ہا و جا ہاے عدالت -
مُظلِم ع تاریک مقام اور تاریک جگہہ -
مَظلُوم ع ظلم کیا گیا یعنے جس شخص پر کسی نے ظلم کیا ہو -

میم با عین

مِعصَم ع جا دست بر نجن یعنی ساعد کڑی پہنیں -
مُعجَم ع حروف و حروف ابجد و حروف منقوط جو نقطہ دار ہوں
مُعَمَّم ع صاحب عمامہ و دستار یعنے پگڑی والا آدمی -
مُعَزِّم ع عزیمت خوان افسون گر جادوگر منتریا -
مَعصُوم ع نگاہ رکہا گیا گناہ سے بچا ہوا نیکوکار -
مَعلُوم ع جانا گیا کنایۃً مال و زر و سامان و اسباب -
مَعالِم ع عالم و جہان موجودات و کائنات و دنیا -
مُعتَصِم ع پنجہ مارنیوالا پناہ پکڑنیوالا کسیکی حمایت میں آنیوالا -
مُتَعَلِّم ع شاگرد سکہلایا گیا علم پڑہایا گیا -
مُعَلِّم ع سکہلانیوالا و استاد و ادیب علم پڑہانیوالا -
مُعَلَّم ع نقش دار و نشان دار یعنے جس چیز کو کوئی نشان ہو
مُعَظَّم ع صاحب عزت و حرمت و صاحب عظمت آدمی -
مَعدُوم ع نابود جسکا کوئی پتا و علم و نشان نہو -

میم با میم

مغموم ۔ غمناک و دلگیر اندیشہ مین ۔
مغتنم ۔ غنیمت جانا گیا وقت یا زمانہ وغیرہ ۔

میم با فا

مفخم ۔ بزرگ رکھا گیا ۔
مفہوم ۔ یہ سمجھا یا گیا واضح کیا گیا کوئی مضمون یا حال

میم با قاف

مقام ۔ مصدر ہے کھڑے ہونا ٹھہرنا قایم ہونا ۔
مقاوم ۔ برابری کرنیوالا ہمسری کرنیوالا برابر کا شخص
مقدام ۔ بہادر شجاع و پہلوان جوانمرد دلاور آدمی ۔
مقسوم ۔ بانٹا ہوا حصہ کیا ہوا قسمت کا لکھا ۔
مقیم ۔ رہنے والا مقام کرنیوالا کسی مکان مین ۔
مقام ۔ کھڑے ہونے کا مقام جائے قیام سکونت کی جگہ
مقدم ۔ واپس آنا اور قدم رکھنے کی جگہ ٹھہرنیکا مقام ۔
مقدم ۔ آگے چلنے والا و دلیر گوشہ چشم بطرف بینی ۔
مقدم ۔ پیش کرنیوالا حاضر کرنیوالا شخص ۔
مقدم ۔ پیش کیا گیا گانو کا چودھری و نمبردار ۔
مقسم ۔ جائے تقسیم یعنی بانٹنے کی جگہ ۔
مقرم ۔ شتر نر بے جلا شتر مادہ کے ۔
مقتحم ۔ ظالم و غالب متعدد و حاکم با اختیار ۔
مقحم ۔ کسی چیز مین ڈالا گیا درمیان مین لایا گیا ۔
مقوم ۔ قیمت کرنیوالا راست کرنیوالا سیدھا کرنیوالا

میم با کاف

مکتتم ۔ پوشیدہ چیز جو دل کے اندر ہو ۔

مکرم ۔ عزت دیا گیا صاحب آبرو کیا گیا ۔
مکارم ۔ نوازشین مہربانیان سخاوتین بخششین
مکتوم ۔ پوشیدہ بات اور راز جو دل کے اندر ہو ۔

میم با لام

ملک الکلام ۔ لقب ملک قمی ظہوری کا جو مصاحب و ہمنشین سلطان ابراہیم عادل شاہ کا تھا ولایت دکن مین ۔
ملثوم ۔ بوسہ دیا گیا چوما گیا ۔
ملثم ۔ چوما گیا بوسہ دیا گیا ۔
ملتئم ۔ زخم اچھا ہوا ملا ہوا زخم جسکو مرہم کی حاجت نہو ۔
ملتثم ۔ چوما گیا بوسہ دیا گیا ۔
ملحم ۔ قسم پارچہ ابریشمی جو نہایت ملایم ہوتا ہے ۔
ملتزم ۔ کعبہ مین ایک مقام کا نام ہے نزدیک رکن یمانی محاذی کعبہ وہ مقام اجابت دعا ہے ۔
ملوم ۔ ملامت کیا گیا یعنے جسکو ملامت کی گئی ہو ۔
ملازم ۔ نوکر مصاحب و جلیس و ہمنشین پاس رہنے والا ۔
ملام ۔ ملامت کرنا اور جائے ملامت یعنے جسجگہہ پر ملامت ہو
ملہم ۔ الہام کرنیوالا دلمین ڈالنے والا خبر دینے والا ۔
ملایم ۔ نرم اور رجوع ہونیوالا موافق و مناسب و مطبوع و پسند
ملام ۔ ملامت کرنا کسیکو برا کہنا کسی بات پر ۔
ملتحم ۔ زخم انگور لایا ہوا جو اچھے ہونیکے نزدیک ہو ۔
ملتقم ۔ لقمہ کھانیوالا نوالہ لینے والا طعام کا ۔

میم با نون

منام ۔ خوابگاہ سونے کی جگہ نیند کا مقام ۔

منہوم ع حریص گرسنہ چشم و خام طمع آدمی۔
منعم ع صاحب نعمت مالدار دولتمند غنی آدمی۔
مناعم ع جمع نعمت کی یعنے بہت سی نعمتیں۔
منجم ع نجومی ستارہ شناس آدمی۔
منعدم ع فنا و نابود بے نام و نشان۔
منقسم ع تقسیم کیا گیا بانٹا گیا۔
منہضم ع ہضم کیا گیا کہانا پیٹ میں۔
منعم ع بہت بخشش کرنیوالا انعام دینے والا۔
منتسم ع خوشبو لینیوالا عطر و پہول وغیرہ کی۔
منہزم ع جنگ سے بہاگنیوالا نامرد بزدل آدمی۔
منہدم ع ویران مسمار ہونیوالا گرنیوالا مکان وغیرہ۔
منسجم ع پانی و اشک رواں ہونیوالا آنسو بہنیوالا۔
منبلج ع روشن ہویدا و ظاہر و چمکتا ہوا۔
منخرم ع جسکی بینی بیدہ اور کان سے چہیدا ہوا آدمی۔
منتقم ع بدلہ لینیوالا عوض لینے والا کسی سے۔
منتظم ع درست و درست ہونیوالا بندوبست کرنیوالا۔
منضم ع ہمیشہ رہنے والا و آمیختہ یعنے ملا ہوا۔
مناظم ع جا نظم و ترتیب اور بندوبست کا مقام۔
متبسم ع سخن چینی کرنیوالا کسیکی بات میں عیب نکالنیوالا۔
منعدم ع نابود ہونیوالا یعنے معدوم بے نام و نشان۔
منظوم ع پرویا گیا نظم کیا گیا کوئی قصیدہ یا غزل۔
منفصم ع ٹوٹا ہوا ختم کیا گیا الگ کیا ہوا۔

میم با واو

متوہم ع وہم میں ڈالنیوالا شک میں لانیوالا۔
موہوم ع وہم کیا گیا شک کیا گیا۔
موسوم ع نام رکہا گیا نشان قایم کیا گیا۔
مؤلم ع رنج پہونچانیوالا دکہ دینے والا کسیکو۔
مؤثم ع گنہگار و مجرم تقصیری و خطاوار۔
موسم ف وقت کسی چیز کا و بہار کسی پہول یا میوے کی۔
موسم ع اسم کیا گیا نام رکہا گیا نشان قایم کیا گیا۔

میم با ہا

مہموم ع غمناک فکرمند اندیشہ میں۔
مہزوم ع شکست دیا گیا ہٹکا یا گیا۔
مہضوم ع ہضم کیا گیا کوئی کہانا خوراک۔
مہام ع جمع مہم کار ہاے مشکل و دشوار امور۔
مہم ع امر عظیم ماخوذ ہم سے جسکے معنے غم کے ہیں۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف نون اور اخیر مین میم ہے

نون با الف

نام ف مشہور لفظ ہے جسکا کوئی اسم مقرر ہو۔
ناعم ع خیبر کے قلعوں سے ایک قلعہ کا نام ہے۔
نائم ع سویا ہوا آدمی نیند میں بے خبر خواب کی حالت میں۔
ناظم ع پرونے والا بندوبست کرنیوالا صاحب انتظام۔
ناسمجھ ع بیوقوف نادان جاہل بے سمجھ آدمی۔

نامحرم ف نا واقف غیر آدمی جو گھر مین نہ آسکے ۔
ناتمام ف ناقص یعنے وہ چیز ابھی پوری نہو ۔
ناملائم ف ناسزاوار و درشت و ناپسند و نامطبوع ۔
ناکام ف نامراد و ناچار و بالضرور بحالت ناچاری ۔
نادم ع پشیمان یعنے جو شخص کام کرکے پشیمان ہو ۔
ناف عالم ف مکہ معظمہ و خانہ بیت اللہ یعنے کعبہ ۔
نامردم ف ناکس و بیکار و کم ذات و کم عزت آدمی ۔
نافرجام ف بد انجام جسکا اخیر اچھا نہو ۔

نون با جیم

نجم ع ستارہ اور بیل کسی درخت کی مثل کدو وغیرہ ۔
نجوم ع ستارے جو آسمان پر ہین جمع نجم کی ۔

نون با خاء

نخل مریم ع وہ درخت جسکے نیچے عیسیٰ پیدا ہوئے تھے ۔
نخل موم ف وہ درخت جو موم سے بناتے ہین ۔

نون با دال

ندم ع پشیمان و دلگیر و غمگین و فکرمند ۔
ندیم ع مصاحب و ہمنشین و ہم صحبت بادشاہ کا مصاحب ۔

نون با راے

نرم ف آہستہ خلاف سخت لفظ کے ۔
نرم نرم ف آہستہ آہستہ کم کم ٹھہر کر آہستگی سے ۔

نون با زاے

نزم ف وہ بخار جو سردیون مین ہوا مین پیدا ہوتی ہے ہندی مین کوہرا نام ہے ۔

نون با سین

نسیم ع ہوائے نرم و بوئے خوش جمع اسکی نسایم ہے ۔

نون با شین

نشیمن ف نشیمن و آشیانہ و آرامگاہ اور سکونت کی جگہہ ۔

نون با ظاء

نظم ع پرونا موتیونکا و کلام موزون یعنے اشعار کا ۔
نظام ع ایک حکیم معتزلہ کا نام ہے جسکے مسائل خلاف شرع کے تھے
نظام ع رشتہ جواہر و آراستگی و درستی و زیب و زینت و بندوبست و نام وزیر ملک شاہ سلجوقی جو بڑا نیکنام و صاحب اوصاف و سخاوت تھا اور خطاب صوبہ دکن کا جو شاہ دہلی کیطرف سے تھا

نون با عین

نعم ع جمع نعمت یعنے بہت سی نعمتین و دولتین و خوبیان ۔
نعم ع ہان یعنے ایجاب و قبول عربی مین ہے اور بفتحتین بمعنی چارپایہ
نعمہ ع تازگی و نرمی و نیکوئی و خوبی مال و دولت ۔
نعم ع نیک و خوب و بہ اچھا راضی خوش ۔
نعائم ع منازل قمر سے بیسوین منزل و جمع نعامہ بمعنی شترمرغ کے ہین
نعیم ع بہشت و نعمت و نیکی و دسترس و ناز ۔

نون با غین

نغم ع جمع نغمہ کی بہت سے سرود اور راگ جو گائے جائین

نون با قاف

نقطہ موہوم ع باریک نقطہ جو نظر نہ پڑے ۔

نون با میم

نمام ع بہت غمازی کرنیوالا چغلخور و غیبت کرنیوالا ۔

نمام ع سخن چین و غماز و نام گیاہ خوشبودار –
نمکحرام ف بدخواہ اپنے مالک کا اور شخص جو کسی کا مال کھا کر حق و اکرام
نم ف تری پانی کی جو کسی چیز مین موجود ہو –

نون باواو

نون والقلم ع دوات قلم و نام سورۂ قران –
نوم ع خواب یعنے نیند –
نور چشم مجازاً بیٹا یعنے آنکھون کی روشنی –

نون بایار

نیام ع جمع نوم جسکے معنی نیند کے ہین جمع نائم جسکو معنی سوئے کے ہین اور نیام ف شمشیر اور تلوار کا میان –
نیر اعظم ع آفتاب جسکو ہندی مین سورج کہتے ہین –
نیلم ع نام جوہر جو نیلا گون ہوتا ہے –
نیم ف نصف آدھا یعنے دو مین سے ایک –

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف واو اور اخیر مین میم ہے

واو باالف

وام ف قرض رنگ لون کسی رنگین چیز کا –
واہم ع وہم کرنیوالا شک کرنیوالا کسی بات مین –

واو باخار

وخم ع ناگوار و ناسازگار و ناپسند و نامطبوع
وخیم ع دشوار و گران و بوجھل و بھاری چیز –

واو بارا

ورم ع سوج جانا ورم کرنا کسی عضو کا –

واو باسین

وسم ع نشان عیب و داغ و رنگ و لون –
وسیم ع خوبصورت و جمیل و نشان کیا گیا و نام درخت –

واو باہا

وہم ع گمان و شک جو کسی کی طبیعت مین پڑ جائے –

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف ہا اور اخیر مین میم ہے

ہا باالف

ہاضم ع وہ چیز جو طعام کو ہضم کرے –
ہادم ع عمارتکا گرانیوالا و ویران کرنیوالا مسمار کرنیوالا
ہایم ع سرگردان و شیفتہ عشق مین اور تشنہ یعنے پیاسا
ہاشم ع نام جد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے –

ہا باجیم

ہجوم ع انبوہ و مجمع لوگونکا مجازاً فوج و لشکر –

ہا بادال

ہدم ع مسمار و ویران کرنا گرا دینا کسی دیوار یا مکان کو –

ہا بارا

ہرم ع پیری ضعیفی و ناتوانی و کمزوری و ناطاقتی –
ہرم ع مرد پیر و ضعیف و ناتوانی کرنیوالا –

ہرمزم ع نام شہر اور پہلوان کا جو بڑا جوانمرد تہا ۔

ہاے با زاے

ہژدہ ہزار عالم ف تمام مخلوقات جو اٹہارہ ہزار قسم دیکہی گئی ہے

ہاے با ضاد

ہضم ع ہضم ہونا طعام کا معدہ مین ۔

ہضیم ع ستم رسیدہ مظلوم غنچہ ناشگفتہ زن باریک شکم

ہاے با فا

ہفت امام ف سات امام امام اعظم ابو حنیفہ کوفی امام شافعی امام مالک امام احمد حنبل امام ابو یوسف امام محمد امام زفر ۔

ہفت اندام چشم ف ساتپردے آنکہہ کے ۔

ہفت پردہ چشم ف سات طبقے آنکہہ کے ۔

ہفت قلم ف سات طرح کے خط جو لکہے جاتے ہین ۔

ہفت اندام ف سات عضو شہر سینہ دست راست دست چپ پاے چپ پاے راست پشت یا بجاے بطن دماغ دل جگر سپر ز شش زہرہ معدہ ۔

ہفت اقلیم ف سات ولایتین جو سات ستارون سے متعلق ہین

ہاے با لام

ہلم ع بیا آ صیغہ امر ہے

ہاے با میم

ہم ع غم و اندیشہ و فکر جو انسان کی طبیعت مین ہو ۔

ہمم ع مرد نہایت ضعیف کو و نا توان نا طاقت ۔

رو دادن ف توجہ کرنا متوجہ ہونا رغبت کرنا۔

رائے با ہائے

رہان گرد و غبار جو بسبب دوڑنے گھوڑون کے اوٹھے
رہن ع گرو اور گرو کرنا کسی چیز کو بعوض دوسری چیز کے
رہانیدن ف خلاص کرنا رہائی دینا قید سے۔
رہیدن ف خلاص ہونا رہائی پانا قید سے۔
رہزن ف ڈاکو جو رستہ مین مسافر کو لوٹ لیتے ہین۔
رہین ع گرو کیا گیا کوئی اسباب یا مکان وغیرہ۔
رہبان ع عابدان ترسایان جمع راہب کی۔
رہ نشین ف جو شخص منتظر کسی آنے کے واسطے ہو۔

رائے با یائے

ریگ ریختن ف خراب کرنا ویران و برباد کرنا
ریگ روان ف زمین ریگستان جو ہوا سے اوڑتی رہتی ہو
ریحان ف گل تا زبو و ہر ایک پھول خوشبودار۔

ریاحین ف جمع ریحان کی بہت سی پہول نانبو کے۔

ریان ع سیراب و تر و تازہ و آبدار و سر سبز۔

ریبع خبیث و گنہ گار ہونا بدکردار و بد افعال ہونا۔

ریبع گ نا ایسی جگہ مین جو نکلنا وہان سے میسر نہو۔

ریعان ع آغاز ہر چیز خصوصاً آغاز جوانی کا۔

ریدن گ گتا جہاڑے پہرنا۔

ریشیدن ف ملنا رنگ کرنا کسی چیز کو

ریسیدن ف سوت کاتنا۔

ریستن گ ناہمارے پہرنا کو عورت کے اندر انزال ہونا نوحہ کرنا

ریسمان ف سوت کاتنا اور کاتا ہوا سوت۔

ریختن ف ڈالنا دینا پانی وغیرہ کو زمین پر۔

ریزان ف گرتا ہوا اڈاتا ہوا بیٹہتا ہوا۔

ریمن ف چرک آلود و سرکش ٹہگ و دغاباز و فریبی۔

ریم آہن ف لوہے کا میل جو آگ مین ڈالنے کے وقت نکلتا ہے

ریمگین ف چرک آلودہ اور میلی چیز و گندہ و خراب۔

ریب المنون ع حوادث روزگار زمانہ کی سختیان۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف زائے اور آخر مین نون ہو

زائے با الف

زابلستان ف ملک سیستان کا نام ہے۔

زادن ف جننا بچہ کا اور پیدا ہونا اولاد کا۔

زاریدن ف عاجزی کرنا رونا فریاد کرنا۔

زائیدن ف جننا بچہ کا پیدا ہونا اولاد کا۔

زانوزدن ف ادب سے بیٹہنا۔

زائے با بار

زبان ف عضو ناطقہ جیبہ اور بولی ہر قسم کی۔

زبرقان ع ماہ تمام و کاغذ سپید و نام ایک اصحاب کا۔

زبون ف خوار و ضعیف و شتر ملکدزن یعنے لات مارنیوالا اونٹ

زبانیان ف مردان سرکش و نافرمان و فرشتگان موکل دوزخ

زباندان ف مرد فصیح و بلیغ جسکی کلام مین کوئی علمی نقص نہو

زبان دادن ف وعدہ دینا اقرار کرنا کسی ساتھ۔

زبان ترکردن ف سخن کرنا تقریر کرنا کلام کرنا۔

زائے با دال

زدودن ف کہرچنا چہیلنا صاف کرنا دور کرنا۔

زدن ف مارنا یہ لفظ فارسی مین بہت معنی رکہتا ہے۔

زائے با رائے

زرفین ع حلقہ دروازہ کا زنجیر دروازے کی۔

زراندودن ف ملمع کرنا سونیکا چاندی وغیرہ پر۔

زرین ف طلائی سونے کا کام۔

زائے با عین

زعفران کیسر جو مشہور چیز ہے۔

زائے با غین

زغن ع غلیواز یعنے چیل جو مشہور پرندہ ہے۔

زائے با قاف

زفان ع زبان اہل عرب کی استعمال میں حرف با فا سے بدلا

زائے با کاف

زکیدن ف خودبخود تھرسے بولنا و ٹہنا جوش میں آنا۔

زائے با لام

زلفین ف زنجیر مسلسل اور دونو زلف ۔

زائے با میم

زمین ف سطح زمین جسکو ہندی میں دھرتی کہتے ہیں
زمستان ف جاڑے کا موسم سردی کا وقت۔
زمن ف زمانہ و آفت و رنج و تکلیف ۔
زمانیان ف زمانہ کے لوگ جہان کے آدمی۔
زمردین ف سبز رنگ جیسے زمرد کا ہوتا ہے۔
زمن ع وہ شخص جو جگہ سے ہل نہ سکے چلنے سے عاری ہو
مجازاً آفت زدہ و مبتلا و رنجور و بیمار۔
زمان ع ساعت و زمانہ و روزگار و مرگ مدت و فرصت مہلت اسکی

زائے با نون

زندخوان ف بلبل و قمری وغیرہ پرند بولنے والے۔
زنگان ف نام ایک شہر کا ہے۔
زنگ شاوران ف نام پہلوان ایرانی۔
زنخدان ف ٹھوڑی جسکو ذقن بھی کہتے ہیں۔
زنگوله بستن ف حاصل کرنا رتبہ کا عزت پانا۔
زن ف عورت جورو بخلاف مرد کے۔
زندان ف قید خانہ جسمیں گنہگار قید کیے جاتے ہیں
زندانیان ف قیدی لوگ جو قیدخانہ میں قید کیے جاتے ہیں

زائے با واو

زوزن ف خراسان میں ایک شہر ہے جسکا یہ نام ہے
زونیعان ف شیطانان و شریران ۔
ژولیدن ف الجھنا پیچ و پیچ ہونا مسلسل ہونا
ژوہیدن ف ٹپکنا پانی کا۔
ژوپین ف چھوٹا نیزہ و بہوٹی برچھی ۔

زائے با ہائے

زہیدن ف جوش دینا باہر آنا ابلنا ۔
زہدان ف بچہ دان یعنی رحم عورت کا جسمیں بچہ پیدا ہوتا ہے
زہ بر زہ ان ف زہ کر کشیدہ باندھنا درست کرنا ۔

زائے با یائے

زین ع آراستہ کرنا زیب دینا درست کرنا ۔
زین ف گھوڑے کا زین جسپر سوار بیٹھتا ہے ۔
زیبا ف خوب و زیبا و درست و آراستہ ۔
زیرہ کرمان ف کرمان کا زیرہ جو بہت اچھا ہوتا ہے
ژیان ف خشمناک پر غضب و صاحب جوش
زیان ف نقصان جو کسی مال میں عائد ہو۔
زیبیدن ف آراستہ ہونا شکل کرنا درست ہونا
زیرین ف نیچے کا جیسے نیچے کی منزل ۔
زیستن ف جینا زندگانی کرنا بخلاف مرنے کے

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور آخر مین نون ہے

سین باالف

ساتگین ت چیز محبوب مجازا پیالہ شراب۔
ساسان ع گرانفقیر او نام پسر بہمن جاپنی بہن ہما نام کے
خوف سے فقیر ہوگیا تہا اور شاہان ساسانی اوسکی اولاد میں
سان ف طرز و روش و رسم و نظیر و عادت و مانند اور
وہ پتھر جسپر کارد و استرہ و تلوار تیز کرین۔
سابقین ع اگلے لوگ قدیمی لوگ بزرگ و معمر۔
ساختن ف کرنا بنانا درستی مین لانا۔
سازیدن ف موافقت کرنا اتفاق کرنا۔
ساکن ع بیحرکت ٹہیرا ہوا قایم و مقیم۔
سالکان ع خدا کے رستے چلنے والے عارف خدا پرست۔
سامان ف اسباب تیاری کی چیزین اور گہر کا سامان۔
سائیدن ف گھسنا رگڑنا پیسنا کسی چیز کا چکی وغیرہ مین۔
سامعین ع سننے والے لوگ جو بات کو سنتے ہین
ساوین ف پٹاری اسباب رکہنے کی صندوقچہ وغیرہ
ساربان ف اونٹ والا کیونکہ سار اونٹ کو کہتے ہین اور بان حفاظت کے
سالیان ع سالہا بہت سے برس۔
سائبان ف وہ چیز جس سے سایہ ہو اور سایہ دار خیمہ وغیرہ
سایہ برافگندن ف پناہ مین لینا اپنی حمایت مین رکہنا کسیکو
ساعت سنگین ف منحوس ساعت اور بد زمانہ نحوست کا

سین با بار

سبکتگین ت علم پدر سلطان محمود غزنوی سبک قلم ر تیز رفتار و دوڑنے والا
سبوحیان ع فرشتے آسمانی عبادت کرنے والے

سبزان ف معشوق سبز رنگ یعنی سانولا معشوق
سبزان چمن ف باغ کے درخت جو ہرے ہرے سرسبز ہون
سبز شدن ف تازہ ہونا معزز ہونا دولتمند و غنی ہونا
سبک عنان ف تیز رفتار گھوڑا جو اشارے سے چلے۔
سبطین ع امام حسن و حسین علیہما السلام دونو صاحبزادے علی کرم اللہ وجہہ کے
سبحان ع پاک کرنا خدا کو پاکی کیساتھ یاد کرنا خدا تعالی جل شانہ کو
سبعہ الوان ع سات رنگ جو مشہور ہین۔
سبعین ع ستر جو عدد مشہور ہے فارسی مین اوسکو ہفتاد کہتے ہین
سپید شدن ف ظاہر ہونا روشن ہونا ڈرنا خوف کرنا
سپاہان ف نام شہر جسکا معرب اصفہان ہے۔
سپندان ف خردل یا لون و تخم ترہ تیزک۔
سپر افگندن ف نامردی کرنا جگہہ سے بہاگنا۔
سپوختن ف سپوزیدن ف کسی چیز کو دوسری چیز کیساتھ ٹھونسنا گہونپنا
سپردن ف سونپنا دینا تسلیم کرنا مان لینا۔
سپری شدن ف طے ہونا تمام ہونا ختم ہونا۔
سپستان ف لسوڑیان مشہور ہین دوا مین مستعمل اصل مین سگ پستان تہا

سین با تاء

ستدن ف ستاندن ف لینا بخلاف دادن کے۔
ستودن ف تعریف کرنا سراہنا کسی کو۔
ستودان ف گورخانہ مجوسیون کا اور وہ ایک مکان ہے اونچا
جس مین اپنے مردون کو رکھ آتے ہین۔
ستارہ شمردن ف بیدار رہنا رات کو۔
ستیہیدن ف ستیزہ کرنا لڑنا جنگ کرنا۔

ستاییدن ف سراہنا تعریف کرنا صفت کرنا۔
ستین ع ساٹھ عدد جسکو فارسی مین شصت کہتے ہین
ستیزیدن ف لڑنا جنگ کرنا معرکہ کرنا۔
ستردن ف بال مونڈنے صاف کرنا صفائی دینا۔
سُتُرون ف حرف واو سے عورت بانجھ بے اولاد کو کہتے ہین
ستون ف مشہور فقط ہے پیلپایہ یا تہم مکان کا۔
ستان ف مقام اور جگہہ چنانچہ گلستان و بوستان و
کوہستان و شبستان وغیرہ اور وہ شخص جو اپنے پشت کے بل سویا ہوا

سین با جیم

سِجّین ع قیدخانہ سخت اور نام ایک مقام کا دوزخ مین
سِچقاق ت موش یعنی چوہا جسکو عربی مین فار کہتے ہین۔
سِجن ع قیدخانہ جس مین مجرم قید کیئے جاتے ہین۔

سین با حا

سُحبان ع نام مرد فصیح و بلیغ جو عرب مین رہتا تہا۔
سحرگاہان ف علی الصباح صبح صبح فجر کے وقت۔

سین با خاء

سخت جان ف سخت دل جو کسی پر رحم نکرتا ہو۔
سخت خوردن ف تکلیف اوٹہانا رنج پانا۔
سخین ع گرم پانی اور ہر چیز گرم جو آگ سے گرم کی گئی ہو
سخمان ف چمڑا جسکو فارسی مین پوست اور چرم کہتے ہین
سختن ف سنجیدن یعنی وزن کرنا تولنا۔
سُخن و سُخُن ف شعر موزون و کلام تقریر بات چیت
سخون ف سخن و کلام موزون و شعر۔

سین با را

سرطان ع ایک آبی جانور کا نام ہے جسکو ہندی مین
کنکہچہ کہتے ہین اولٹا اور سیدہا دونو طرف چلتا ہے اور
نام ورم سوداوی جو مہلک ہوتا ہے اور نام چوتہے برج آسمان کا
سرون ہر حیوان کی سینگ فارسی مین شاخ کہتے ہین۔
سرو و سُرُن ف چوتڑ جو مشہور ہین۔
سرشتن ف گوندہنا خمیر کرنا آٹے وغیرہ کا۔
سرائیدن ف گانا نغمہ کرنا سرود کرنا۔
سرودن ف سرود کرنا گانا بجانا۔
سِرحان ع گرگ درندہ یعنے بہیڑیا۔
سرقین معرب سرگین یعنے گوبر جانوروں کا
سَرَایَت ع اثر کرنا داخل ہونا تاثیر کرنا
سرابستان ف جو باغ گہر مین ہے
سران ف سردار لوگ امیر لوگ دولتمند
سرباختن ف لڑنا جنگ کرنا دشمن سے۔
سربراہ کردن ف پورا کرنا ختم کرنا تمام کرنا۔
سرپیچیدن ف سرکشی کرنا نافرمانی کرنا باغی ہونا۔
سربستن ف بند کرنا کسی دروازہ وغیرہ کا۔
سربرداشتن ف مقابلہ پر آنا باغی ہونا نافرمانی کرنا۔
سرگران ف متکبر مست و مغرور و مدہوش آدمی۔
سرگردان ف حیران و پریشان خراب و خستہ۔
سرکردن ف شروع کرنا تمام کرنا چہوڑنا سنائی دینا
سربرزدن ف ظاہر ہونا بڑہنا پیدا ہونا۔

سرزمین ف ملک و ولایت

سرشدن ف جاری ہونا چھوٹنا -

سرفرود آوردن ف مان لینا اطاعت کرنا فرمانبردار ہونا

سرفروبردن ف شرمندہ ہونا -

سرکشیدن ف نافرمانی کرنا -

سرگین ف گوبر چارپایوں کا پاخانہ -

سرنگون ف اوندھے منہہ -

سروبن ف تمام پورا سامان

سروسامان ف اسباب گہر کا -

سردادن ف چھوڑنا کسی توپ وغیرہ کا -

سرکنگبین ف سکنجبین جو ایک مشہور شربت ہے -

سرنہادن ف سونا اور تسلیم کرنا فرمانبردار ہونا -

سرآمدن ف اخیر ہونا خاتمہ پر آنا -

سرخاریدن ف توقف و بہانہ کرنا -

سرخ شدن ف غضبناک ہونا غصہ میں آنا -

سین بازائے

سزیدن ف لائق ہونا سزاوار ہونا -

سین باعین

سعدان علم ایک مقام کا ولایت شیراز ہے -

سعدین ع زہرہ و مشتری دو ستارے -

سین باغین

سغبان ع گرسنہ بہوکہا طعام کی خواہش رکھے -

سین بافا

سفاین ع جمع سفینہ کشتیاں جسپر سوار ہوکر دریا اترین

سفتن ف پرونا کسی موتی وغیرہ کو تاکہ گہے مین -

سفیان ع نام پدر معاویہ و نام دو کس علمائے حدیث کا -

سقن ع سخت چمڑا مچھلی سنگسار کا جو تلوار کے قبضہ پر لگاتے ہیں سوہان آہنی

سفن ع جمع سفینہ کشتیاں جسپر سوار ہوکر دریا سے اترین -

سفتین ع ترکستان مین ایک علاقہ ہے -

سین باقاف

سقلاطون ع پارچہ بانات جو اون سے بنایا جاتا ہے -

سقط شدن ع ف گرنا کم قدر ہونا خراب و ابتر ہونا -

سین باکاف

سکون ع آرام و آسائش و فراغت و عیش -

سکاکین ع جمع سکین چھریاں و چاکو -

سکنجیدن ف کہانسنا -

سکیزیدن ف کودنا جست مارنا -

سکان ع رہنے والے لوگ اور دنبالہ کشتی کا -

سکنجبین ع مشہور شربت ہے -

سکین ع کاردینے چھری لوہے کی -

سکاہن ع سیاہ ایک قسم کا سیاہ رنگ ہے کہ پیتل و لوہے سے بنایا جاتا ہے

سگالیدن ف اندیشہ و ارادہ کرنا -

سکن ع انس و الفت و آرام و آسائش -

سین بالام

سل کردن ع ف رواں کرنا جاری کرنا کسی چیز کا -

سلطان ع والی و صاحب قدرت جمع اسکی سلاطین ہے

سَلمان ع نام اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وسلم ونام شاعر۔
سُلیمان ع نام پیغمبر بن داؤد علیہ السلام جو بڑا بادشاہ تھا اور جن وانس وغیرہ پری اور ہوا اوسکے حکم مین تھی۔

سین با میم

سَماں ف ستائیسوین تاریخ ماہ شمسی کی۔
سَمین ع فربہ و پرگوشت جسم کا آدمی یا جانور۔
سَمن ع روغن گاو جسکو گھی کہتے ہین
سِمَن ع فربہی موٹاپن۔
سَمَن ع گل سفید خوشبودار یعنی چنبیلی کے پھول۔
سماطین ع دو طرفہ آگے پیچھے یا دہنے بائین۔

سین با نون

سِنّ ع دانت اور سال یعنی برس۔
سِنْدُن ت ترکی مین ترجمہ صرف از یعنے سے۔
سِنْبِن ع ترکی مین بمعنے تولی تولی۔
سِن سِن ع حرام مغز جو پشت کی ہڈیون مین ہوتا ہے۔
سُنن ع جمع سنت یعنے طریقے۔
سِنان ع بھالا نیزہ۔
سنبیدن ف سوراخ کرنا۔
سنجیدن ف وزن کرنا تولنا۔
سنگین ف بھاری چیز وزن دار۔
سنگستان ف پہاڑی ملک اور پتھریلی زمین۔
سنجابیان ف نام قوم جنکے ملک سے سنجاب پوستین آتی ہے اور سنجاب ایک جانور کا نام ہے جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین۔

سِنین ع جمع سِن سالہا یعنے بہت سے برس۔
سِنون ع وہ دوا جو دانتون پر ملین مجاتا ہے سی۔
سنگ زن ف ترازو لیکم وزن جسکے دو پلے ہم وزن ہوں
سنان ف نیزہ اور تیزی ہر چیز کی جو تیز ہو۔
سندان ف اہرن لوہارون کا جسپر لوہار کنکر کوٹتے ہین۔

سین با واو

سوہان ف لوہارون کا سوہان جسکو ریتی کہتے ہین۔
سَواکِن ع جمع ساکنہ باشندگان یعنی رہنے والے۔
سُون ف بواو مجہول نام ایک رود کا ہے۔
سواد برگرفتن ف لکھنا نقل کرنا۔
سوسن ف ایک پھول کا نام جو نیلہ رنگ ہوتا ہے
سُورنجان ف نام ایک دوا کا جو قسم بیخ سے ہے
سوختن ف جلنا اور بیزار ہونا اور جلانا۔
سُودان ف آدمی سیاہ رنگ سانولے رنگ کا آدمی
سوزن ف سوئی جس سے کپڑا سیا جاتا ہے۔
سودن ف گھسنا رگڑنا۔
سوزان ف جلتا ہوا آگ سے۔
سوزانیدن ف جلانا آگ سے۔
سُہران ف بیدار رہنے والے۔
سہمگین ف ڈرا ہوا خوفناک۔
سہمیدن ف ڈرنا اور خوف کرنا کسی سے۔

سین با یا

سَیلان ع نام جزیرہ جسکو لنکا بھی کہتے ہین سراندیپ

بی بعض کے نزدیک ادسی کا نام ہے۔
سیلان ع جاری ہونا پانی و خون وغیرہ کا
سیران ف سیر کرنا جابجا پھرنا طرح طرح کے حالات کا
سیحون ف اندجان سمرقند میں ایک رود ہے جسکا پہ نام ہے
سیاہ پستان وہ عورت جسکا فرزند جیتا نہ رہے یعنی اولاد اوسکی مر جائے
سیاہ زبان ف وہ جسکی بددعا اثر کرے کہنا اوسکا خالی نہ جائے

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور آخر مین نون ہے

شین با الف

شایان ف لائق و سزاوار اور بہت خوب و بہتر۔
شایستن و شایدن ف لائق ہونا اچھا ہونا سزاوار ہونا
شانذن و شانیدن ف شانہ کرنا یعنی کنگھی کرنا بالون میں
شایگان ف فراخ و لائق و شاہ پسند و مفید و کار آمد اور
نام ایک خزانہ کا خزاین خسرو پرویز شاہ ایران سے۔
شادن ف بچہ آہو ہرن کا بچہ و سائبان۔
شادروان ف بساط و فرش و پردہ و شامیانہ خیمہ سرا پردہ بزرگ
شاشدان ف پیشاب کرنے کا برتن۔
شاشیدن ف پیشاب کرنا۔
شارستان ف شہر جسکے گرد باغ ہون۔
شاریدن ف پانی چھڑکنا آبیاری کرنا۔
شاہین ف جانور شکاری اور ترازو کی لکڑی۔
شادران ایک شہر کا نام ہے۔

شاہ نشین ف بلند عمارت بادشاہون کی بیٹھنے کی
شادمان ف خوش و خرم و آسودہ حال۔
شان ع عربی مین عزت اور فارسی مین خانہ زنبوران۔
شاہ ترکان ف لقب افراسیاب بادشاہ کا ہے۔
شادان ف خوش و خرم و آسودہ حال۔

شین با باد

شبان ع محافظ مویشی چرواہا محافظ جو مویشی کا ہو
شبگیر زدن ف کوچ کرنا رات رات چلنا۔
شبخون ف رات کو دشمن پر جا پڑنا حملہ کرنا۔
شبستان ف خانہ شب باشی کا رات کو رہنے کا گھر
شبعان ع پرشکم یعنے پیٹ بھرا ہوا۔
شپلیدن ف نچوڑنا کسی بھیگی ہوئی چیز کو۔

شین با تا

شتابان ف دوڑتا ہوا۔
شتابندہ ف جلدی کرنا دوڑتا۔
شتافتن ف دوڑنا تیز چلنا۔
شتربان ف بلوچ اونٹون کا محافظ۔

شین با جیم

شجن ع بازرکھنا کسیکو حاجت روائی سے اور بیابان جس مین
درخت بہت ہون و غمناک ہونا و غم و حاجت اور شاخین آپسمین ملی ہوئی
شجن ع اندوہ و سر تا سخت یعنی سخت جاڑا۔
شجعان بہادر لوگ جوانمرد ٹھہرے۔

شین با حاد

شخن ع پرکرنا جلانا دور کرنا علیحدہ کرنا۔
شخون ع قوی و بزرگ زبردست زور آور۔

شین با خا

شخ کمان ص جسکی کمان سخت ہو صاحب قوت پر زور
شخاییدن ف چھیلنا پوست اوتارنا کسی چیز کا۔
شخولیدن ف پژمردہ ہونا فریاد کرنا زاری کرنا۔
شخیدن ف پہسلنا کسی جگہہ سے۔
شخودن ف ناخون سے چھیلنا زخم کرنا۔

شین با دال

شدن ف ہونا اور جانا۔

شین با رائے

شروان ص نام شہر جس مین خاقانی رہتا تہا۔
شروین ف سرزمین شروان کی۔
شریان ع وہ رگ بدن مین جنبش کرتی ہے یعنی ہلنی والی رگ ذیحیات جسم کی
شرائین ع رگین جنبش کرنی والی ذی حیات جسم کی۔

شین با سین

شستن ف دہونا کسی ناپاک چیز کا پانی سے۔

شین با شین

شش ارکان ص چہ رکن جسم کے جسکو ستہ ضروریہ کہتے ہین اول ہوا دوم خواہش طعام اکل شرب سوم حرکت و سکون بدنی چہارم حرکت و سکون نفسانی پنجم نقل و احتباس ششم خواب و بیداری و حفظ ششم ستفرغ و احتباس شش جہ ... عناصر ...
شش پستان ف زرم پستان عورت۔

شین با طا

شطن ع رسن دراز یعنی لمبی رسی۔

شین با عین

شعبان ع نام ماہ ہشتم ماہ قمری یعنی شب برات کا مہینہ

شین با فا

شفتین ع ہر دو لب دونو ہونٹہ آدمی و حیوان کے۔

شین با قاف

شقائق نعمان ع قسم لالہ جسکو نعمان دوست رکہتا تہا اور نعمان ایک امیر کبیر بادشاہ کا نام ہے۔

شین با کاف

شکیبیدن ص صبر کرنا ٹہرے رہنا بیقرار نہونا کسی سختی کی حالت
شگفتن ف کہلنا کہلنا کسی شگوفہ کا۔
شکیفتن ف صبر کرنا ٹہرے رہنا ایک بات پر
شکوہیدن ف اپنا رتبہ ظاہر کرنا شان شوکت دکہلانا
شکردن ف توڑنا شکار کہیلنا
شکوخیدن ف پہسلنا گرنا ٹہوکر کہانا۔
شکولیدن ف پراگندہ کرنا پریشان کرنا ابتر کرنا۔
شکنجیدن ف چٹکی بہرنا کسی جسم کو انگلیون مین دبانا
شکنجہ کردن ف رنج دینا آزار پہنچانا کسی کو۔
شکستن ف توڑنا۔
شکستہ ناخن ف بے قوت بے استعداد آدمی کمزور شخص بیکس

شین با لام

شلایین ص شوخ و ناخوش و نافرمان و عاق آدمی۔

شین با میم

شماسیان ف قوم شمس پرست و آتش پرست
شمعون ف نام برادر یوسف علیہ السلام۔
شمن ع بت پرست کافر سیاہ باطن۔
شمردن ف گننا حساب کرنا شمار کرنا۔
شمیدن ف سونگھنا کسی خوشبو یا بدبو کا۔

شین با نون

شنیدن ف سُننا کسی بات و تقریر کا۔
شناختن ف پہچاننا کسی چیز کا۔
شنفتن ف سُننا کسی کلام کا۔
شنقار شدن ف مرنا چڑھ جانا۔
شن ع وہ پورانی مشک پانی کی جو بیکار رہو۔

شین با واو

شوراندن ف پریشان کرنا ابتر کرنا بکھیرنا۔
شوخگن ف بدن یا کپڑا میلا۔

شین با ہا

شہلان ف نام کوہ یعنی ایک پہاڑ کا نام ہے۔

شین با یا

شیرین ف میٹھا اور نام معشوقہ فرہاد کا۔
شیذمان ف گرگ درندہ یعنے بھیڑیا۔
شیوازبان ف مرد فصیح و بلیغ و خوشگو۔
شیرگردون ف برج اسد جو آسمانی برج ہے۔
شیلان ف خوان و سفرہ طعام جسپر کھانا کہلاتے ہین اور

نام ایک میوہ کا جسکو عناب بہی کہتے ہین
شیطان ع صاحب مکر و فریب و ابلیس راندۂ خدا
شیفتن ف عاشق ہونا مائل ہونا کسی پر۔
شیون ف آہ و نالہ و فریاد و فغان و زاری۔
شیون ع جمع شان یعنے بہت عزتین اور شانین
شین ع زشتی و عیب و نقص جو انسان مین ہو۔
شیسان نام مرد ولی و نام قبیلہ عرب کا۔
شیبیدن ف چاٹنا لرزنا فریفتہ ہونا میل کرنا۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
صاد اور اخیر مین نون ہے

صاد با الف

صاحبقران ف لقب تیمور بادشاہ کا جو زحل و مشتری
دو ستارون کے قران عظمے کیوقت پیدا ہوا تہا اور سرزمین کا بادشاہ تہا
صاحب الزمان ع لقب حضرت مہدی علیہ السلام کا
صاع ستان ف زکوٰۃ لینے والا فقیر محتاج و مفلس و نادار۔
صافن ف نام ایک رگ کا ہے جو ساق مین ہے اور اُسکی فصد کرتے ہین

صاد با با

صبیان ع لڑکے خورد سال اور چھوٹی عمر کے بچے۔

صاد با حا

صحن ع ملیق زنگ و طشت فراخ و صحن گہر کا۔

صاد با دال

صد عتیق ع پردہ صدف یعنی جای نرم جو اوبر وا وسکا ہو نگی دیکھا ہی

صاد باغین

صِغرسن خوردسالی لڑکپن بچپن کی عمر۔

صاد بافا

صفاہان ع نام شہر اصفہان جسکو سپاہان بہی کہتی ہین
صَفوان ع سنگ ہموار و نام کسی مرد کا۔

صاد بانون

صنعان ع نام ولی جسکے سات سو مرید تہے۔
صُنان ع بونی بغل و گندہ بغل یعنی جسکے بغل سی بد بو آئے
صِنوان ع چند درخت خرما جو ایک بیخ سی نکلے ہون اور
چند نہرین جو ایک چشمہ سی برآمد ہوئی ہون اور چند بہائی
جو ایک باپ سی ہون یعنے ہمجنس و ہمجد خویش و قبیلہ۔

صاد باواو

صولجان ع چوگان۔
صَون ع نگہبانی محافظت پاسداری و نگران حالی۔
صور عبد الرحمن ع نام کتاب جو اشکال بروج کے علم مین ہے

پندرہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف
ضاد اور اخیر مین نون ہے

ضاد باالف

ضان ع میش اور بہیڑ بدن آدمی کی۔
ضامن ع ذمہ دار کفیل شریک کار مددگار۔

ضاد باراے

ضروان ع نام ایک موضع کا ہے۔
ضَرتان ع دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون
ضَربان ع نام بیماری یعنی دل کا دہڑکنا جو مہلک بیماری ہے

ضاد باغین

ضِغن ع کینہ و بغض و عداوت جو دل مین ہو۔
ضَغائن ع جمع ضغن یعنی کینے اور غضب۔

ضاد بامیم

ضِمن ع نام صنعت شعری اور درمیان و بطن ہر چیز کا
ضیمران ع گل ریحان یعنی نازبو جو ایک مشہور پہول ہے۔
ضَمین ع ضامن کفیل ذمہ دار کسی کام کا۔
ضمان ع ضامنی کفالت ذمہ داری۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف طا
اور اخیر مین نون ہے

طا باالف

طالقان ع نام ایک شہر کا۔
طاعون ع ایک قسم وبا کا ہے۔
طاعن ع نیزہ مارنیوالا طعنہ دینے والا۔
طٰہٰ یٰسین ع نام دو سورہ قرآن مجید و نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
طاجن ع کڑاہی تواجسپر کچہ چیزے بہونین یا پکائین۔

طا باہا

طپیدن ف مبدل تپیدن تڑپنا گرم ہونا جوش مین آنا
طبرخون ف سرخ صندل جو ایک قسم کی لکڑی ہے۔

طا با حا

طحن ع غلہ کا آٹا بنانا پیسنا غلہ کا۔

طا با را

طرفۃ العین ع وقفہ اشارۂ چشم جسکو ایک پلک کہتے ہین
طرف شدن ف مقابل ہونا روبرو آنا سامنے ہونا
طرف گرفتن ف حمایت کرنا امداد پر مستعد ہونا۔
طرقواز ف نقیب وچوکیدار جو آواز دیتا رہتا ہے۔
طرزیدن ف نقش کرنا نقشہ جمانا کسی نقش کا۔
طرخون ع نام درخت عاقرقرحا جسکی بیخ دوا مین مستعمل ہے
طریان ع حادث ہونا وارد ہونا ظاہر ہونا تازہ ہونا۔

طا با عین

طعان ع نیزہ مارنا اور نیزہ مارنے والے لوگ۔
طعن ع نیزہ مارنا طعنہ دینا۔

طا با غین

طغیان ع حد سے گذرنا زیادہ ہونا ظلم و نافرمانی کرنا۔
طغان ت نام ایک بادشاہ کا۔

طا با نون

طنین ع آواز مگس و زنبور و پشہ و طاس و طنبور و آواز
گوش جو خود بخود سنی جاوے۔

طا با واو

طوفان ع شدت و طغیانی آب ہوا جس سے خوف مرگ کا ہو

طا با ہا

طہران ف نام شہر جو ایران مین واقع ہے۔

طا با یا

طیران و طیران ع اوڑنا ہوا مین اور چلنا ہوا پر۔
طے لسان ع خاموشی اور استعداد کلام کی۔
طیلسان ع قسم چادر جو قاضی و خطیب پہنتے ہین۔
طین ع خاک نمناک و گل۔
طیان ع گرسنہ و پیچیدہ و معزول و شاعر بیہودہ گو۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
ظا اور اخیر مین نون ہے

ظا با عین

ظعن ع کوچ کرنا جانا روانہ ہونا کسی طرف کو۔
ظعین ع کوچ کرنے والا جانیوالا روانہ ہونیوالا۔

ظا با نون

ظنون ع بدگمانان اور وہم اور خیال و شک و شبہ۔
ظن ع گمان شک و وہم و خیال و شبہ

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
عین اور اخیر مین نون ہے

عین با الف

عافین ع معاف کرنیوالے بخشنے والے۔
عاکفین ع گوشہ نشین لوگ و تارک الدنیا۔
عالمیان ف جہان کے لوگ زمانہ کے آدمی۔
عادیان قوم عاد کے لوگ جو ہود پیغمبر کی قوم تھے اور بسبب نافرمانی نبی کے ہلاک ہوئے۔

عین با بائے

عباسیان اولاد عباس پیغمبر صاحب کے چچا کی جو مدت مدید تک خلیفہ وقت رہے تھے۔
عبد الرحمٰن نام فاضل علم ہیئت جو اپنے وقت میں یگانہ تھا۔

عین با جیم

عجن ع خمیر کرنا گوندھنا مٹی یا آٹے وغیرہ کو۔
عجین ع خمیر کیا ہوا اور گوندھا ہوا آٹا وغیرہ۔

عین با دال

عدوان ع بہت دشمن اور دشمنی و عداوت وغیرہ۔
عدن ع نام بہشت اور ہمیشہ رہنا ایک مقام میں۔
عدن ع نام جزیرہ یمن کے علاقہ میں۔
عدنان ع نام ایک شخص کا اجداد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
عدلین ع دو ایسے گواہ جنکی گواہی قابل پذیرائی ہو۔

عین با ذال

عذرتان ف ایام حیض جتنے دن تک عورت گھر ہی میں آتا ہے
عذاب الہون ع سخت عذاب نہایت تکلیف۔

عین با رائے

عرقچین کلاہ جو دستار کے نیچے رکھتے ہیں۔
عروج ع پر بخوشہ خرما جو بڑی ہوتی ہے
عریان ع برہنہ تن جسکے بدن پر کپڑا نہو۔
عراقین ع دو عراق عراق عرب و عراق عجم
عرفان ع پہچاننا شناخت کر لینا کسی کو۔
عرق کردن عرق بجبین ف شرمندہ ہونا ملزم ہونا
عرین ع صحرائے پر درخت یعنی سبز جنگل۔

عین با سین

عسن ع پیہ کہنہ پرانی چربی۔
عسقلان ع شام میں ایک شہر ہے۔

عین با شین

عشیران ع ایک قسم کے راگ کا نام ہے۔
عشق پیچان ف مشہور بیل اور پھول ہے۔
عشر خوان ف طفل نوآموز مبتدی لڑکا۔

عین با صاد

عصیان ع سخت دل ہونا مجازاً گناہ تقصیر و جرم۔

عین با طاء

عطن ع بس مقام سیر اونٹ پانی پینے آتا ہے گوسپند
عطشان ع تشنگی یعنی پیاس پانی کی خواہش۔

عین با فاء

عفن ع گندہ ہونا ہوا و گوشت کا اور پیدا ہونا بدبو کا

عین با کاف

عقابین ع خار آہنی۔
عقابین ع دو لکڑیاں جسپر گنہگاروں کے ہاتھ باندھتے ہیں

عقیان ند و طلا و سیم یعنی سونا چاندی و دولت۔

عِقبانؔ ع جمع عقاب یعنی شکنجہ و عذاب تکلیف و رنج۔

عُقبانؔ ع جمع عقاب نام جانور جو شکاری جانور ہے۔

عقدروانؔ ع عقد تمکین ع نکاح متعہ جو شیعہ مذہب کے نزدیک ہیں

عین باللام

علویان سادات نسب علی المرتضیٰ جو علوی کہلاتے ہیں

عِلانؔ ع نام ایک شخص اور قلعہ کا۔

علویان ع فرشتگان آسمانی و بالانشین۔

عَلَنؔ ع ظاہر ہونا و ظاہر ہو پیدا و روشن۔

علیّین ع خانہ ہائے بلند بہشت و اعمال نامہ مردان صالح و غرفہ ہائے بہشت

علم الیقین ع نہایت درجہ کا یقین جسمین شک نہو۔

عَلَم شدن ف ظاہر ہونا مشہور ہونا قائم ہونا۔

عین بامیم

عمّان نام شہر کنارہ دریائے محیط پر جسکے نام سے وہ دریا مشہور ہے

عِمرانؔ ع آبادی و نام پدر موسیٰ علیہ السلام۔

عین بانون

عنوان ع دیباچہ و سرنامہ و ابتدائی ہر چیز اور کتاب کی۔

عنفوانؔ ع آغاز جوانی اور آغاز بلوغ کا۔

عِنّین ع مرد وہ جوان جو جماع پر قادر نہو۔

عن ع اور سے عربی میں من کے بھی یہی معنے ہیں

عنبرین ف خوشبودار چیز جسسے خوشبو آئے

عین باواو

عوانؔ ع زن میانہ سال یا شوہر جسکا غارہ زندہ ہو۔

عوانؔ ع ظالم و جابر و سخت گیر و ستمگار۔

عَونؔ ع یاری دینا مدد دینا وقت مشکل کے کسی کو۔

عین بایا

عیون ع چشمے پانی کے اور نام کتاب کا حکمت کے علم میں شیخ حکیم بو علی کا

عَیُونؔ ع وہ شخص جسکی نظر نقصان پہونچائے یعنی اوسکی بد نظر سے لوگون کو رنج پہونچے۔

عیان ع دیکھنا آنکھ سے۔

عِینؔ ع عورتین جنکی آنکھین خوبصورت ہون۔

عینین ع چشمہ آب و آفتاب اور آنکھ۔

عینین ع دو آنکھین۔

عین الیقین ع آنکھ سے دیکھکر یقین کرنا یقین تین قسم پر ہے ایک علم الیقین دوسرے عین الیقین تیسرے حق الیقین

اونیسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف غین اور اخیر مین نون ہے

غین باالف

غارتیدن ف لوٹنا غارت و تاراج کرنا۔

غاریقون ع نام دوائے مسہل جو دست لاتی ہے۔

غین بابا

غبن ع نقصان و زیان خرید و فروخت مین۔

غبین ع بے عقل بے شعور نادان آدمی۔

غین باتا

غثیان ع ول کا پھرنا یہ ایک قسم کی مہلک بیماری ہے

غین با رائے

غراب البین ع زاغ دشتی یعنی جنگل کا کوا -

غرتیدن ف شور کرنا گرجنا حالت غضب وغصہ مین -

غران ف شور کرنیوالا گرجنے والا -

غرثان ع گرسنہ یعنی بھوکھا -

غرلوان ف شعار کرنیوالا گرجنے والا -

غین با زائے

غزنین ف نام ایک شہر کا ہے جو مشہور ہے -

غین با سین

غسلین ع خون وریم و نام ایک چشمہ کا دوزخ مین

غین با شین

غشیان ع جماع کرنا ہمصحبت ہونا -

غشیان ف بیہوش ہونا یہ ایک بیماری کا نام ہے جس سے انسان خود بخود بیہوش ہوجاتا ہے -

غین با صاد

غصن ع شاخ درخت یعنی ڈالی درخت کی -

غصون ع شاخین یہ لفظ جمع غصن کی ہے -

غین با ضاد

غضبان ع تہناک و خشمناک غصہ کیحالت مین -

غین با فاء

غفران ع آمرزش معافی جو گناہ گار خدا سے مانگتے ہین

غین با لام

غلطان ع لڑھکتا ہوا -

غلطیدن ف لوٹنا لڑکنا -

غلمان ع جمع غلام یعنی لڑکے بے ریش جو بہشت مین ہونگے

غلتبان ع مرد بے حمیت و بے غیرت یعنی دیوث آدمی

غلیان ع جوش کرنا -

غین با میم

غمدان ف مقام غم مراد دنیا و عالم فانی ہے -

غمان ف غمناک اور اندوہگین -

غین با نون

غنودن ف اونگھنا نیندگی کی حالت مین -

غین با واو

غوغاییان گلشن ف بلبلین و قمریان وغیرہ پرندے جو باغ مین ہوتی ہین

غین با یاء

غیلان ع نام ایک شاعر کا ہے -

غیلان ع جمع غول یعنی بہت سے غول بیابانی -

غینغ ع ابر تشنگی و تیرگی واندھیرا جو بسبب ابر کے ہو

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا اور اخیر مین نون ہے

فا با الف

فاطن ع زیرک و دانا صاحب عقل و ہوش -

فاتن ع مفتون کرنیوالا فریفتہ کرنیوالا معجانا معشوق -

فتئین ع دو گروہ دو قومین و جماعتین۔

فا با تا

فِتَن ع جمع فتنہ بہت سے فتنے و فساد۔
فَتَن ع ایک شہر کا نام ہے۔
فِتیان ع مردان جوان پرزور و صاحب قوت۔
فتّان ع فتنہ انگیز مفسد شخص جو فتنہ برپا کرے۔
فتادن ف گرنا کسی مقام سے۔

فا با خا

فخر الدین ع نام ایک عالم و فاضل کا جسکو مولانا فخر الدین دہلوی کہتے ہین اور نام ایک ولی کا خاندان چشت مین جو دہلی مین رہتا تھا۔

فا با دال

فدان ع آلہ چوبی جو دو بیلونکے گلے مین ڈالکر ہل باندہتے ہین ہندی مین

فا با رائے

فراختن ف بلند کرنا اوپر کو چڑہانا۔
فراوان ف بہت و زیادہ۔
فرسودن ف گھسنا۔
فرزان ف علم و دانش و عقل و ہوش و ادراک۔
فروردین ف ماہ بیساکھ مدت رہنے آفتاب کی حمل مین
فریفتن ف فریب دینا داؤ مین لانا کسی کو۔
فریقین ع دو فرقہ دو گروہ دو جماعت مدعی و مدعا علیہ
فرمان ع حکم بادشاہی جو سلطانی دربار سے جاری ہو۔
فرامین و فرامین بطور فارسی جمع فرمان کے لفظ کی۔
فروزان ف روشن اور چمکتی ہوئی چیز۔

فرو گشتن شدن ف اترنا توقف کرنا ٹھہرنا کسی مقام پر
فرستادن ف بھیجنا۔
فرزین ف مہرہ شطرنج کا جسکو وزیر کہتے ہین۔
فرزین نہادان ف کج نہادان یعنے کج فہم لوگ۔
فریدون ف نام ایک بادشاہ کا جو مشہور ہے
فراگرفتن ف سیکھنا یاد کرنا معلوم کرنا۔
فرسافگندن ف عاجز کرنا اور عاجز ہونا۔
فرقان ع قرآن مجید جدا کرنے والا حق کو باطل سے
فرعون ع لقب بادشاہ مصر جو کافر تھا۔
فرکندن ف سیلاب کہ خرابی زمین کرے۔
فرمودن ف فرمانا حکم دینا۔
فروتن ف عاجز و ناتوان و کمزور۔
فروترین ف بہت نیچا بہت عاجز و فروتر۔
فروختن ف بیچنا کسی چیز کو دام لیکر۔
فروکوفتن ف ٹھوکنا دبانا عاجز کرنا مغلوب کرنا
فروماندن ف عاجز ہونا کمزور ہونا ناتوان ہونا
فرومایگان ف کمینے لوگ مفلس نادار لوگ۔
فرقدان و فرقدین ع نام دو ستارونکا جو نزدیک قطب شمالی کے شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہین طلوع و غروب انکا نہین ہے

فا با زائے

فرزودن ف بڑھانا زیادہ کرنا ترقی دینا۔
فزون ف زیادہ بہت۔

فا با سین

فسُردن سرد ہو ناجم جانا۔
فسانیدن و فسانیدن ف افسون کرنا منتر پڑھنا۔
فرمان بردار کرنا تابع بنانا
فسان ف وہ پتھر جس سے کارد و تلوار تیز کرین
وہ ہر چیز جو پہن و مدد ور ہو۔
فسون ف منتر یا کلام پر تاثیر جسکی تاثیر ہو

فا با شین

فشُردن ف نچوڑنا کسی بھیگی ہوئی چیز کو۔
فشاردن ف نچوڑنا۔
فشاندن ف جھاڑنا۔
فشان ف جھاڑتا ہوا۔

فا با طا

فطن ع زیرک ہونا دانا و صاحب عقل ہونا
فطن ع زیرک و دانا و مرد صاحب عقل و ہوش
فغان ف نالہ و فریاد و زاری و اظہار عجز و انکسار۔

فا با قاف

فقع کشادن فخر کرنا لاف مارنا تحسین کرنا۔
فقدان ع گم ہونا گم کرنا نابود کرنا۔

فا با کاف

فکندن ف ڈالنا پھینکنا کسی چیز کو کسی مقام سے

فا با لام

فلخیدن پنبہ سے پنبہ دانہ جدا کرنا
فلخیدن ف روئی کو ملوج کرنا

فلیوان ف بیہودگان و احمقان و نادان۔
فلاخن ع نام آلہ سنگ اندازی جسکو ہندی مین گوپہن کہتے ہین اور پنجابی مین گرانی نام ہے
فلاخان ع فلاخن جسکی تعریف ہو چکی ہے
فلان ع لفظ اشارہ یعنے فلان شخص۔
فلسطین ع نام ملک شام مین ہے

فا با نون

فنجان ع پیالہ کوچک جسمین قہوہ پیتے ہین
فن خوردن ف دغا کھانا داؤ مین آنا فریب کھانا
فندق بستن ف حنا باندھنا ہتھو نگور نگنا
فن ع حال و گونہ و نوع اور چلانا۔
فنون ع جمع ہے فن کی بہت سے ہنر۔
فن ع ہنر و داؤ و فریب اور شاخ۔
فندق شکستن ف کنایۃ بوسہ دینا۔

فا با واو

فوزان ف جوشش۔
فوزان ع نام شہر قنوج کا۔

فا با ہا

فہمانیدن ف سمجھانا
فہمیدن ف سمجھنا۔

فا با یا

فیلبان ف ہاتھی کا چلانے والا
فیمابین ع درمیان دونون کے

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین نون ہے

قاف با الف

قازغان ف برتن لوہی کا یعنے کڑاہی۔
قاآن ت خطاب پادشاہ و امیر یعنے خان
قاطن ع مقیم و ساکن اور ٹہیرا ہوا۔
قاطنین ع مقیمان و ساکنان و ٹہہرے ہوئے
قارون ع ایک دولتمند کا نام ہے جو موسی علیہ السلام کا دشمن اور اوسکا رشتہ دار تہا آخر موسی کی بددعا سے معہ اپنی خزانوں اور مکانوں کے زمین مین دہس گیا
قاب قوسین ع مقدار دو کمان کی یعنے وہ فاصلہ جو کمان کے کہینچنے کے وقت دو گوشون کے درمیان ہوتا ہے
قال کردن ف گفتگو کرنا سرود گانا بات چیت کرنا
قانون ی قاعدہ و دستور و نام کتاب مصنفہ حکیم بو علی سینا علم طب مین و نام ساز جو مشہور ہے۔
قارن ف نام پہلوان جو ہم عہد رستم پہلوان کا تہا
قاین عبر درزن ع زن شوہر یعنے مرد کا سالہ یا دیور عورت کا
قاقلین ع الاچی ہر دو قسم کی یعنے الاچی خورد و کلان
قالب تہی کردن ف بیہوش ہونا غش کہا کر گرنا
قان ت خون یعنے لوہو۔
قافیہ تنگ شدن ف عاجز ہونا لاجواب ہونا

قاطعین ع اجارہ دار لوگ جسکو ٹہیکہ دار کہتے ہیں
قانتین ع فرمان بردار لوگ تابعدار آدمی۔
قالین ف مشہور فرش ہے

قاف با با

قبرستان ف قبروں کی جگہہ جس جگہہ مردون کو دفن کرتے ہیں

قاف با حا

قحطان ع سام بن نوح کے پوتے کا نام ہے

قاف با دال

قدردان ف لقب پادشاہ چین ہے
قدکشیدن ف ظاہر کرنا قایم کرنا
قدغن ف تاکید کرنا
قدردان ف مشہور لفظ ہے جو القاب و آداب مین تحریر ہوتا ہے
قدسیان ع فرشتے و ملک۔

قاف با را

قرن ع شاخ حیوان و زلف و مدت چند سال بعض کے نزدیک تیس برس اور بعض کے نزدیک ستر یا اسی برس کی میعاد کا نام ہے
قرن ع نام قوم جو ولایت یمن مین رہتی ہے
قرین ع مصاحب و ہم نشین و رشتہ دار۔
قراطغان ت نام پادشاہ عراق
قرمین ع دو گوشوارہ و کنایہ امام حسن و امام حسین علیہما السلام جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے دہوتے تہے
قرص ممین ف گہڑیال جسکی شکل مدور ہے۔
قرون ع جمع قرن یعنے بہت سے قرن

قرین ع نزدیک پاس پاس۔

قرائن ع جمع قرینہ کی۔

قربان ع جو چیز راہ خدا مین تصدق کرین اور فارسی مین کل کمان

قربان ع نزدیک ہونا و پاس پاس ہونا

قران ع نزدیک ہونا و اتصال دو ستارون کا سوا سورج کے ایک برج مین

قرآن ع کلام اللہ جسکو قران المجید و فرقان الحمید کہتے ہین

قاف با زاے

قزل ارسلان ت شیر سرخ و نام ایک بادشاہ کا

قزغان ت بڑا پتیلا جو قسم دیگچہ سے ہوتا ہے

قزوین ف نام ایک شہر کا ایران مین۔

قاف با سین

قسطنطین نام بادشاہ جو نصارا تھا۔

قاف با ضاد

قضبان و قضبان ع شاخہاے درخت جمع قضیب

قاف با طا

قطران ع نام شاعر و نام روغن ہیو غلیظ جو دیودار درخت سے نکلتا ہے ہندی مین اوسکو گندہ بروزہ کہتے ہین

قطرہ زدن ف دوناسی کر تیز چلنا بہاگنا۔

قطرہ زن ف دونیوالا تیز چلنے والا بہاگنے والا

قطن و قطن ع روئی اور روئی کا بیت

قطرن ت لکہنے والا قلم بنانے والا جو چیز قلم کو دیتے ہین

قاف با لام

قلبہ ران ف زمیندار جو زمین مین ہل چلائے

قلقان ع سپر ڈہال جو سپاہی باندہتے ہین

قلیان ف حقہ تماکو پینے کا عربی مین اسکے معنی جوش مارنا

قلمزن ف کاتب و مصور جو قلم سے لکہے

قلم در کشیدن ف محو کرنا کسی لکہی ہوئی عبارت کا

قاف با میم

قمین ت سزاوار و لائق و صاحب لیاقت

قمرین ع سورج چاند۔

قاف با نون

قنوان ع خوشہ ہائی خرما یعنے کہجور کے خوشے

قن ت کارد و شمشیر جو مشہور ہتہیار ہے

قاف با واو

قوانین ع جمع قانون کے لفظ کی یعنے بہت سے قانون

قاف با ہا

قہستان نام ایک ملک کا جسجگہ قوم ملحدہ کی سلطنت تہی

قاف با یاء

قیروان ع منتہاے ملک مغرب مین ایک شہر ہے

قیطون ع دہنیچہ ریشم سے شکر پردن لگاتے ہین بعض کلابتون سے۔

قین ع عربی مین آہنگر ترکی مین ان ہنکو خنجر نام کارد و شمشیر

قیامت کردن ع عجیب کام کرنا جو قیاس سے باہر ہو

بائیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف کاف اور آخیر مین نون ہے

کاف با الف

کابین ع حق مہر و زر نکاح جو منکوحہ کا حق نا کح کے ذمہ فرض ہوتا ہے اور بغیر اوسکے نکاح جائز نہین ہوتا

کانون ع آتشدان کورۂ آہنگران۔

کاسہ لیسان ف حریصان جو لوگونکا فضلہ کہایا چاہتے ہین

کالیدن ف پریشان ہونا و نیز خراب ہونا

کارکن ف کام کرنے والا آدمی کام کا بند

کاشتن و کاریدن ف بیج بونا زراعت کا زمین مین

کافتن ف کہودنا زمین کا۔

کامران ف مقصودمند صاحب نصیب و دولتمند آدمی

کاہیدن ف گہٹنا دن بدن کم ہوتے جانا۔

کاویان منسوب کاوہ سے جو ایک آہنگر تھا اور درفش کاویانی مشہور ہے جو اہل فارس کا جہنڈا تہا۔

کاروان ف قافلہ تجار یا مسافرون کا۔

کافتن ف بمعنی شگافتن یعنے چیرنا پہاڑ کا کہودنا

کاویدن ف کہودنا زمین کو۔

کاستن ف گہٹنا دن بدن کم ہوتی جانا۔

کاہکشان و کہکشان ف جو آسمان پر سفید سفید چہوٹے ستارے رستے کی شکل پر نظر آتے ہین

کائن ع موجود ہونے والا پیدا ہونے والا۔

کاہن ع جادوگر و فال بین قوم نصارا۔

کامن ع پوشیدہ ہونیوالا چہپنے والا۔

کاشتان نام ایک شہر کا ہے۔

کاسہ نگون ف مفلس و محتاج و نادار و کم مایہ آدمی۔

کان ف کہان آہن و سنگ وغیرہ کی۔

گان ف لائق و سزاوار و تعیین عدد چنانچہ باشندگان دوگان و سہ گان و بندگان۔

گاو گردون ف برج ثور جو بیل کی شکل پر ہے۔

گازرون ف نام ایک شہر کا فارس مین۔

گائیدن ف جماع کرنا صحبت کرنا عورت سے۔

کاف با با

کبرسن ف کلان سالی و پیری و ضعیفی۔

کاف با تا

کتمان ع چہپانا راز کا اور گواہی کا چہپانا۔

کتان و کتّان ع السی جسکا تیل نکالتے ہین اور نام پارچہ جو کتان کے پوست سے بناتے ہین

کتایون ف نام دختر قیصر روم جو گشتاسپ کے نکاح مین تہی اور اسفندیار اوس سے پیدا ہوا۔

کاف با ثا

کثبان ع خاک تودہ بلند اور اونچی زمین

کاف با دال

گداختن ف پگہلانا کسی دہات کو۔

کاف با ذال

گذران ف گذرتی ہوئی۔

گذربان ف محافظ راہ کا

گذاردان ف ادا کرنا پیش کرنا۔

گذاشتن و گزاشتن ف چھوڑنا۔

کاف با راے

گراں ع نام سار جسکو ریط کہتے ہین۔

کران ف کنارہ و انتہائی ہر چیز و خاتمہ ہر چیز۔

کرمان ف نام ایک شہر کا جو مشہور ہے۔

کرکن ع غلہ سبز نیم پختہ جو ابہی کاٹنے کی لائق نہو۔

کروشان ف ایران مین ایک ملک ہے۔

کرکدن ف گینڈا مشہور جانور ہے۔

کردن ف کرنا کسی کام کا۔

کراچیدن ف فریاد کرنا مرغ خانگی کا۔

کرمن و ارمن ت مشرق و مغرب۔

گران ف ثقیل سنگین زن دارہ صاحب حمیت و ناگوار و مکروہ

گرگان ف نام شہر جسکو جرجان بہی کہتے ہین۔

گردنان ف پہلوانان و جوانمردان۔

گردیدن و گرائیدن ف رغبت کرنا توجہ کرنا۔

گریستن ف رونا چلانا زاری کرنا۔

گریبان ف مشہور لفظ ہے یعنی گلا انسان کا۔

گرائشتن ف رغبت کرنا متوجہ ہونا مائل ہونا۔

گرگین ف نام پہلوان جو ایران مین رہتا تہا۔

گرائیدن ف خواہش کرنا مائل ہونا۔

گریان ف روتا ہوا عجز و زاری کرتا ہوا۔

گردن ف مشہور لفظ ہے یعنی گلا انسان کا۔

گرلین ف صاحب مرض خارش یعنی جسکو کہجلی کی بیماری ہو

گرم خون ف بہت دوست بہت پیارا بہت عزیز۔

گرم جوشیدن ف محبت کرنا پیار کرنا عزیز جاننا

گردون ف آسمان یا یعنی گاڑی بہلی و بگی اور تخت توپ کا وغیرہ

گردان ف پہرنے والا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ مین

گرزمان ف فلک الافلاک و عرش معلی جو تمام افلاک پر محیط ہے

گرازیدن ف ناز سے چلنا نرم نرم رفتار سے چلنا۔

گرازان ف خرامان خراماں یعنی ناز سے چلتا ہوا آدمی

گردمان ف نام موضع متصل شہروان جو ایک بڑا مشہور ہے

گرد برآوردن ف پامال کرنا ہلاک یا ردینا خراب کرنا

گرگون ف فریبی و مکار و دغا دینے والا آدمی۔

گرد برآمدن ف جستجو کرنا تلاش کرنا ڈہونڈہنا کسی کو

گردن نہادن ف متفکر ہونا فکر و اندیشہ مین پڑنا

گربہ مشکین ف قسم گربہ جسکو زباد کہتے ہین اور ہندی مین
مشک بلائی جسکے بال اور چمڑا خوشبودار ہوتا ہے اور
عطر سے کو کپڑون مین رکھ چھوڑ دیتے ہین کہ خوشبودار رہے

گردگان ف جوز جو قسم میوہ سے ہے جسکا مغز کہاتے ہین
ہندی مین اکہروٹ کہتے ہین شکل اوسکی گول ہوتی ہے
سعدی کہتے ہین تربیت نااہل را چون گردگان بر گنبد است

گریختن ف بہاگنا کسی میدان یا مقابلے سے۔

گرگن ف غلہ سبز بریان کیا ہوا یعنی بہونا ہوا سبز غلہ

گرفتن ف پکڑنا قبول کرنا فرض کر لینا۔

کاف با زاے

گزفر زبان ف وہ شخص جسکی زبان درست نہو اور اچھی طرح بول نہ سکے
گزگردن ف ناپنا کسی کپڑے وغیرہ کو۔
گزیدن ف کاٹنا نیش مارنا گزدم سانپ وغیرہ کا۔
گزیدن ف اختیار کرنا کسی امر کا اپنا دیدہ۔
گزین ف پسندیدہ اور اختیار کیا ہوا۔
گزاردن ف ادا کرنا چھوڑنا کسی چیز کا۔

کاف با سین

گسستن ف توڑنا پیوند وغیرہ کا۔
گساردن ف چھوڑنا کھانا۔
گستراندن گستردن ف بچھونا بچھانا کسی فرش کا
گسیختن ف توڑنا پھوڑنا خراب کرنا کسی پیوند کا کاٹنا
کسلان ف کاہل وسست و کم ہمت و کم قوت۔

کاف با شین

گشخان ف مرد بے غیرت و ذلیل و بے حمیت۔
کشیشان ف پادری و نصاریٰ کی قوم کی عابد و زاہد
کشیدن ف کھینچنا کسی چیز کا کسی جگہ سے۔
کشتی زدن ف کھینچکر حریف کو زمین پر گرانا۔
گشودن و گشادن ف کھولنا دروازہ وغیرہ کا۔
کشتن ف بونا زراعت کا۔
کشتیبان ف ملاح کشتی چلانے والا۔
کشتن ف مارڈالنا قتل کرنا جان سے مارنا۔
گشتن ف ہونا پھرنا دورہ کرنا۔
گشن ف بسیاری و انبوہی و گنجانی درختوں وغیرہ کی

گشن ف فحل نرو مادہ کا مستی مین آنا و حاملہ ہونا مادہ کا اور بارور ہونا درخت خرما کا۔

کاف با عین

کعبتین ف پانسے قمار کھیلنے کے جو قمار باز رکھتے ہین

کاف با فا

کفتین ف ہر دو پلہ ترازو کے یعنی ٹکڑی کے چھابے
گفتن ف کہنا بات کرنا بولنا۔
کفیدن ف پھٹنا دو ٹکڑے ہونا۔
کفران ع ناشکری و بیوفائی اپنے آقا کے ساتھ
کفن ع میت کے پہنانے کا کپڑا جو اوسکو پہنا کر دفناتے ہین

کاف با لام

کلبتان کلبتین ع آلہ آہنی جس سے لوہار لوہے کا کام کرتے وقت گرم لوہا پکڑتے ہین اور گلگیر شمع کا جس سے اوسکا گل کترتے ہین
کلیتین ع دو گردے جو ایک اعضو اندرونی ہین
کلیدان ف زنجیر آہنی و قفل جو دروازہ کو لگایا جاتا ہے
کلاشکن ف قسم شیرینی جو نہایت لذیذ ہوتی ہے۔
گلخن ف عدہ ہونے کی بھٹی و آتشخانہ جو نہ جلانے کا
گلہ بان ف گذریا مویشی چرانیوالا شخص جو تمام گاؤں کا مال چرائے اور گاؤں کا مال اوسکے حوالہ ہو۔
گلبن ف پھول کا بوٹا جسکے ساتھ پھول لگتے ہین
گل کردن ف ظاہر کرنا روشن کرنا چراغ کو بجھانا
گل شدن ف ظاہر ہونا شگفتہ ہونا ہنسنا خوش ہونا
گلگون ف نام اسپ شیرین کا ظاہر سبب سرخ رنگ۔

گلفشان ف قسم آتشبازی یعنے پہول جہڑی
گلشن ف باغ جسمین بہت سی گلزار ہو
گلستان ف باغ اور گلزار کا مقام
کلان ف بڑا اور بڑی عمر کا اور بڑے رتبہ اور قدر کا
گل زمین ف جو زمین سرسبز و سیراب شاداب ہو
گل چیدن ف تماشا کرنا سیر کرنا دیکہنا باغ کو

کاف بامیم

کمین ف چہپنا کسی مقام مین بارادہ قتل دشمن کے گہات لگانا
کمزن ف کم ہمت و کم حوصلہ آدمی
کمان ف مشہور لفظ ہے جس سے تیر چلاتے ہین
کموّن ف زیرہ جو مشہور چیز اور مشہور مصالح ہے
کم باختن ف بے طاقت ہونا کمزور ہونا
کم کشادن ف ترک کرنا کسی ارادہ سے باز آنا
کمترین ف بہت ناکارہ بہت غریب آدمی
کم انگشتن ف مقرر کرنا چہوڑنا کسی کام پر تعینات کرنا اپنی جگہ پر
گمان ف وہم و شک و شبہ جو کسیکے دل مین ہو

کاف بانون

گندناگون ف سبز رنگ مائل بسیاہی یعنے سانولا رنگ
گندیدن ف بدبو دینا بدبو پہیلانا بدبو ہونا
کندن و کندیدن ف اوکہاڑنا کہودنا زمین وغیرہ کا
گنج شایگان ف خزانہ فرنج ولائق و سزاوار و سلطنہ جو نفیس تہا
گنج سوخته ف خزانہ قارون جو ہمیشہ نیچے کو جاتا ہے تا قیامت علی
گنج قارون ف مشہور خزانہ ہے جو موسی نبی علیہ السلام

کی بددعا سے زمین مین غرق ہو گیا تہا
گندلان ف خیمہ شاہی جس مین بادشاہ مقیم ہو
کنان ف پوشش و لباس جو انسان پہنتے ہین
کنان ف کہنہ یعنے پرانا مال وغیرہ
کنج ت پردہ و پوشش و لباس و پوشاک
کن ع شو یعنے ہو صیغہ امر ہے عربی مین
کن ف کر صیغہ امر ہے فارسی مین
کن مکن امر و نہی کر مکر
کنعان ع نام پسر نوح جو کافر ہو گیا تہا و نام شہر حضرت یعقوب و نام کرد کنعان
گنجیدن ف سمانا گنجائش کرنا کسی مقام مین
کن فکان ع عالم موجودات و عالم پیدائش کو
کن فیکون ع عالم کائنات و عالم موجودات زمانہ
کنون ف اب اسی وقت اسی دم ابہی

کاف باواو

گورگان ت لائق عیش و عشرت و لقب تیمور بادشاہ
گورخان ت لقب ایک بادشاہ کا جو ختا و ختن مین ہوا
گوش کردن ف سننا کسی تقریر و بات کا
گوش مالیدن ف تنبیہ دینا خفیف سزا دینا کسی کو
گوزن ف گاو دشتی بارہ سنگا جسکو کہتے ہین
گوی بردن ف غالب ہونا غالب رہنا کسی کام مین
گوہر خاتون ف نام دختر سلطان سنجر بادشاہ سلجوقی
گوان ف پہلوانان یعنے بہت سے بہادر پہلوان لوگ
گودبان ف کوہان شتر یعنے اونٹ کا کوہان

گورکن ف قبر کھودنے والا اور نام ایک تنھے جانور کا جسکو
بجو کہتے ہین وہ مردون کو کھاتا ہے
گوالیدن ف سرسبز ہونا پہولنا درخت کا تازہ ہونا
گوک شدن ف موافق ہونا سزاوار ہونا
گوبیدن ف کوٹنا کسی چیز کو
گوشیدن ف کوشش کرنا
گوفتن ف کوٹنا کسی چیز کو
گونین ع دو جہان
کوہستان ف پہاڑ کا ملک
گواریدن ف ہضم ہونا طعام کا
گورستان ف قبرون کا مقام
گون ف رنگ لون طریق
گوناگون ف رنگ برنگ طرح بطرح قسم بقسم
گوک کردن ف موافق کرنا آواز اور ساز کا دو سہ تار کی ساتھ ملانا
کوکن نام ایک ملک کا دکن ہے اور فارسی مین بمعنی چغد
و طائر منحوس مشہور ہے ہندی مین اوسکو الو کہتے ہین
کون ع موجود ہونا پیدا ہونا ظاہر ہونا مجازاً عالم دنیا
کون ف مقعد جسکے بل آدمی بیٹھتا ہے
کوہ کن ف لقب فرہاد کا جو عاشق شیرین کا تہا
کون خاریدن ف پشیمان ہونا شرمسار ہونا کسی بات سے
کوسدین ف بروزن پوستین جامہ پشمین گودڑی فقیرانہ لباس
کورکان ف جو ماور باپ کی طرف سے شہزادہ ہو یعنے صحیح الطرفین ہو
کوستن ف بمعنے کوفتن کوٹنا

کودن ع بار برداری کا گھوڑا و جو آدمی کچھ عقل کمتر ہو
کوہان ف اونٹ کا کوہان جو پشت پر ہوتا ہے

کاف با ہا

کہین ف بہت چھوٹا نادار مفلس غریب
کہکشان ف اسکی تعریف کاہکشان کے معنی مین تحریر ہو چکی ہے
کہن ف پرانا ضعیف بہت مدت کا

کاف بایے

کیوان ف ستارہ زحل جو ساتوین آسمان پر ہے
کیان ف بادشاہان عظیم الشان چنانچہ کیقباد کیخسرو کیومرث وغیرہ
کیبن ف گوشت اندرون فرج زن
کین ف اختصار کینہ کے لفظ کا بمعنی غضب غصہ کینہ
کیہان ف جہان و روزگار و زمانہ و عالم دنیا
گین ف پرو مملو مخفف آگین کے لفظ کا
گیلان ع نام ملک جیلان بہی اسکو کہتے ہین

تئیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین نون ہے

لام با الف

لالایان ف غلامان و خدمتگاران و نوکران بادشاہ
لائیدن ف سخن کہنا لاف مارنا برائی کرنا
لاشکن ف ایک پہاڑ کا نام ہے
لاکین ف ایک پہاڑ کا نام ہے

لان ف ایک پہاڑ کا نام ہے

لاچین ت شاہین جو شکاری جانور مشہور ہے

لادن ف قسم خوشبو یعنی عنبر جسکو مسلی کہتے ہین

لامان ف فریب و دروغ و منافق جو زمین مین ہو

لابن ع دودہ والا شیر فروش جو دودہ بیچے

لافیدن ف فضول بکنا لاف مارنا

لامکان ع وہ شخص جسکا کوئی مکان نہو و مقام فنا فی اللہ

لام با با

لبن ع شیر یعنے دودہ گائے بکری بہینس وغیرہ کا

لبن ع خشت ہا خام جمع لبنہ و ہیشین جع اپنی پکی ای گی گئی

لبان ع ایک گوند کا قسم ہے جسکو کندر کہتے ہین

لبون ع شیر دار جانور جو دودہ دیتا ہو

لب بستن ف خاموش ہونا چپ رہنا

لب گزیدن ف غضبناک شرمندہ ہونا افسوس کرنا

لبانہ ف روٹی کا ٹکڑا ایک حصہ روٹی کا

لبنان شام مین ایک پہاڑ ہے

لام با تا

لت انبان ف پرخوار بہت کہانیوالا آدمی بے شکم بندہ

لجین ع بر وزن حسین سیم خالص یعنے چاندی جی آمیزش سے خالی

لچر ف قحبہ لولی و برہنہ و عریان و بے لباس بے شرم و بے حیا

لام با حا

لحیان ع رمل کی ایک شکل کا نام ہے ریش دار

لحن ع آواز خوش اور مطبوع و دلپسند آواز

لام با خا

لخشیدن ف لغزیدن یعنے پہسلنا پانو کا کسی مقام سے

لخشان ع ایسی صاف چیز جسپر پانو پہسل جائے

لام با را

لرزیدن ف کانپنا لرزہ کہانا ہلنا جنبش کرنا

لام با سین

لسان ع زبان جسکو ہندی مین جیبہ کہتے ہین

لسّان ع زبان آور آدمی تیز زبان

لسن ع زبان آور فصیح الکلام و تیز زبان آدمی

لُسن ع جمع لسن یعنی زبان آور ان بہت سے زبان آور

لُسن ع جمع السن یعنی نہایت زبان آور لوگ

لسن ع فصاحت و زبان آوری

لام با عین

لعن ع لعنت کرنا پہٹکارا ہوا

لعین ع لعنتی پہٹکارا ہوا

لام با غین

لغزان ف پہسلتا ہوا شخص

لغزیدن ف پہسلنا پانو کا کسی مقام سے

لام با فا

لفچن ف وہ شخص جسکے ہونٹہ سطبر ہون

لام با قاف

لقمان ع ایک حکیم کا نام ہے جو داود نبی کا شاگرد تہا

لام با کاف

لگن ع ہاتہ دہونے کا طشت جسکو چلفچی کہتے ہین

لام با میم

لمعان ع چمکنا و چمکارا و روشنی ہر ایک قسم کی

لام با نون

لنگر انداختن ف قرار پکڑنا ٹہرنا
لنگیدن ف لنگ کرنا ایک پانو سے چلنا

لام با واو

لوکان ع جو شخص انو یا ہاتہ سے چلتا ہو
لوریان ف نام قوم صحرانشین جو رہزن ہوتے ہین
لون ع رنگ

لام با یا

لین ع نرمی طبیعت ضد خشونت
لیسیدن ف چاٹنا
لیکن ف مگر پر
لیمون ف نیمبو

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف میم اور آخر مین نون ہے

میم با الف

ماعون ع زکوۃ مال اور وہ چیز جسے طلب کیا جاتا ہے مثل اسباب خانہ برتن و ظروف وغیرہ
مائن ع دروغ گو کاذب جہوٹا لغوی
مامون ع امن دیا گیا و نام خلیفہ عباسی
مامن ع جاے امن و امان جس جگہہ کوئی خوف نہو
ماسن ع سرمینی
مافارقین ع نام ایک ولایت کا ہے
ماء معین ع آب روان اور جاری پانی
ماء الجبن ع دودہ کا پانی جو دودہ سے نکالا گیا ہو
مابین ع درمیان دو حصون کے یعنے بیچ مین
ماذون ع اذن دیا گیا حکم دیا گیا اجازت دی گئی
مادیان ف مادہ استری یہہ مفرد لفظ ہے
مانستن ف مشابہ ہونا مانند ہونا ہمشکل ہونا
مالیدن ف ملنا مالش کرنا
ماندن ف باز رہنا مقام کرنا سکونت کرنا
مابون ع جو شخص علت ابنہ مین گرفتار ہو
مازندران ف ایک ملک کا نام ہے یعنے طبرستان توابع ایران سے مشہور
ماچین ف نام ملک شرقی ہندوستان
ماکیان ف لفظ مفرد مادہ خروس یعنے مرغی
ماچیدن ف بوسہ لینا چومنا کسی کو
مادیان ف لفظ مفرد مادہ اسپ یعنے گہوڑی
مان ف خانہ و اسباب و بمعنی باش یعنے ٹہر جا و بمعنی شبیہ نظیر و مانند و ہمشکل و ہم تشبیہ
ماتین ع دو صد یعنے دو سو اعداد مین
مائین بہت سینکڑے یعنے صدہا
ماہ کنعان ف کنایہ یوسف علیہ السلام

ماميران ف نام دوائی جو آنکھون کو مفید ہے
ماہتاب بگبر میمون ف مشکل کام کرنا مشکل آسان کرنا
مادون ع سوا وفروتر و بغیر

میم با باء

مُبَیِّن ع ظاہر کرنیوالا روشن کرنے والا پیدا کرنے والا
مُبَیِّن ع بیان کرنے والا تشریح کرنے والا
مُبَیَّن ع بیان کیا گیا تشریح کیا گیا ظاہر کیا گیا
مُبَرہَن ع روشن بدلایل ثابت کیا گیا مضبوط و مستحکم بیان

میم با تاء

مُتَدَیِّن ع دیندار یعنے وہ شخص جو پابند احکام شریعت کا ہو
متاخرین ع اخیر کے لوگ پچھلے زمانہ کے لوگ
متخاصمین ع دو آپسمین جھگڑنے والے
متضمن ع ضمن مین لینے والا شامل
متعندان ف جمع معند دشمن لوگ
متعین ع مقرر کیا گیا معین کیا گیا
متوطن ع رہنے والا سکونت کرنے والا
متہاون ع سستی کرنیوالا توقف و دیر کرنے والا
متن ع پشت وہموار و جای شہد اور عبارت اندرونی کتابکی
متین ع استوار و محکم مضبوط اور سخت چیز
متہاوِن ع سست و خوار و حقیر و بے عزت
متحصّن ع قلعہ مین بیٹھنے والا اور محصور
متالہین ع عبادت کرنے والے عابد زاہد
متقن ع استوار و محکم

متبائن ع جدا ہونیوالا الگ ہونے والا
متکوّن ع موجود ہونے والا پیدا ہونے والا
متلوّن ع رنگ برنگ ہونے والا قسم قسم ہونے والا
متمکّن ع مکان پکڑنے والا ٹھہرنے والا سکونت پکڑنیوالا
متکلّمین ع بولنے والے کلام کرنے والے لوگ تقریر کرنیوالے لوگ
یہہ لفظ جمع متکلم کی ہے جسکے معنی کلام کرنیوالے کے ہین

میم با ثاء

مُثَمَّن ع ہشت پہلو یعنے وہ چیز جسکے آٹھ پہلو ہون

میم با جیم

مجّان ع مفت و ہرزہ و رایگان و بیکار
مجون ع بیباکی و شوخی و بیخوفی و عیاری
مِجَن ع سپر یعنے ڈھال جو سپاہی باندھتے ہین
مجنون ع دیوانہ و بیہوش خبطی صاحب جنون
مجانین ع دیوانگان بہت سے دیوانے لوگ
مجمع البحرین ع وہ مقام جہان دو دریا ملین

میم با حاء

محن ع جمع محنت یعنے بہت سی محنتین و تکلیفین
محزون ع غمناک و اندوہگین و صاحب فکر و اندیشہ
محجن ع چوگان جسکو کھونڈی کہتے ہین
محضرون ع حاضر ہونے والے لوگ
مخنثین ع مرد مانند زن مخنث مرد کی جمع ہے
محی الدین زندہ کرنے والا دین کا لقب حضرت
سید عبد القادر جیلانی قدس سرہ